لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار

MEMBER APNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت | ABC CERTIFIED

Daily SEHAR لاہور

مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ

روزنامہ سحر

چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

جلد: 19 | منگل 20 اکتوبر 2026ء 1448ھ 8 جمادی الاول 6 کاتک صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ نمبر: 266

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com

238. سب نمازوں کی محافظت کیا کرو اور بالخصوص درمیانی نماز کی، اور اللہ کے حضور سراپا ادب و نیاز بن کر قیام کیا کرو 239 o پھر اگر تم حالتِ خوف میں ہو تو پیادہ یا سوار (جیسے بھی ہو نماز پڑھ لیا کرو)، پھر جب تم حالتِ امن میں آجاؤ تو انہی طریقوں پر اللہ کی یاد کرو جو اس نے تمہیں سکھائے ہیں جنہیں تم (پہلے) نہیں جانتے تھے o

حکومت نوجوانوں کو بااختیار بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے مستفید کرنے کیلئے پرعزم ہے

وزیراعظم

وفاقی وزارتِ تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت، مفت پریمیم سبسکرپشنز کا اعلان، تعلیمی اداروں میں طلبہ کو خوراک، رہائش، مفت یونیفارم اور جدید تعلیمی سہولتیں فراہم کی جارہی ہیں شہباز شریف

پاکستان میں تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال اور جدید تعلیمی سہولتوں کے فروغ کے لیے وفاقی وزارتِ تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیراعظم شہباز شریف نے خصوصی شرکت کی

اسلام آباد: نائب وزیراعظم و وفاقی وزیر اسحاق ڈار اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزارت تعلیم اور گوتھ اے آئی کیدرمیان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

اسحاق ڈار کی زیرصدارت اجلاس، اشیائے خورونوش کی اضافی پیداوار کی برآمد میں حائل رکاوٹیں دور کرنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

ہارون اختر سے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے کے وفد کی ملاقات

توانائی، مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال

صنعتی ترقی کے بغیر پائیدار معاشی پیش رفت اور روزگار کے مواقع پیدا کرنا ممکن نہیں، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان سے اقوام متحدہ کے صنعتی ترقی کے ادارے (یونیڈو) کے وفد نے ملاقات کی جس میں صنعتی ترقی، بین الاقوامی تعاون، موسمیاتی تبدیلی، توانائی، مسابقت اور پیداواری صلاحیت میں اضافہ سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارتِ صنعت و پیداوار کے مطابق ملاقات کے دوران ہارون اختر خان نے وزیراعظم محمد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

آئندہ سال بجلی چوری والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمرز لوڈشیڈنگ ہوگی: اویس لغاری

ساڑھے 5 ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ توسیع منصوبہ جاری ہے، اگلے سال کے آخر تک انٹرنیشنل ایئرپورٹ آپریشنل ہوگا، رن ویز لمبے کئے جارہے ہیں

ڈی جی خان (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری نے کہا ہے کہ اگلے سال جون سے بجلی چوری کرنے والے فیڈرز کے بجائے ٹرانسفارمر پر لوڈ شیڈنگ ہوا کرے گی۔ ڈیرہ غازی خان میں فاروق احمد خان لغاری انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی توسیع کے منصوبے کا جائزہ لینے کے بعد میڈیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

پاک فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں، ہمارے فوجی بڑی دلیری کیساتھ لڑ رہے ہیں، نواز شریف

جو بھی دہشت گردی کر رہے ہیں، انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے، سابق وزیراعظم کی میڈیا سے گفتگو

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ فوج کی قربانیوں پر کوئی شک نہیں، ہمارے فوجی بڑی دلیری کے ساتھ لڑ رہے ہیں۔ ایون (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیرخزانہ کی زیرصدارت گیس شعبے میں اصلاحات بارے اجلاس

تنظیم نو، ڈی ریگولیشن کے مجوزہ لائحہ عمل کا جائزہ لیا گیا

سینیٹر محمد اورنگزیب کا گیس شعبے میں اصلاحات پر مرحلہ وار، مشاورت کے ذریعے عملدرآمد کرنے کے حکومتی عزم کا اعادہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے گیس کے شعبے میں اصلاحات پر مرحلہ وار اور مشاورت کے ذریعے عملدرآمد کرنے کے حکومتی عزم کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

پاک امریکا تعلقات پر سیمینار، مشترکہ مفادات کی بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور

امریکا میں ہونے والے اس سیمینار میں سابق سفارت کاروں، ماہرینِ تعلیم اور دفاعی امور کے ماہرین کی شرکت کی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا کے ٹرومین سینٹر میں ''سلامتی سے خوشحالی تک: پاک امریکا تعلقات کا نیا دور'' کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد ہوا جس میں ماضی کے بجائے مشترکہ مفادات کی بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور دیا گیا۔ امریکا میں ہونے والے اس سیمینار میں سابق سفارت کاروں، ماہرینِ تعلیم اور دفاعی امور کے ماہرین کی شرکت کی، پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق مستقل مندوب منیر اکرم بھی موجود تھے۔ سیمینار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے لائیوسٹاک سیکٹر کا وفد ملاقات کرتے ہوئے

مشرق وسطی تنازع پر مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے جب کہ مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا، جنرل احمد شریف چوہدری

مشترکہ دفاعی معاہدہ تین ممالک کی سوچ کا مجموعہ ہے

ترجمان پاک فوج

سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کیلئے اولین ترجیح ہے، پاکستان کا مؤقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہیکہ مشرق وسطی تنازع پر مذاکرات کے ذریعے کسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے جب کہ مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکہ الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا۔ عرب ٹی وی کو دیے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ بہت کم وقت میں آگے بڑھا ہے، یہ معاہدہ تین مالک کی سوچ کا مجموعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

ڈی جی خان: وفاقی وزیر برائے توانائی اویس لغاری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

عدالت میں دورانِ سماعت وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائیکورٹ میں کیسز کی سماعت کے دوران وکیل کو سیلفیاں بنانا مہنگا پڑ گیا۔ کمرہ عدالت میں کیسز کی سماعت کے دوران جسٹس خادم حسین سومرو نے وکیل کو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

پاکستان کا مستقبل پائیدار ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور ذمہ دارانہ سرمایہ کاری سے وابستہ ہے، رانا تنویر حسین

رانا تنویر حسین کا اسٹارچارج اور میکڈونلڈز پاکستان کے درمیان الیکٹرک گاڑیوں کے فروغ اور ماحول دوست انفراسٹرکچر کیلئے شراکت داری کا خیر مقدم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے الیکٹرک گاڑیوں کی چارجنگ اور اسمارٹ انرجی سلوشنز فراہم کرنے والی عالمی کمپنی اسٹارچارج اور میکڈونلڈز پاکستان کے درمیان تعاون کے معاہدے کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے ملک میں الیکٹرک (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد: جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف اٹھاتے ہوئے

اسلام آباد ہائیکورٹ، ضبط شدہ سونے کی اینٹیں واپس نہ کرنے پر کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد ہائی کورٹ نے ضبط شدہ سونے کی اینٹیں واپس نہ کرنے پر کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری کردیا۔ ضبط شدہ سونے کی اینٹوں کی واپسی سے متعلق کیس کی سماعت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدے پر مذاکرات کا تیسرا دور اسلام آباد میں شروع

ایس آئی ایف سی میں تین روزہ مذاکرات، قابلِ تجدید توانائی، معدنیات، زراعت اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی میں کینیڈین سرمایہ کاروں کی دلچسپی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان اور کینیڈا کے درمیان دوطرفہ سرمایہ کاری معاہدے پر مذاکرات کا تیسرا دور آج اسلام آباد میں شروع ہوگیا۔ مذاکرات کا یہ تین روزہ دور 19 سے 21 (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

جسٹس حسن اظہر رضوی نے بطور قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت حلف اٹھالیا

جسٹس عامر فاروق نے جسٹس حسن اظہر رضوی سے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف لیا، ججز، عملہ شریک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ حلف برداری کی تقریب وفاقی آئینی عدالت میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

بنگلہ دیشی ثقافتی وفد کے اعزاز میں پاکستانی فنکاروں کا خصوصی ثقافتی فن کا مظاہرہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کے دورے پر آئے بنگلہ دیشی ثقافتی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

بریسٹ کینسر کی بروقت تشخیص سے علاج کے بہتر نتائج ممکن ہیں

مریم نواز

لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا نواز شریف کینسر ہسپتال تعمیر کیا جارہا ہے، جہاں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہر قسم کے کینسر کے علاج کو یقینی بنایا جائے گا

لاہور (سٹاف رپورٹر) مریم نواز شریف نے کہا کہ بریسٹ کینسر قاتل علاج مرض ہے اور بروقت تشخیص سے علاج کے بہتر نتائج حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بریسٹ کینسر سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بریسٹ کینسر سے متعلق شعور اجاگر کرنے اور بروقت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

معاشی استحکام برقرار رکھتے ہوئے پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈیوں میں مسابقت بڑھانا ضروری ہے، احسن اقبال

معاشی استحکام برقرار رکھتے ہوئے پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈیوں میں مسابقت بڑھانا ضروری ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے ملکی برآمدات 100 ارب ڈالر تک پہنچانے کے لیے مشن 100 ارب ڈالر کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

صدر و وزیراعظم چھاتی کے سرطان سے آگاہی کا ذکر خواتین بروقت طبی مشورہ لیں

خاندانوں اور معاشرے کو ایسا ماحول فراہم کرنا چاہیے جہاں خواتین صحت سے متعلق خدشات بلا جھجک بیان کرسکیں اور خوف یا ہچکچاہٹ کے بغیر طبی سہولیات حاصل کریں: آصف علی زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدرِ مملکت آصف علی زرداری، خاتونِ اول آصفہ زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے عالمی دن پر خواتین سے اپیل کی ہے کہ کسی بھی تشویش کی صورت میں بلا تاخیر رہنمائی حاصل کریں۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے اپنے پیغام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

پاکستان میں غیرملکی سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے پیشرفت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے تعاون سے پاکستان میں غیرملکی سرمایہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے نئے سعودی سفیر ڈاکٹر راجح طامی العمی ملاقات کرتے ہوئے

اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم کے سربراہان حکومت کی کونسل کے اجلاس میں شرکت کے لیے تاجکستان چلے گئے

سی ایچ جی ایک مشترکہ اعلامیہ، بیانات اور اہم فیصلوں کی بھی منظوری دے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے سربراہان حکومت کی کونسل کے اجلاس میں پاکستانی وفد کی قیادت کے لیے تاجکستان کے دارالحکومت دوشنبے چلے گئے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق ایس سی او کے سربراہان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

جسٹس سید حسن اظہر رضوی نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے قائم مقام چیف جسٹس کی حیثیت سے حلف اٹھالیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) معزز جسٹس سید حسن اظہر رضوی نے وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کے قائم مقام چیف جسٹس کی حیثیت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

مولانا اور ان کی جماعت نے کہا ایمرجنسی کا فیصلہ معدنیات کیلئے کیا گیا، بیرسٹر عقیل ملک

افسوس ہے جمعیت علما اسلام کی طرف سے الزامات آرہے ہیں، وزیرمملکت کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرمملکت قانون بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ کے پی میں پی ٹی آئی حکومت اپنی آئینی ذمے داریاں ادا کرنے کو تیار نہیں تھی، افسوس ہے جمعیت علما اسلام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

سرکاری حج سکیم، واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کیلئے (آج) آخری دن

حج پورٹل پر بینک کارڈ، ون لنک یا دستی بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کی سہولت دستیاب ہے، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سرکاری حج سکیم کے تحت حج واجبات کی دوسری قسط جمع کرانے کے لیے (آج) 20 اکتوبر منگل کو آخری دن ہے۔ ترجمان وزارتِ مذہبی امور نے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

پاک امریکہ تعلقات پر سیمینار، مشترکہ مفادات کی بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور

جنوبی ایشیا میں مضبوط سفارتی موجودگی علاقائی کشیدگی اور رقابتوں میں کمی لانے میں مدد دے سکتی ہے، رابن ریفیل

معدنیات کے شعبے میں پاکستان امریکہ تعاون دونوں ممالک کیلئے طویل مدتی اقتصادی فوائد کا ذریعہ بن سکتا ہے، ڈاکٹر پیٹرک کرونن

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکہ کے ٹرومین سینٹر میں سلامتی سے خوشحالی تک: پاک امریکہ تعلقات کا نیا دور کے موضوع پر سیمینار کا انعقاد ہوا جس میں ماضی کے بجائے مشترکہ مفادات کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن سے وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال ملاقات کرتے ہوئے

خاتون ٹیچر کے خلاف بینظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کی اپیل خارج

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے خاتون ٹیچر کے خلاف بے نظیر بھٹو شہید یونیورسٹی کی اپیل خارج کردی۔ قائم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

وزیراعظم کی زیرصدارت لائیوسٹاک شعبے میں جاری اصلاحات بارے اجلاس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نیلا لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو اور لائیوسٹاک کے لئے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

شزا فاطمہ خواجہ کی جنوبی کوریا میں گلوبل اے آئی اینڈ ڈیجیٹل سمٹ 2026ء میں پاکستان کی نمائندگی

اسلام آباد/سیول (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے جنوبی کوریا کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

پاکستان میں عزت کورونا وبا سے پہلے کی سطح بھی بڑھ گئی، عالمی بینک

مہنگائی، اور معاشی مشکلات نے عوام کی قوت خرید متاثر کردی، خطے کے یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی والے انتہائی غریب افراد میں 48 فیصد پاکستانی شامل

کراچی (بیورو رپورٹ) عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق مشرق وسطی، شمالی افریقا، افغانستان اور پاکستان پر مشتمل خطے میں یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی پر گزارا کرنے والے انتہائی غریب افراد میں 48 فیصد پاکستان میں رہتے ہیں، جبکہ یہ دنیا کا واحد خطہ ہے جہاں غربت کی شرح اب بھی کورونا وبا سے پہلے کی سطح سے زیادہ ہے۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 2018-19 سے 2024-25 کے دوران یومیہ 3 ڈالر سے کم آمدنی کی بنیاد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

سرکاری حج سکیم کے حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی 20 اکتوبر تک مکمل کرلیں، ترجمان وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (اے ایف پی): وزارت مذہبی امور کے ترجمان نے کہا ہے کہ سرکاری حج سکیم کے حج واجبات کی دوسری قسط کی ادائیگی میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

سینیٹ میں عائلی قوانین، نجی سکیورٹی گارڈز کے حقوق سمیت 9 بل پیش، متعلقہ کمیٹیوں کے سپرد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹ اجلاس میں عائلی قوانین، ماحولیاتی انصاف، نجی سکیورٹی گارڈز کے حقوق اور معاشی منصوبہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

ایس ای سی پی کا ''ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ'' کے آئی پی او ڈسکلوزر کی تحقیقات کا حکم؛ آئی پی او فریم ورک کا ازسرنو جائزہ لیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس ای سی پی نے ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ کے آئی پی او میں ڈسکلوزر کی درستگی اور تکمیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

سینیٹ کی شاندار پارلیمانی روایات اور وقار کا تحفظ تمام ارکان کی ذمہ داری ہے، سینیٹر اعظم نذیر تارڑ

کسی رکن کی گفتگو کے دوران مداخلت کرنا یا درمیان میں بولنا پارلیمانی آداب کے منافی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سینیٹ ایوان وفاق ہے اور اس کی شاندار پارلیمانی روایات اور وقار کا تحفظ تمام ارکان کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کیلئے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا ہے، محسن نقوی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدہ دفاعی تعاون کا مظہر ہے

دوحہ (مانیٹرنگ ڈیسک) فاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پاکستان نے خطے میں امن کے قیام، کشیدگی کے خاتمے اور فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کیلئے ہمیشہ کلیدی کردار ادا کیا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

گورنر راج کا فیصلہ بہت پہلے ہوچکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوا تھے: اسد قیصر

سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، سینئر رہنما پی ٹی آئی

اسلام آباد (اے ایف پی) پی ٹی آئی کے سینئر رہنما اسد قیصر نے حکومت کی جانب سے مذاکرات کو دکھاوا قرار دیدیا۔ ایک ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے اسد قیصر نے کہا کہ لانگ مارچ سے متعلق فیکٹ فائنڈنگ کمیٹی بنانے پر غور ہورہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کور کمیٹی اجلاس میں سلمان اکرم را (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

اسلام آباد: وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

عمران خان بانی ایم کیو ایم کی سیاست سے بھی 100 فیصد آگے نکل گئے، فیصل واوڈا

90 یا 180 دنوں میں گورنر راج اور ایمرجنسی ختم ہوتے نہیں دیکھ رہا، سینئر سیاستدان کی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سینیٹر فیصل واوڈا نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان، بانی ایم کیو ایم کی سیاست سے بھی 100 فیصد آگے نکل گئے، 90 یا 180 دنوں میں گورنر راج اور ایمرجنسی ختم ہوتے نہیں دیکھ رہا۔ ایک انٹرویو میں انہوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

محمود اچکزئی کا اپوزیشن لیڈر کے عہدے سے مستعفی ہونے سے انکار

اسلام آباد (اے ایف پی) محمود خان اچکزئی نے اپوزیشن لیڈر کے عہدے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

حکومت بین الاقوامی ترقیاتی شراکت داروں کے ساتھ تعاون کو مزید وسعت دینے کیلئے پرعزم ہے، وجیہہ قمر

بچوں کی تعلیمی اداروں میں واپسی اور معیاری تعلیم تک مساوی رسائی یقینی بنانے کیلئے اقدامات کررہی ہے، وزیرمملکت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرمملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت وجیہہ قمر نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی بصیرت افروز قیادت میں حکومت پاکستان بچیوں کی تعلیم کے فروغ، سکولوں سے باہر بچوں کی تعلیمی اداروں میں واپسی اور معیاری تعلیم تک مساوی رسائی یقینی بنانے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

عبدالعلیم خان کا میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس

شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں، وفاقی وزیر مواصلات و تعمیرات

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر مواصلات و تعمیرات عبدالعلیم خان نے پسنی دھماکے میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر اظہارِ افسوس کرتے ہوئے شہید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

لندن میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے زیر استعمال گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کی ویڈیو سامنے آگئی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) لندن میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے زیر استعمال گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کی ویڈیو سامنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں: طاہر اشرفی

کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے، چیئرمین پاکستان علما کونسل

اسلام آباد (اے ایف پی) چیئرمین پاکستان علما کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ ایرانی صدر کی دفاعی معاہدے کی حمایت کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ اپنے بیان میں حافظ طاہر اشرفی کا کہنا تھا کہ ایرانی قیادت کا حوثیوں سے لاتعلقی کا اعلان درست سمت میں قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دفاعی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

بلوچستان سیکیورٹی فورسز کی کاروائی 4 دہشتگرد ہلاک میجر وجاہت وحید شہید

سیکیورٹی فورسز کا عزمِ استحکام کے تحت دہشت گردی کے خلاف کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

راولپنڈی / قلات / گوادر (مانیٹرنگ ڈیسک) سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید نے جام شہادت نوش کیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر بارے آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، سردار ایاز صادق

خواتین کو صحت کے مسائل پر بلا جھجک بات کرنے اور بروقت طبی مشورہ لینے کی ترغیب دی جائے، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے چھاتی کے سرطان سے بچا اور بروقت تشخیص کے لئے عوامی شعور اجاگر کرنے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف صوبائی کابینہ کے 37 ویں اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے

میاں ذیشان عباس بھٹی کو زیارتِ مقدسہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد، پھولوں کے ہار پہنائے گئے

میاں ذیشان عباس بھٹی کو زیارتِ مقدسہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد، پھولوں کے ہار پہنائے گئے

جلالپور بھٹیاں (نمائندہ خصوصی) میاں ذیشان عباس بھٹی کو زیارتِ مقدسہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد، پھولوں کے ہار پہنائے گئے میاں ذیشان عباس بھٹی کو زیارتِ مقدسہ کی حاضری کا شرف حاصل کرنے پر پاکستان پیپلز پارٹی، انجمن تاجران، صحافتی اور وکلا برادری کی جانب سے مبارکباد پیش کی گئی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ اس موقع پر تحصیل صدر پاکستان پیپلز پارٹی چوہدری امداد مبارک لودھرا، سینئر صحافی رانا عابد، حسین شیخ، خرم شہزاد، اصغر اکاش، شیخ وقار، تنویر بلوچ، ملک ناصر عباس، چوہدری محمد اویس، عرفان اعوان، مصطفےٰ نقشبندی اور علامہ صابر توحیدی ودیگر نے مبارکباد دی۔

نقش آرٹسٹ ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام 21ویں سالانہ قرآنی خطاطی کی نمائش کا انعقاد

فیصل آباد (میاں ندیم احمد بیورو چیف) پنجاب کونسل آف آرٹس فیصل آباد ڈویژن اور نقش آرٹسٹ ایسوسی ایشن فیصل آباد کے اشتراک سے 21ویں سالانہ قرآنی خطاطی کی نمائش کا انعقاد کیا گیا جس کا افتتاح کمشنر فیصل آباد ڈاکٹر عمران حامد شیخ نے کیا۔ نمائش میں 250 سے زائد کیلگرافرز کے فن پارے رکھے گئے۔ کمشنر فیصل آباد نے کہا کہ قرآنی خطاطی امت مسلمہ کا قابل قدر ورثہ ہے جس کے ذریعے نہ صرف خطاط حضرات کو اپنے فن کے اظہار اور روحانی تسکین کے مواقع حاصل ہوتے ہیں بلکہ قرآن پاک کی عظمت کو بھی اجاگر کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ کمشنر نے ملک بھر سے آئے ہوئے خطاط حضرات کے ہاتھ سے تیار کردہ فنپارے دیکھے اور ان میں گہری دلچسپی لیتے ہوئے کہا کہ یہ مقدس سلسلہ تسلسل کے ساتھ جاری رہنا چاہیے۔ ایونٹس کی بدولت ابھرتے ہوئے خطاط کی حوصلہ افزائی کے علاوہ انہیں اپنے سینئرز کے کام کو دیکھ کر مزید سیکھنے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 14)

پاور فل ہارن، ریڑھیوں پر لگے بڑے سپیکر و ساؤنڈ، ٹرکوں مزدوں رکشوں گاڑیوں ہر لگی ہیوی لائٹ، ٹریفک بلاک روڈ جام

عارف والہ (کرائم رپورٹر) پاور فل ہارن، ریڑھیوں پر لگے بڑے سپیکر و ساؤنڈ، ٹرکوں مزدوں رکشوں گاڑیوں ہر لگی ہیوی لائٹ، ٹریفک بلاک روڈ جام، آئے دن حادثات ہی حادثات تفصیل کے مطابق، عارف والہ شہر اور گردونواح میں سڑکوں پر روڈ بلاک رہنا معمول بن گیا، ٹریفک پولیس کا کام صرف جرمانے کرنا رہ گیا، ریڑھی رکشوں پر گھومتے ان سبزی و پھل فروش ریڑھیوں پر سات سات فٹ کے لاؤڈ سپیکروں اور ہیوی پریشر ہارنوں پر آخر کب کسی ذمہ دار آفیسرز کی نظر پڑے گی، بزرگ، مریض، طالب علم اور دوکان دار افراد اس شور شرابے کی آلودگی سے شدید پریشان ہیں۔ رات کے وقت ہیوی لائٹ لگے ہیوی لوڈر ٹرک ٹریکٹرز مزدے موٹر سائیکل رکشے بھی روڈوں پر جان لیوا حادثوں کا سبب بن رہے ہیں، ہیوی پریشر ہارن، ہیوی سپیکر ساؤنڈ سسٹم، ہیوی ایل ای ڈی لائٹس لگے ٹریکٹرز ٹرک رکشے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 15)

منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، پانچ گرفتار، چرس، آئس اور شراب کی بھاری مقدار برآمد

حجرہ شاہ مقیم (نامہ نگار) منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن، پانچ گرفتار، چرس، آئس اور شراب کی بھاری مقدار برآمد، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج۔ تفصیلات کے مطابق پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مختلف کارروائیوں میں پانچ ملزمان کو گرفتار کرکے چرس، آئس اور شراب برآمد کرلی۔ پولیس کے مطابق تھانہ صدر دیپالپور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اعجاز کو گرفتار کرکے اس کے قبضے سے 1240 گرام چرس برآمد کی۔ تھانہ راوی پولیس نے منشیات فروش شوکت سے 500 گرام چرس جبکہ ملزم محمد اشرف سے 25 لیٹر شراب برآمد کرلی۔ اسی طرح تھانہ راوی پولیس نے ملزم عبدالحکیم کو گرفتار کرکے 37 گرام آئس اور ملزم محمد یسین سے 24 گرام آئس برآمد کی۔ پولیس نے پانچوں ملزمان کے خلاف متعلقہ تھانوں میں الگ الگ مقدمات درج کرکے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 16)

مسلح ڈاکو بیوپاری اور زمیندار سے دولاکھ 72 ہزار 250 روپے نقدی، موٹر سائیکل دو موبائل چھین کر فرار ہوگئے

چیچہ وطنی (تحصیل رپورٹر) مسلح ڈاکو بیوپاری اور زمیندار سے دولاکھ 72 ہزار 250 روپے نقدی، موٹر سائیکل دو موبائل چھین کر فرار ہوگئے، چک 87 چھ آر کے قریب حسن شاہد کو پستول دکھا کر دو ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل نمبر 8700 بی ای الیون مالیتی ایک لاکھ 60 ہزار روپے موبائل مالیت 61 ہزار 520 روپے نقدی 5750 روپے چھین کر فرار ہوگئے، جبکہ چک 18 بی سات آر چک بندی نتھو امیر کے زمیندار علی شان سے تین ڈاکو 5400 روپے نقدی، ایک موبائل مالیت چالیس ہزار روپے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 18)

جھنگ میں فیسکو اشرف شہید سب ڈویژن کے ایس ڈی او کی مبینہ غفلت اور اعلیٰ افسران کی ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے کے باعث شہری کو شدید مشکلات کا سامنا

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) جھنگ میں فیسکو اشرف شہید سب ڈویژن کے ایس ڈی او کی مبینہ غفلت اور اعلیٰ افسران کی ہدایات پر عمل درآمد نہ ہونے کے باعث شہری کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ متاثرہ شہری نے متعلقہ حکام سے رجوع کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اس کے بجلی کے مسئلے کو فوری طور پر حل کیا جائے تاکہ اسے مزید دفتری چکر لگانے سے نجات مل سکے درخواست گزار کی جانب سے سپرنٹنڈنگ انجینئر (ایس ای) فیسکو جھنگ کے نام دی گئی درخواست کے مطابق ریلوے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 19)

اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر اریج حیدر گوندل کا سکندر چوک انڈر پاس روڈ کا دورہ

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ اسسٹنٹ کمشنر اریج حیدر گوندل کا پرجاری پیچ ورک کے کام کی چیکنگ کی آمدورفت کو بحال رکھنے کے لیے تمام امور کو جلد از جلد پایا تکمیل تک پہنچانے کی ہدایات جاری کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے پیچ ورک میں استعمال ہونے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 21)

تحریکِ منہاج القرآن کے 46ویں یوم تاسیس کے موقع پر تقریب منعقد

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) تحریکِ منہاج القرآن کے 46ویں یوم تاسیس کے موقع پر تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت ڈویژنل صدر ملک غلام حسین نے کی۔ تقریب میں مرکزی نائب ناظم اعلیٰ رانا محمد ادریس قادری، نائب ناظم اعلیٰ سنٹر پنجاب علامہ منہاج الدین قادری، میاں سہیل مقصود، ملک سرفراز قادری، شیخ محمد امین، میاں ظہور انور، شیخ ناصر علی، رانا محمد ادریس امبر سریا، علی رضا قادری، محمد آفاق قادری، قاری ظفر اقبال، غلام محمد قادری، محمد طارق انجم، محمد سلیم قادری کے علاوہ دیگر عہدیداران اور کارکنان نے شرکت کی۔ رانا محمد ادریس قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تحریکِ منہاج القرآن کا 46 سالہ سفر علم، امن، تجدیدِ دین، فکری بیداری اور خدمتِ انسانیت کی جدوجہد (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 2)

اہم ٹیلی فون نمبرز

ریسکیو کمیونیکیشن	1122
پولیس ایمرجنسی لائن	15
ایمرجنسی کنٹرول	115
فائر بریگیڈ	16
ہوم ڈیپارٹمنٹ	99212111
موٹروے پولیس	130
دفاع ہائی وے پولیس	1124

ریلوے اور پی آئی اے

ریلوے انکوائری	117
ریزرویشن	99201772
ریلوے پولیس	1333
فلائٹ انکوائری	114
پی آئی اے ریزرویشن	111-786-786

شکایات سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مینٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایت	99202881
ایمرجنسی شکایت سنٹر	111-000-118
سوشل میڈیا شکایت سنٹر	99211022-9

ہسپتال اور بلڈ بنک

سروسز ہسپتال	99203402-22
میو ہسپتال	99211100-9
شیخ زید ہسپتال	35865831
جنرل ہسپتال	99264091-8
گنگا رام ہسپتال	99200572-9
یو ایچ ایس ہسپتال	35763573-5
اتفاق ہسپتال	35881981-05
سی ایم ایچ	66996168-72
شوکت خانم	35945100
جناح ہسپتال	111-809-809
چلڈرن ہسپتال	99230901-3
تلمیذ بلڈ بینک	35863950
ایدھی بلڈ بینک	35417440

امتحان انٹرمیڈیٹ پارٹ اوّل 2026ء کے نتائج کا اعلان 22 اکتوبر کو ہوگا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد کے زیر اہتمام ہونے والے امتحان انٹرمیڈیٹ (پارٹ اوّل) گیارہویں جماعت (اول) سالانہ 2026ء کے نتائج کا اعلان 22 اکتوبر بروز جمعرات 10 بجے دن کیا جائے گا چیئرمین تعلیمی بورڈ فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر رانا بنیامین نتائج کا باقاعدہ اعلان کریں گے۔ اس موقع پر سیکرٹری بورڈ پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ اور کنٹرولر امتحانات پروفیسر رانا شفیق الرحمن بھی ان کے ہمراہ ہوں گے حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق 10 بجے دن چیئرمین بورڈ لیپ ٹاپ پر بٹن دبا کر نتائج آن لائن کریں گے جس کے ساتھ ہی نتائج بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ www.bisefsd.edu.pk پر بھی اپ لوڈ ہو جائیں گے، جہاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 1)

آل ٹریڈ یونین بچیکی کے وفد کی چیرمین چوہدری علی اصغر کی قیادت میں نورغلہ منڈی کے نومنتخب عہدیداران سے ملاقات

بچیکی (نامہ نگار) آل ٹریڈ یونین بچیکی کے وفد کی چیرمین چوہدری علی اصغر کی قیادت میں نورغلہ منڈی کے نومنتخب عہدیداران سے ملاقات، نومنتخب عہدیداران کو مبارکباد دی اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا، تفصیلات کے مطابق آل ٹریڈ یونین بچیکی کے

وفد نے چیئرمین چوہدری علی اصغر کی قیادت میں نورغلہ منڈی کے نومنتخب عہدیداران سے ملاقات اور انہیں مبارکباد دی، وفد میں جعفر حسین رحمانی، عزیز اللہ مجاہد، ساجد قادری، عمران نیاز قادری، گڈو پہلوان اور محمد اسماعیل شامل تھے جبکہ انجمن تاجران کی جانب سے صدر چوہدری وکیل حسن متہیس۔ جنرل سیکریٹری چوہدری لقمان آرائیں، سینئر نائب صدر حاجی جاوید، نائب صدر رائے حاکم، نائب صدر چوہدری ریاست آرائیں ممبر ثالثی کمیٹی رانا راشد، رانا محمد یوسف، محمد عاصم مغل، انفارمیشن سیکرٹری رانا امتیاز احمد، فنانس سیکرٹری سیٹھ محمد امین اور جوائنٹ سیکریٹری عمران بشیر موجود تھے، نومنتخب عہدیداران نے آل ٹریڈ یونین کے عہدیداران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ غلہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 3)

ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو واسا ننکانہ صاحب محمد اکرم خان فریدی کی شہریوں سے اپیل کہ وہ سیوریج بل بروقت ادا کریں

ننکانہ صاحب (غلام سرور) ڈپٹی ڈائریکٹر ریونیو واسا ننکانہ صاحب محمد اکرم خان فریدی نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ سیوریج بل بروقت ادا کریں اور شہر کو صاف ستھرا رکھنے میں اپنا کردار ادا کریں۔ تفصیلات کے مطابق انہوں نے کہا کہ شہر کی صفائی اور نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ واجبات کی عدم ادائیگی پر متعلقہ قوانین کے تحت قانونی نوٹس سمیت کارروائی کی جاسکتی ہے۔ شہری سیوریج بل کی درستگی، بقایا جات کی تفصیل، ادائیگی کے طریقہ کار یا دیگر شکایات کے حل کے لیے موبائل نمبر 03014-4500098 پر رابطہ کریں یا واسا دفتر ننکانہ صاحب تشریف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 13)

اوکاڑہ کے شہری و دیہی علاقوں میں صفائی آپریشن جاری، ستھرا پنجاب ایجنسی اور سارکو کی ٹیمیں متحرک

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن ستھرا پنجاب کے تحت ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک اور مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی اوکاڑہ احمد سلیم چشتی کی ہدایات پر ستھرا پنجاب ایجنسی اور سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے زیر اہتمام شہری و دیہی علاقوں میں صفائی آپریشن جاری ہے اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ اریج علی حیدر گوندل، ڈسٹرکٹ مینیجر علی رضا، سارکو پروجیکٹ مینیجر محمد رضوان ظفر اور تحصیل مینیجر ارسلان احمد کی زیر نگرانی فیلڈ ٹیمیں شہری و دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کی سرگرمیاں انجام دے رہی ہیں صفائی آپریشن کے دوران شہر کی سڑکوں، گلیوں، بازاروں اور دیہی آبادیوں میں کوڑا کرکٹ اٹھانے، ویسٹ کنٹینرز کی لفٹنگ، نالیوں کی صفائی، مکینیکل سویپنگ اور مکینیکل واشنگ سمیت مختلف سرگرمیاں جاری ہیں سڑکوں پر پانی کے چھڑکاؤ کے ذریعے گرد وغبار میں کمی لانے اور عوامی مقامات کو صاف ستھرا رکھنے کے لیے بھی اقدامات کیے جارہے ہیں ستھرا پنجاب ایجنسی اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 12)

تھانہ صدر رینالہ خورد کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو ہلاک

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) تھانہ صدر رینالہ خورد کی حدود میں مبینہ پولیس مقابلہ ایک ڈاکو ہلاک ڈاکو کی شناخت اللہ رکھا کی نام سے ہوئی ہے قتل ڈکیتی اور رابری سمیت 51 وارداتوں میں ملوث تھا موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد پولیس ترجمان تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر رینالہ خورد کی حدود میں واقع چکنمبر 3 ون ایل موڑ پر ڈاکوؤں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 4)

سابقہ رنجش پر بااثر افراد نے محنت کش کے بھوسہ کو آگ لگادی

کاموںکے (تحصیل رپورٹر) سابقہ رنجش پر بااثر افراد نے محنت کش کے بھوسہ کو آگ لگادی۔ بتایا گیا ہے کہ چند روز قبل نواحی گاؤں کوٹلی گل محمد کے شوکت علی منہاس کے بیٹوں ارسلان اور الیان کو آفتاب ہنجرا وغیرہ نے تشدد کا نشانہ بنادیا (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 7)

ایک بھینس اچانک 20 فٹ گہرے کنویں میں جاگری

ننکانہ صاحب (غلام سرور) بچیکی سیدوالا روڈ پر واقع گاؤں لڑھکا کلاں میں ایک بھینس اچانک 20 فٹ گہرے کنویں میں جاگری۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 ننکانہ صاحب کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور پیشہ ورانہ مہارت کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھینس کو بحفاظت زندہ کنویں سے باہر نکال لیا۔ ریسکیو اہلکاروں نے کامیاب ریسکیو (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 8)

جان لیوا روڈ حادثہ، ریسکیو ذرائع

عارف والہ (کرائم رپورٹر) جان لیوا روڈ حادثہ، ریسکیو ذرائع، تفصیل کے مطابق، عارف والہ سے ہوتہ روڈ پر 21 کو چھپر موڑ کے قریب ٹریفک حادثہ ایک شخص موقعہ پر جاں بحق ہوگیا، سامان سے لوڈ مزدا نے موٹر سائیکل سوار کو ٹکر ماردی، جس سے وہ موقع پہ ہی جاں بحق ہوگیا، متاثرہ شخص کی شناخت محمد رفیق ولد غلام محی الدین سکنہ 59 ای بی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 9)

فیصل آباد پل لوئر باری دوآب میں ایک شخص کے گرنے کی اطلاع

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) فیصل آباد پل لوئر باری دوآب میں ایک شخص کے گرنے کی اطلاع، کالر کے مطابق ایک شخص نامعلوم وجہ سے نہر میں گر کر ڈوب رہا ہے، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کو جائے حادثہ کی روانہ کروادیا گیا، مقامی افراد نے ریسکیو ٹیموں کے پہنچنے سے پہلے ڈوبنے والے شخص کو بے ہوشی کی حالت میں نہر سے نکال لیا، ریسکیو ٹیموں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 11)

اوکاڑہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی ریلیف کا عمل جاری، ڈپٹی کمشنر اکرام ملک کی اپنے آفس میں سائلین کی سنوائی

اوکاڑہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی ریلیف کا عمل جاری، ڈپٹی کمشنر اکرام ملک کی اپنے آفس میں سائلین کی سنوائی

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ + ڈسٹرکٹ رپورٹر سعید جوئیہ سے) اوکاڑہ اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی ریلیف کا عمل جاری، ڈپٹی کمشنر اکرام ملک کی اپنے آفس میں سائلین کی سنوائی، انہوں نے حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے پاس جا کر انکے مسائل فرداً فرداً سنے اور ان کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی ترجیحی بنیادوں پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی ریلیف سب سے مقدم ہے اور اس مقصد کے اصول کے لیے تمام انتظامی دفاتر کے دروازے سائلین کے لیے ہمہ وقت کھلے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 5)

کمشنر گوجرانوالہ محمد علی کی سمبڑیال میں کھلی کچہری شہریوں کے مسائل سنے کھلی کچہری اسسٹنٹ کمشنر آفس سمبڑیال میں منعقد

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ اویس مشتاق ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین اور اسسٹنٹ کمشنر سمبڑیال عدنان بشیر کی بھی کھلی کچہری میں شرکت کھلی کچہری میں ریونیو محکمہ مال ستھرا پنجاب میونسپل کمیٹی ضلع کونسل لوکل گورنمنٹ پیرا فورس زراعت جنگلات ہائی وے اور لینڈ ریکارڈ سے متعلق شکایات پیش کی گئیں سمبڑیال بارایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے کمشنر کا کھلی کچہری کے انعقاد پر شکریہ ادا کیا کمشنر محمد علی نے شہریوں کی درخواستیں ذاتی طور پر وصول کیں اور سماعت کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو طلب کر احکامات جاری کئے تمام درخواستوں پر جاری کئے گئے احکامات فالو اپ کیا جاتا ہے فوری حل کے لئے ہدایات جاری کی درخواستوں پر جاری احکامات پر عملدرآمد کر کے رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت تمام افسران روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفاتر میں شہریوں کے مسائل سنیں کمشنر گوجرانوالہ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 6)

زراعت میں جدت، جدید سائنسی اصولوں کے مطابق کاشت کاری اور کھادوں کی ایڈوانس فارمولیشن کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، سید عباس رضا رضوی

دیپالپور (امام دین + نامہ نگار) سابق نائب ناظم اوکاڑہ سید عباس رضا رضوی نے کہا ہے کہ زراعت میں جدت، جدید سائنسی اصولوں کے مطابق کاشت کاری اور کھادوں کی ایڈوانس فارمولیشن کو اپنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ بدلتے ہوئے موسمی حالات، زرعی مداخل کی بڑھتی ہوئی لاگت اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافے کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے ضروری ہے کہ زمیندار روایتی طریقہ ہائے کاشت کے ساتھ جدید زرعی ٹیکنالوجی سے بھی بھرپور استفادہ کریں، تاکہ کم وسائل کے ساتھ بہتر نتائج حاصل کیے جاسکیں اور ملکی زرعی معیشت کو مضبوط بنیادوں پر استوار کیا جاسکیں خیالات کا اظہار انہوں نے مواخات گروپ آف کمپنیز کے ڈویلپمنٹ منیجر پنجاب مہر شکیل عابد کے ساتھ ایک

ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ملاقات میں جدید زراعت کے فروغ، کھادوں کی جدید فارمولیشن، فصلوں کی بہتر نشوونما، زرعی پیداوار میں اضافے اور کاشت کاروں تک جدید زرعی مصنوعات کی افادیت پہنچانے کے حوالے سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 10)

نواحی گاؤں چک نمبر 171 سیون آر میں سابقہ مقدمہ بازی کی رنجش پر مبینہ طور پر مخالفین کی اندھا دھند فائرنگ سے ہرل برادری کا نوجوان ظل حسین ہرل جاں بحق

کھچی والا (نامہ نگار) نواحی گاؤں چک نمبر 171 سیون آر میں سابقہ مقدمہ بازی کی رنجش پر مبینہ طور پر مخالفین کی اندھا دھند فائرنگ سے ہرل برادری کا نوجوان ظل حسین ہرل جاں بحق ہوگیا۔ واردات کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس تھانہ کھچی والا نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائی شروع کردی۔ تفصیلات کے مطابق کھچی والا کے نواحی گاؤں چک نمبر 171 سیون آر کا رہائشی نوجوان ظل حسین ہرل اپنے رقبے سے گھر واپس آرہا تھا کہ مبینہ طور پر سابقہ مقدمہ بازی کی رنجش پر اس کے اپنے ہی رشتے داروں نے اس پر اندھا دھند فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہوکر جان کی بازی ہار گیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس تھانہ کھچی والا کی بھاری نفری جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور ضروری قانونی کارروائی مکمل کرنے کے بعد مقتول کی نعش کو رورل ہیلتھ سینٹر کھچی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 30)

جھنگ کا بیٹا، جھنگ کی شان ڈاکٹر معظم وحید شیخ کی فلاحی خدمات قابلِ تحسین

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ڈاکٹر معظم وحید شیخ اپنی ذاتی دولت عوامی فلاح، صحت، صاف پانی، مساجد اور تفریحی منصوبوں پر خرچ کرکے جھنگ کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کررہے ہیں۔ ان کی فلاحی خدمات عوامی حلقوں میں قابلِ تحسین قرار دی جا رہی ہیں۔ ڈاکٹر معظم وحید شیخ نے ریڈ کریسنٹ ہسپتال کے لیے کروڑوں روپے کے ذاتی وسائل خرچ کیے، مختلف مقامات پر صاف پانی کے فلٹریشن پلانٹس لگوائے اور متعدد مساجد میں فی سبیل اللہ سولر سسٹم نصب کروائے، جوان کے جذبہ خدمت کی واضح مثالیں ہیں۔ حالیہ تھل ڈیزرٹ ریلی، اٹھارہ ہزاری کے دوران بھی انہوں نے تین روز تک انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور تقریب تقسیم انعامات میں ناگہانی موت کا شکار ہونے والے کیپٹن (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 29)

سی ای او ہیلتھ گجرات ڈاکٹر سید محمد اعتزاز احمد کاٹی ایچ ایل اور آر ایچ سی ڈنگہ کا دورہ

لالہ موسیٰ (محمد شہزاد دلبر) سی ای او ہیلتھ گجرات ڈاکٹر سید محمد اعتزاز احمد کاٹی ایچ ایل اور آر ایچ سی ڈنگہ کا دورہ سی ای او ہیلتھ گجرات ڈاکٹر سید محمد اعتزاز احمد نے تحصیل لیول ہسپتال اور آر ایچ سی ڈنگہ کا دورہ کیا اور طبی سہولیات، ادویات کی دستیابی، لیبارٹری، حفاظتی ٹیکہ جات اور مریضوں کے ریکارڈ کا جائزہ لیا۔ انہوں نے زیر علاج مریضوں سے فیڈ بیک بھی لیا اور یونین کونسل

نمبر 2 اربن ڈنگہ میں حفاظتی ٹیکہ جات کا فکسڈ سائٹ مرکز فعال کرنے سمیت ریکارڈ کی بروقت تکمیل، طبی سہولیات میں بہتری (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 27)

مصطفیٰ آباد: فیروز پور روڈ پر خاتون کی ہلاکت، کٹ بند ہونے کے باوجود رکشہ اسٹینڈ برقرار، شہریوں کا شدید احتجاج

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) فیروز پور روڈ پر ٹرالی تلے آکر خاتون کی ہلاکت کے افسوسناک واقعے کے بعد شہریوں نے رکشہ اسٹینڈ کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کردیا۔ گرین بیلٹ کے درمیان قائم کٹ بند کیے جانے کے باوجود رکشہ اسٹینڈ تاحال موجود ہے، جس کے باعث مصروف شاہراہ پر ٹریفک کی روانی متاثر اور شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شہریوں کا کہنا ہے کہ فیروز پور روڈ پر رکشوں کی بڑی تعداد

سڑک کے حصے پر کھڑی رہتی ہے، جس سے شاہراہ سکڑ کر رہ جاتی ہے۔ شہریوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 25)

پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم کے احکامات پر پولیس اہلکاروں کی ویلفیئر کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ڈی پی او چنیوٹ ڈاکٹر نوید عاطف نے پولیس اہلکاروں سے ملاقات کی۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں سے خیریت دریافت کی، صحت، بچوں کی تعلیم کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کے لیے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 28)

اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی ریلیف کا عمل جاری

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) اوپن ڈور پالیسی کے تحت عوامی ریلیف کا عمل جاری، ڈپٹی کمشنر اکرام ملک کی اپنے آفس میں سائلین کی سنوائی، انہوں نے حکومت پنجاب کی ہدایات کے مطابق اوپن ڈور پالیسی کے تحت شہریوں کے پاس جا کر انکے مسائل فرداً فرداً سنے اور ان کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو موقع پر ہی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 26)

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن "کرائم فری پنجاب" کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 16 ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 03 اشتہاریوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ملزمان کے قبضہ سے 2 کلوگرام سے زائد چرس، 30 لیٹر شراب برآمد کرلی گئی۔ ناجائز اسلحہ، گیس ریفلنگ، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر، قمار بازی پر 8 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 463 مشکوک افراد، 558 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 250 سے زائد گاڑیوں کے چالان کئے گئے، 5 لاکھ روپے سے زائد جرمانے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

گاڑی کی ٹکر سے نوجوان ٹریکٹر ٹرالی تلے آکر جاں بحق، گاڑی کا ڈرائیور فرار، زخمی نوجوان ہسپتال پہنچنے کے باوجود جانبر نہ ہوسکا

حجرہ شاہ مقیم (نامہ نگار) گاڑی کی ٹکر سے نوجوان ٹریکٹر ٹرالی تلے آکر جاں بحق، گاڑی کا ڈرائیور فرار، زخمی نوجوان ہسپتال پہنچنے کے باوجود جانبر نہ ہوسکا۔ تفصیلات کے مطابق افسوسناک ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 18 سالہ نوجوان جاں بحق ہوگیا جبکہ ٹکر مارنے والی نامعلوم گاڑی کا ڈرائیور موقع سے فرار ہوگیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق ابتدائی اطلاع میں بتایا گیا کہ نواحی علاقے 17 جی ڈی میں نوجوان سڑک کے کنارے جا رہا تھا کہ اچانک نامعلوم گاڑی نے اسے ٹکر ماردی، جس کے نتیجے میں نوجوان سڑک پر گر گیا اور پیچھے سے آنے والی ٹریکٹر ٹرالی کے نیچے آگیا۔ حادثے میں نوجوان شدید زخمی ہوگیا جسے مقامی افراد کار کے ذریعے

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الٰہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

بصارت سے محروم افراد ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں، معروف سماجی رہنما انجینئر محمد بوٹا ملک

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) معروف سماجی رہنما انجینئر محمد بوٹا ملک نے کہا ہے کہ بصارت سے محروم افراد ہماری خصوصی توجہ کے مستحق ہیں اللہ تعالیٰ نے ہمیں آنکھوں جیسی عظیم نعمت سے نوازا ہے اس لیے ہمارا فرض ہے کہ ہم اس نعمت کا شکر ادا کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی مخلوق بالخصوص نابینا افراد کی مدد اور خدمت کو اپنا شعار بنائیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے بصارت سے محروم افراد کے عالمی یوم سفید (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 31)

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ کا اچانک دورہ کیا

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت پنجاب محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے گورنمنٹ سردار بیگم ٹیچنگ ہسپتال سیالکوٹ کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے ایمرجنسی میں زیرِ علاج مریضوں کی عیادت کی اور طبی سہولیات، مفت ادویات کی دستیابی اور علاج معالجے کے انتظامات کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر مریضوں اور ان کے لواحقین سے بھی گفتگو کی اور ہسپتال میں فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے ان کی رائے معلوم کی۔ صوبائی وزیر محمد منشاء اللہ بٹ نے ہسپتال کی فارمیسی، مختلف وارڈز اور او پی ڈیز کا معائنہ کیا، جبکہ جاری تزئین و آرائش اور بحالی کے کاموں کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت طبی امداد فراہم کی جائے اور علاج معالجے کے دوران انہیں غیر ضروری مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ محمد منشاء اللہ بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے صوبے کے عوام کو معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے اصلاحات متعارف کروائی ہیں۔ حکومت پنجاب کی ترجیح ہے کہ سرکاری ہسپتالوں میں علاج معالجے کا معیار بہتر بنایا جائے، مفت ادویات کی فراہمی یقینی ہو اور مریضوں کو صحت کی سہولیات کے حصول میں آسانی فراہم کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹرز، نرسز اور دیگر طبی عملہ دکھی انسانیت کی خدمت کو اپنا نصب العین بناتے ہوئے پیشہ ورانہ ذمہ داریاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 32)


سیالکوٹ: وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف خطاب کرتے ہوئے

گذشتہ روز واہنڈو کا سنتالیس سالہ محمد ندیم موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا

کامونکے (تحصیل رپورٹر) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر پینتالیس سالہ شخص شدید زخمی ہو گیا۔ گذشتہ روز واہنڈو کا سنتالیس سالہ محمد ندیم موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہو گیا۔ دیگر ٹریفک حادثات میں پچیس سالہ نصر اللہ، چوبیس سالہ عزیز، ستائیس سالہ عامر اور بائیس سالہ صداقت شدید زخمی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 34)

ڈائریکٹر بابا زبابا سیالکوٹ حاجی محمد طیب شیخ نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی

سیالکوٹ (میاں عثمان شہزاد سے) ڈائریکٹر بابا زبابا سیالکوٹ حاجی محمد طیب شیخ نے پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی، جس میں ملک کی موجودہ صورتحال، دہشت گردی کے خلاف جاری اقدامات، عوامی فلاح و بہبود اور سیالکوٹ کی تعمیر و ترقی کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر حاجی محمد طیب شیخ نے دہشت گردی کے خلاف حکومت کی کوششوں اور پاک فوج کے کردار کو سراہتے ہوئے خواجہ محمد آصف کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک اس وقت مشکل حالات سے گزر رہا ہے، تاہم قوم کے حوصلے بلند ہیں اور باہمی اتحاد، یکجہتی اور ثابت قدمی کے ذریعے ان چیلنجز پر قابو پایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان شاء اللہ آنے والے دنوں میں ملکی حالات میں بہتری آئے گی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 35)

مرکزی انجمن انصاریاں تحصیل کوٹ رادھا کشن کا ماہانہ اجلاس؛ جلد فری میڈیکل کیمپ لگانے کا فیصلہ

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار): مرکزی انجمن انصاریاں تحصیل کوٹ رادھا کشن کا ایک اہم ماہانہ اجلاس صدر انجمن حاجی محمد سلیم شیر انصاری کی زیر صدارت نجی شادی ہال میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں تنظیم کے دیگر مرکزی عہدیداران، اراکین اور برادری کے معززین نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے آغاز میں تنظیم کی سابقہ کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور برادری کی فلاح و بہبود کے لیے کی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 33)

پولیس کی کارروائی میں پکڑے گئے ملزمان

جھنگ کا بیٹا، جھنگ کی شان ڈاکٹر معظم وحید شیخ کی فلاحی خدمات قابلِ تحسین

جھنگ (مہر ریاض نول ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) ڈاکٹر معظم وحید شیخ اپنی ذاتی دولت عوامی فلاح، صحت، صاف پانی، مساجد اور تفریحی منصوبوں پر خرچ کر کے جھنگ کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کر رہے ہیں۔ ان کی فلاحی خدمات عوامی حلقوں میں قابلِ تحسین قرار دی جا رہی ہیں۔ ڈاکٹر معظم وحید شیخ نے ریڈ کریسنٹ ہسپتال کے لیے کروڑوں روپے کے ذاتی وسائل خرچ کیے، مختلف مقامات پر صاف پانی کے فلٹریشن پلانٹس لگوائے اور متعدد مساجد میں فی سبیل اللہ سولر سسٹم نصب کروائے، جو ان کے جذب؟ خدمت کی واضح مثالیں ہیں۔ حالیہ فٹبل ڈیزرٹ ریلی، اٹھارہ ہزاری کے دوران بھی انہوں نے تین روز تک انتظامیہ کے ساتھ بھرپور تعاون کیا اور تقریب تقسیم انعامات میں ناگہانی موت کا شکار ہونے والے کیپٹن قاضی ظفر خان کے لیے 10 لاکھ روپے امداد، جبکہ مختلف محکموں کے لیے پانچ، پانچ لاکھ روپے کے انعامات کا اعلان کیا۔ ڈاکٹر معظم وحید شیخ کی جانب سے جھنگ میں فائیو اسٹار ہوٹل کی تعمیر شروع کرنے اور تریموں ہیڈ ورکس کو جدید تفریحی مقام بنانے کے منصوبے بھی اہم پیش رفت ہیں، جن سے شہر میں سیاحت، کاروبار اور (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 43)

تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں چوری اور ڈکیتی کی دو مختلف وارداتوں کے دوران نامعلوم ملزمان ایک مزدور کی موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے،

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) تھانہ اے ڈویژن اوکاڑہ کی حدود میں چوری اور ڈکیتی کی دو مختلف وارداتوں کے دوران نامعلوم ملزمان ایک مزدور کی موٹر سائیکل چوری کر کے لے گئے، جبکہ وہاب ٹاؤن میں ڈیری ملک شاپ پر ڈکیتی کے دوران مزاحمت کرنے پر ملزمان نے فائرنگ کر دی۔ دونوں واقعات کی ویڈیو فوٹیج سامنے آنے کے بعد شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق بہاولپور سے روزگار کے سلسلے میں اوکاڑہ آنے والا مزدور ڈی بلاک کی ایک گلی میں کام میں مصروف تھا کہ نامعلوم چور اس کی موٹر سائیکل نمبر FDN/9278 کا تالا توڑ کر فرار ہو گئے۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 44)

بلدیاتی انتخابات میں عوامی خدمت کرنے والے ہی کامیاب ہوں گے، رانا اقبال سکندر

علی پور چٹھہ تحصیل رپورٹر بلدیاتی انتخابات میں عوامی خدمت کرنے والے ہی کامیاب ہوں گے، رانا اقبال سکندر علی پور چٹھہ: سیاسی و سماجی شخصیت رانا اقبال سکندر نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ بلدیاتی انتخابات میں کامیابی ان ہی امیدواروں کا مقدر بنے گی جنہوں نے عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل حل کرنے اور خدمتِ خلق کو اپنا شعار بنایا ہوگا۔ عوام باشعور ہو چکے ہیں اور وہ اپنے ووٹ کی طاقت سے مخلص، دیانت دار اور عوام دوست قیادت کا انتخاب کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نظام جمہوریت کی بنیادی اکائی ہے، جس کے ذریعے عوام کے بنیادی مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جا سکتے ہیں۔ گلیوں، نالیوں، صفائی ستھرائی، نکاسی آب اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی بلدیاتی نمائندوں کی اولین ذمہ داری ہے۔ رانا اقبال سکندر نے مزید کہا کہ سیاست کا اصل مقصد ذاتی مفادات کا حصول نہیں بلکہ عوام کی بے لوث خدمت اور علاقے کی تعمیر و ترقی ہونا چاہیے۔ عوام ایسے نمائندوں کو ترجیح دیں گے جو انتخابات کے دوران کیے گئے وعدوں کو پورا کریں اور ہر مشکل وقت میں عوام کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 39)

مہنگائی 'بیروزگاری اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، حاجی اصغر علی مغل

کامونکے (تحصیل رپورٹر) سرپرست تنظیم مغلیہ کامونکے حاجی اصغر علی مغل نے کہا ہے کہ ملک بھر میں مہنگائی 'بیروزگاری اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے 'عام آدمی دو وقت کی روٹی کو ترس گیا۔ حکمرانوں کی ترجیح عوام نہیں ہے جب جب (ن) لیگ اور پیپلز پارٹی اقتدار میں آئی ہیں غریب عوام کو مہنگائی 'بیروزگاری 'بھوک 'غربت 'ڈاکے 'ناکے 'فاقے 'خودکشیاں 'لوٹ مار کے تحفے دینے کے سوا کچھ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 37)

ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) ڈائریکٹر جنرل فیصل آباد ڈویلپمنٹ اتھارٹی (ایف ڈی اے) محمد آصف چوہدری کی ہدایات پر غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس ضمن میں ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے مختلف علاقوں میں قائم چار غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے وہاں موجود غیر قانونی تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار اور دفاتر کو سربمہر کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر ٹاؤن پلاننگ نو اسماء محسن کی زیر نگرانی اسسٹنٹ انفورسمنٹ آفیسر اسلم گجر اور دیگر متعلقہ سٹاف پر مشتمل ایف ڈی اے کی انفورسمنٹ ٹیم نے مختلف علاقوں میں ہاؤسنگ سکیموں کی انسپکشن کی۔ اس دوران چک نمبر 232 ر۔ب میں قائم اضافی آبادی، غوثیہ ٹاؤن، علی حسن ٹاؤن اور تلیاں والا روڈ پر واقع برہان سٹی کوتوانین اور ضابطوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر قائم پایا گیا۔ ایف ڈی اے ٹیم نے فوری کارروائی کرتے ہوئے مذکورہ ہاؤسنگ سکیموں میں موجود غیر قانونی تعمیراتی ڈھانچوں کو مسمار کر دیا اور وہاں قائم دفاتر کو سیل کر دیا۔ ایف ڈی اے انتظامیہ نے متعلقہ ڈویلپرز کو سختی سے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 36)

پولیس نے منشیات فروشوں سے ساڑھے پانچ کلو سے زائد چرس برآمد کر لی

کامونکے (تحصیل رپورٹر) پولیس نے منشیات فروشوں سے ساڑھے پانچ کلو سے زائد چرس برآمد کر لیا۔ گذشتہ روز صدر، ایمن آباد اور واہنڈو پولیس نے دوران گشت ٹبہ محمد نگر کے اشرف سے ایک کلو چار سو اسی گرام، موضع چندنیاں کے عمران سے ایک کلو چار سو چالیس گرام، رکھ کیرانوالہ کے سیف اللہ کے ایک کلو چار سو ساٹھ گرام، موہن پور سیداں کے محمد منیب سے آٹھ سو گرام اور کوٹلی نواب کے متین سے ساڑھے پانچ سو گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے ہیں۔

قصور کوٹ رادھا کشن انجمن فلاح کمبوہاں کے زیر اہتمام ٹیلنٹ ایوارڈ تقریب 25 اکتوبر کو ہوگی، تیاریاں مکمل

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن انجمن فلاح کمبوہاں کے زیر اہتمام ہونہار طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی اور تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرنے والے بچوں کی صلاحیتوں کے اعتراف کے لیے ٹیلنٹ ایوارڈ تقریب 25 اکتوبر کو کوٹ رادھا کشن کے ایک نجی میرج ہال میں منعقد ہوگی، جس کے انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ تقریب کا مقصد نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات کی حوصلہ افزائی، ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا اور نوجوان نسل میں تعلیم کے حصول کا جذبہ مزید فروغ دینا ہے۔ اس اقدام سے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے ساتھ دیگر بچوں کو بھی محنت، لگن اور یکجہتی سے تعلیم حاصل کرنے کی ترغیب ملے گی۔ انجمن فلاح کمبوہاں کے صدر چوہدری ایوب خاور کمبوہ اور چیئرمین حاجی شہباز احمد کمبوہ کی زیرِ قیادت منعقد ہونے والی اس تقریب کو تعلیمی ترقی، سماجی خدمت اور نئی نسل کی رہنمائی کے لیے انجمن کی کاوشوں کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔ تقریب میں مقامی معززین سمیت مختلف (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 38)

چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں

کامونکے (تحصیل رپورٹر) چوری کی مختلف وارداتوں میں قیمتی چیزیں چُرا لی گئیں۔ گذشتہ روز نواحی گاؤں حمید پور خورد سے محمد عمر کی موٹر سائیکل نامعلوم چور لے گئے۔ عبداللہ روڈ کے محمد مقصود کے گھر کا میٹر بجلی چوری ہو گیا۔ جبکہ موضع کسوکی کے عتیق الرحمان کی زیر تعمیر حویلی سے نامعلوم چور پیٹر انجن، بجلی کی موٹر، ہینڈ پمپ اور دو چارپائیاں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 41)

سوشل میڈیا پر پولیس انسپکٹر کے خلاف الزامات سے متعلق وضاحت

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) سوشل میڈیا پر پولیس انسپکٹر کے خلاف الزامات سے متعلق وضاحت، سوشل میڈیا کے بعض اکاؤنٹس پر انسپکٹر خرم شہزاد ساہی کی معطلی سے متعلق گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ ان کا تبادلہ معمول کے انتظامی امور کے تحت کیا گیا ہے اور وہ اس وقت بطور انچارج سی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 42) ان الزامات کی تائید میں تاحال کوئی ٹھوس ثبوت، شواہد یا باضابطہ درخواست موصول نہیں ہوئی۔ واضح رہے کہ انسپکٹر خرم شہزاد ساہی کے خلاف سے متعلق گردش کرنے والی خبریں بے بنیاد اور حقائق کے منافی ہیں۔ ان کا تبادلہ معمول کے انتظامی امور کے تحت کیا گیا ہے اور وہ اس وقت بطور انچارج سی

آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے ریجنل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا، پولیس افسران و اہلکاروں کے شوکاز نوٹسز کی سماعت کی گئی

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے ریجنل پولیس آفس میں اردل روم کا انعقاد کیا۔ جس میں پولیس افسران و اہلکاروں کے شوکاز نوٹسز کی سماعت کی گئی۔ آر پی او انعام الرحمٰن ملک کے ٹوبہ ٹیک سنگھ کے سرپرائز وزٹ کے دوران تھانہ سٹی ٹوبہ میں ایک رکشہ ڈرائیور کو غیر قانونی حراست میں رکھنے کا معاملہ سامنے آیا تھا۔ جس پر آر پی او انعام الرحمٰن ملک نے رکشہ ڈرائیور کو سات روز تک غیر قانونی حراست میں رکھنے کے معاملے پر سب انسپکٹر حاکم علی کو معطل کر کے انکوائری کا حکم دیا۔ معاملے کی انکوائری ایس پی ریٹک کے ایک سینئر پولیس افسر کے ذریعے کروائی گئی۔ جس میں سب انسپکٹر حاکم علی قصوروار ثابت ہوا اور کوئی خاطر خواہ جواب پیش نہ کر سکا اور سابقہ ریکارڈ چیک کرنے پر سب انسپکٹر حاکم علی متعدد بار معطل اور برخاست رہ چکا ہے۔ انکوائری رپورٹ کی روشنی میں آر پی او فیصل آباد انعام الرحمٰن ملک نے (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 40)

فیصل آباد: تحریک منہاج القرآن کے 46 ویں یوم تاسیس کے مناظر

چوہدری محسن ریاض گلیانہ کی نیزہ بازی میں شاندار کامیابی پہلی پوزیشن حاصل کر لی

چوہدری محسن ریاض گلیانہ کی نیزہ بازی میں شاندار کامیابی پہلی پوزیشن حاصل کر لی گلیانہ ہارس مین شپ کلب آف پاکستان کے چوہدری محسن ریاض گلیانہ نے دربار ماہنی شریف میں نیزہ بازی کے مقابلے میں پہلی پوزیشن حاصل کر کے گلیانہ اور پورے علاقے کا نام روشن کر دیا راجہ سلطانی کی جانب سے چوہدری محسن ریاض گلیانہ کو اس شاندار کامیابی پر دلی مبارکباد اللہ تعالیٰ انہیں مستقبل میں بھی مزید کامیابیاں عطا فرمائے آمین۔

سیالکوٹ: ڈی پی او کیپٹن (ر) دوست محمد، ایس ایچ او خرم شہزاد، ترجمان پولیس خرم شہزاد

تھانہ اگوکی پولیس کی مؤثر تفتیش اور مضبوط پیروی مقدمہ، نوجوان کے قتل میں ملوث مجرم کو سزائے موت کا حکم

سیالکوٹ (ڈویژنل بیورو چیف محمد سلیم عرف سائیں نکا سے) تھانہ اگوکی پولیس کی مؤثر تفتیش اور مضبوط پیروی مقدمہ، نوجوان کے قتل میں ملوث مجرم کو سزائے موت کا حکم۔ ادھار دی گئی رقم کی واپسی پر نوجوان کو قتل مجرم محمد رمضان کو جرم ثابت ہونے پر عدالت نے سزائے موت سنا دی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ اگوکی کے علاقہ رویل گڑھا میں دو سال قبل رقم کے لین دین کے تنازع پر نوجوان فیصل شہزاد کو فائرنگ کر کے قتل کرنے والے مجرم محمد رمضان کو عدالت نے جرم ثابت ہونے پر سزائے موت کا حکم سنا دیا۔ سال 2024 میں مجرم محمد رمضان نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ ادھار دی گئی رقم کی واپسی کے مطالبے کی رنجش پر نوجوان فیصل شہزاد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا تھا اور موقع سے فرار ہو گئے تھے۔ مقتول کے لواحقین کی جانب سے مقصود احمد کی مدعیت میں تھانہ اگوکی میں درج کیا گیا تھا پولیس نے مقدمے کی تفتیش کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا۔ تفتیشی افسر سب انسپکٹر طیب حسین نے پیشہ ورانہ مہارت اور قانونی تقاضوں کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے شواہد اکٹھے کیے، مقدمے کی جامع تفتیش مکمل کی اور مضبوط قانونی بنیادوں (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 45)

تھانہ رنگشاہ کی حدود میں مبینہ ڈکیتی کی بڑی واردات، تھانہ رنگشاہ پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام

عارفوالا (نامہ نگار) تھانہ رنگشاہ کی حدود میں مبینہ ڈکیتی کی بڑی واردات، تھانہ رنگشاہ پولیس شہریوں کو تحفظ فراہم کرنے میں بری طرح ناکام، ڈاکو لاکھوں روپے نقدی اور سامان لوٹ کر فرار، شہریوں کا آئی جی پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق تھانہ رنگشاہ کی حدود میں تین مسلح ڈاکوؤں نے رحم کوٹ چوک میں واقع سپر کریانہ سٹور پر ڈکیتی کی واردات کی ڈاکو تین لاکھ نقدی اور سگریٹ کے پیکٹ لوٹ کر فرار ہو گئے متاثرین کے مطابق تین نقاب پوش ڈاکو جن کے پاس اسلحہ تھا سٹور میں داخل ہوئے اور متذکرہ بالا رقم اور سگریٹ کے پیکٹ لوٹ کر فرار ہو گئے اس موقع پر شہریوں کی جانب سے تھانہ رنگشاہ پولیس کی کارکردگی پر سوالات اٹھا دیئے گئے ان کا کہنا تھا کہ ہم پولیس کی کارکردگی سے غیر مطمئن ہیں پولیس تھانہ رنگشاہ ہمیں تحفظ فراہم کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہے متاثرین نے ڈی پی او پاکپتن، آر پی او ساہیوال اور آئی جی (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 46)

مسلم لیگ ن کی حکومت عوامی خوشحالی اور وطن عزیز کی تعمیر و ترقی پر یقین رکھتی ہے، طارق جاوید چوہدری



رینالہ خورد (سرفراز انجم سے) مسلم لیگ ن کی حکومت عوامی خوشحالی اور وطن عزیز کی تعمیر و ترقی پر یقین رکھتی ہے طارق جاوید چوہدری تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن ضلع اوکاڑہ کے نائب صدر طارق جاوید چوہدری نے کہا کہ حلقہ کی عوام کے لیے آسانیاں پیدا کرنے کے لیے ریلوے لائن کے اوپر اوور ہیڈ برج اور انڈر پاس کا منصوبہ مسلم لیگ ن ضلع اوکاڑہ کے صدر میاں محمد منیر ایم پی اے کا عظیم کارنامہ ہے میاں محمد منیر ایم پی اے نے تعمیر و ترقی کے میگا پراجیکٹس علاقہ کی خوبصورتی کے ساتھ تعلیم کھیل اور صحت کی بنیادی سہولیات کی بروقت فراہمی کے لیے خصوصی اقدامات کیے ہیں جن سے عوام بلا امتیاز (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 58)

تحصیلدار آفس رینالہ خورد میں سکنی جائیداد کو زرعی میں تبدیل کر کے رجسٹریاں کرنے اور سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانے کا دھندہ جاری

رینالہ خورد (عمر ذوالفقار کرائم رپورٹر) تحصیلدار آفس رینالہ خورد میں سکنی جائیداد کو زرعی میں تبدیل کر کے رجسٹریاں کرنے اور سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانے کا دھندہ جاری ہے چند ماہ قبل تحصیلدار نے مردہ شخص کے نام پر رجسٹری کر کے خود ہی کینسل کر دی تھی سرکاری خزانے کو نقصان پہنچانے پر اینٹی کرپشن اوکاڑہ نے تحصیلدار کے خلاف انکوائری شروع کر دی ہے تفصیلات کے مطابق تحصیلدار آفس رینالہ خورد رشوت وصولی کرپشن لوٹ مار کی آماج گاہ بن گیا تحصیلدار رینالہ خورد نے رجسٹریوں کی مد میں سائلین سے رشوت وصولی کے ساتھ ساتھ سرکاری خزانے کو بھی نقصان پہنچانا معمول بنا رکھا ہے تحصیلدار عثمان علی نے رینالہ خورد کی اہم شہری آبادی مسلم ٹاؤن کے ایک مکان کو سکنی سے زرعی جائیداد ظاہر کر کے کم فیسوں میں رجسٹری کر کے سرکاری خزانے کو لاکھوں روپے کا نقصان پہنچایا اس کے علاوہ نواحی گاؤں 27 ٹوبل میں پانچ پانچ مرلے کے نصف درجن سے زائد پلاٹس کو سکنی سے زرعی جائیداد میں تبدیل کر کے پلاٹوں کی رجسٹریاں کر کے سرکاری خزانے کو بھی نقصان پہنچایا گیا ہے اسکے علاوہ چند ماہ قبل ایک مردہ شخص کے نام (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 48)

پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے منشیات فروشی اور شراب کی غیر قانونی فروخت میں ملوث پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا

اوکاڑہ (بیورو رپورٹ) ضلعی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں تیز کرتے ہوئے منشیات فروشی اور شراب کی غیر قانونی فروخت میں ملوث پانچ ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مختلف کارروائیوں کے دوران ملزمان کے قبضے سے چرس، آئس اور شراب برآمد کر لی گئی۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ صدر دیپالپور پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم اعجاز کے قبضے سے ایک کلو 240 گرام چرس برآمد کی، جبکہ تھانہ راوی پولیس نے ملزم شوکت سے 500 گرام چرس برآمد کر لی۔ اسی تھانے کی پولیس نے ملزم محمد اشرف کے قبضے سے 25 لیٹر شراب بھی تحویل میں لے لی۔ مزید کارروائیوں کے دوران تھانہ راوی پولیس نے ملزم عبدالحکیم سے 37 گرام آئس اور محمد یسین سے 24 گرام آئس برآمد کی۔ پولیس نے گرفتار پانچوں ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے قانونی کارروائی شروع کر دی ہے۔ اوکاڑہ پولیس کے مطابق منشیات کے مکروہ دھندے میں ملوث عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری رہے گا۔ شہریوں کی جان و صحت سے کھیلنے والوں کے ساتھ کسی قسم کی رعایت نہیں برتی جائے گی، جبکہ معاشرے کو منشیات (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 47)

کارپوریٹ سیکٹر کا ایک معتبر نام، وائیٹل گروپ (Vital Group)، اب پاکستان ہاکی فیڈریشن کا باقاعدہ پارٹنر بن گیا

ہارون آباد (رپورٹ ڈاکٹر اللہ رکھا بابر) پاکستان ہاکی کے لیے ایک اور شاندار اور تاریخی دن! ہمارے قومی کھیل کی بحالی، فروغ اور ترقی کے سفر میں ایک اور بڑا سنگ میل عبور ہو گیا ہے۔ کارپوریٹ سیکٹر کا ایک معتبر نام، وائیٹل گروپ (GroupVital)، اب پاکستان ہاکی فیڈریشن کا باقاعدہ پارٹنر بن گیا ہے۔ وائیٹل گروپ آف کمپنیز نے کھیل کے میدان میں پاکستان کے لیے ایک 'انٹرنیشنل معمار' کا کردار اپناتے ہوئے، عالمی سطح پر پاکستان ہاکی کا مستقبل سنوارنے اور اس کی کھوئی ہوئی شان بحال کرنے کا عزم کیا ہے اس تاریخی معاہدے کی پروقار تقریب میں وائیٹل گروپ آف کمپنیز کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈائریکٹر سپورٹس میاں اسد مصطفیٰ اور مارکیٹنگ منیجر چوہدری توقیر انور مہمانِ خصوصی کے ہمراہ موجود ہیں۔ وائیٹل گروپ آف کمپنیز کی یہ شراکت داری پاکستان ہاکی کی نئی پرواز کی ضامن ہے۔ تقریب میں وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی جناب احسن اقبال اور چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام جناب رانا مشہود کے ساتھ ساتھ ہمارے عظیم اولمپینز حسن سردار، ناصر علی، طاہر زمان اور خواجہ جنید نے شرکت کر کے اس مشترکہ عزم کو مزید جلا بخشی۔ حکومتی قیادت، ہاکی لیجنڈز اور وائیٹل گروپ کی یہ مضبوط قیادت اس بات کا ثبوت ہے کہ ہم سب مل کر اپنے کھلاڑیوں کے لیے بین الاقوامی معیار کے نئے مواقع پیدا کرنے جا رہے ہیں۔ وائیٹل گروپ کا دل کی گہرائیوں سے شکریہ، جنہوں نے پاکستان ہاکی پر اعتماد کیا اور اس عظیم مشن میں ہمارے معمار بنے۔ یہ تعاون لاکھوں شائقین اور کھلاڑیوں کی امیدوں کا ضامن ہے!

گٹھا برادری کی جانب سے ایم پی اے ملک انس محمود اور ملک احسن افضل کھوکھر کے اعزاز میں تقریب

چوہنگ (ڈاکٹر ندیم آصف چوہدری) مانوال کی معروف سیاسی و سماجی شخصیات ملک یاسر خلیل گٹھا اور افیئر زایم پی اے ملک انس محمود اور صدر یوتھ ونگ ملک انعقاد کیا۔ تقریب میں پارلیمانی سیکرٹری برائے یوتھ ملک معظم اختر گٹھا نے اپنی تمام برادری اور اہلیان علاقہ کے ہمراہ اپنی رہائش گاہ مانوال میں ایک پروقار تقریب کا احسن افضل کھوکھر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، جبکہ کوآرڈینیٹر ایم این (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 57)

سیالکوٹ ضلع بھر سمیت تحصیل سمبڑیال اور گردونواح میں ایل پی جی گیس مافیا کا راج انتظامیہ عمل درآمد کرانے میں غیر سنجیدہ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ کرائم رپورٹر) ضلع بھر سمیت تحصیل سمبڑیال اور گردونواح میں ایل پی جی گیس مافیا کا راج تحصیل انتظامیہ لاعلم ہر دکان دار کا مختلف ریٹ ایل پی جی گیس کا سرکاری ریٹ 279.34 کے قریب ہے لیکن دکاندار حضرات چار سو سے زائد فروخت کرنے میں مصروف آخر کب تک ایسا چلتا رہے گا تحصیل انتظامیہ اور متعلقہ حکام ایل پی جی مافیہ کے آگے بے بس عوام مہنگے داموں ایل پی جی گیس خریدنے پر مجبور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ڈی سی سیالکوٹ اور متعلقہ حکام سے ایل پی جی گیس مافیہ کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے کریک ڈاؤن جاری کیا جائے عوامی سماجی شہری حلقوں کا مطالب

Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

اپوزیشن نے سہیل آفریدی اور دیگر کی حراست کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھا دیا

پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور اپوزیشن کے چیف وہپ عامر ڈوگر نے تحریک التوا اسپیکر قومی اسمبلی کو جمع کروائی جس میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی، اسپیکر صوبائی اسمبلی بابر سلیم سواتی کی مبینہ حراست پر بحث کرانے کی درخواست کی گئی ہے۔ تحریک التوا میں چھ ارکان قومی اسمبلی امجد علی خان، جنید اکبر، فضل محمد خان، زبیر خان، حاجی امتیاز احمد چوہدری اور نسیم علی شاہ کی حراست پر بھی بحث کرنے کی استدعا کی گئی ہے۔ تحریک التوا میں کہا گیا ہے کہ منتخب نمائندوں کی مبینہ حراست جمہوری اداروں کے امور اور عوامی نمائندگی سے متعلق سنگین خدشات پیدا کرتی ہے، منتخب نمائندوں کے آئینی حقوق اور پارلیمانی استحقاق کے تحفظ کا معاملہ قومی اسمبلی میں اٹھایا جائے۔ اپوزیشن نے مبینہ حراستوں کے حالات و واقعات پر ایوان میں فوری بحث کا مطالبہ بھی کیا اور معاملے پر بحث کے لیے قومی اسمبلی کا معمول کا ایجنڈا معطل کرنے کی درخواست کی۔ ملک محمد عامر ڈوگر نے قومی اسمبلی کے قواعد وضوابط 2007 کے رول 109 اور 110 کے تحت تحریک التوا اسپیکر قومی اسمبلی کو جمع کروادی۔ دوسری جانب قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی نے ارکان کی عدم موجودگی، پروڈکشن آرڈرز اور خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ سے متعلق سوالات اٹھاتے ہوئے حکومت کو کڑی تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں لوگوں کو تنگ کرنے کا کوئی شوق نہیں، آپ نے ایک صوبے کی حکومت ختم کردی، اب بتایا جائے کہ خیبر پختونخوا کا وزیراعلیٰ اور ہمارے ارکان اسمبلی کہاں غائب ہیں؟ سہیل آفریدی سمیت دیگر لوگ زندہ بھی ہیں یا نہیں۔ قومی اسمبلی میں قائد حذب اختلاف محمود اچکزئی نے اجلاس میں نکتہ اعتراض پر دعویٰ کیا کہ جنید اکبر، نسیم شاہ، عادل بازئی اور عزیر خان سمیت متعدد ارکان قومی اسمبلی میں موجود نہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی رکن نے بدترین جرم بھی کیا ہو تو اس کے پروڈکشن آرڈرز حاصل کرنا اسپیکر کی ذمہ داری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اپنے ارکان کو اس ایوان میں اپنی آنکھوں سے دیکھنا چاہتے ہیں اور انہیں ایوان میں بولنے کا موقع دیا جائے۔ اپوزیشن لیڈر نے اسپیکر سے مخاطب ہوکر کہا کہ ہمیں آپ سے کچھ نہیں چاہیے، صرف آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کرائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ اسمبلی میں کہی گئی بات پر کسی کو گرفتار نہیں کیا جانا چاہیے اور نہ ہی کارروائی ہونی چاہیے۔ اگر ارکان کو بولنے کا موقع ہی نہیں دیا جائے گا تو پارلیمان کا مقصد کیا رہ جائے گا؟ محمود اچکزئی نے تاریخی مثال دیتے ہوئے کہا کہ 600 سال پہلے ایک بادشاہ کو پانچ ارکان کی ضرورت تھی تو اسپیکر نے اس کی درخواست کا احترام کیا۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ آج اپنے ارکان کی موجودگی اور ان کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے پر انہیں کیوں نہیں سنا جا رہا؟ انہوں نے مزید کہا کہ آپ جو قانون بنانا چاہتے ہیں بنائیں، لیکن اس کے نتائج بھی بھگتنا ہوں گے۔ محمود اچکزئی نے مطالبہ کیا کہ ایوان میں موجود ثناء اللہ مستی خیل اور کنڈی سمیت دیگر ارکان کو بھی بات کرنے کا موقع دیا جائے۔

بعدالت جناب محمد اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ فرزند علی ولد بہادر چک نمبر 54/ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی (لاولد) فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں بہادر والد، جیوی بی بی والدہ، فقیر محمد، دیس محمد برادران پہلے فوت شدگان، نذیر احمد پسر زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بشیر بیگم دختر کریم بخش چک نمبر 232 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں کریم بخش والد، محمد بی بی والدہ، نذر محمد خاوند پہلے فوت شدگان، محمد طاہر، مدثر نذر پسران، ثمینہ کوثر، تہمینہ نذر دختران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatti

بعدالت نائب جناب تحصیلدار صاحب ڈونگہ بونگہ

انتقال وراثت موضع گورمکھ سنگھ تحصیل بہاولنگر میرے روبرو برائے منظوری پیش ہوا محمد ایوب بیٹا متوفیہ حاضر آکر بیانی ہے کہ میری والدہ رحمت بی بی دختر محمد ادریس/ ذوجہ کمال دین ذات جوئیہ بقضائے الٰہی فوت ہوچکی ہے جس کا انتقال وراثت درج کروایا ہے متوفیہ کے ورثاء میں خاوند محمد ادریس تین بیٹے محمد ایوب۔ عبدالشکور۔ منظور احمد۔ تین بیٹیاں نور بیگم۔ وزیراں بی بی۔ نذیراں بی بی زندہ حیات ہیں اور والدین متوفیہ پہلے سے فوت شدہ ہیں انتقال وارثت منظور کرانا چاہتا ہے دیگر کوئی وارث درج نہ کرایا ہے اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو یا کوئی وارث محروم کیا گیا ہو تو اندر سات یوم دفتر زیر دستخطی اصالتاً یا وکالتاً حاضر آکر جواب داخل کریں ورنہ کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی

(مہر عدالت) (دستخط آفیسر مجاز)

Cr..Donga

بعدالت جناب شہزادہ شاہ بہرام صاحب سول جج سیالکوٹ

عاصم زاہد بنام محمد ندیم انور

دعویٰ دلاپانے

اخبار اشتہار بنام: محمد ندیم انور ولد محمد انور راں ساکن جسوراں تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 2026-10-26 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوئے گی بعد میں کوئی عذر وقابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Tabbasum

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری فرغام بنام روبینہ وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام:۔ روبینہ دختر محمد علی، برکت علی ولد باغ علی، کرم بی بی، بشیراں، صغراں، شریفاں، حنیفاں دختران، محمد اشرف، بشیر احمد پسران باغ علی، صغراں دختر صوبہ، سراجدین ولد وزیر، چراغدین ولد وزیر، فرخ بی بی، شاہین، بشریٰ، روبینہ، معافیہ، ثمینہ دختران محمد رفیق، رحمت علی، صاحب دین، غفور علی پسران صوبہ، رشید احمد ولد محمد انور، محمد شہباز ولد منیر احمد، خورشید احمد، نذیر احمد، محمد صدیق پسران، خالدہ پروین دختر محمد انور، خالد محمود ولد سراجدین، ساجد محمود ولد خالد محمود، تنویر علی، جہانگیر علی، محمد اشفاق پسران منیر احمد جٹ سندھو دفتوہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-10-24 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب رانا عرفان صاحب تحصیلدار تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ محمد سرور ولد عاشق علی چک نمبر 127 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں عاشق علی والد، جمیداں بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، غلام فاطمہ بیوہ، رحمان علی، ذیشان علی، حسنین علی، محمد حسنین حیدر پسران، فضہ لاریب دخترس زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جاوید اقبال ولد کرم دین چک نمبر 72 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی (لاولد) فوت ہو چکا ہے۔ متوفی کے وارثان میں کرم دین والد، فاطمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدگان، فقیر محمد، محمد اسلم برادران، پروین خالد دختر زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب سائرہ افضل صاحبہ جج فیملی کورٹ سیالکوٹ

صوبیہ شہزادی بنام محمد وارث

دعویٰ تنسیخ نکاح

اخبار اشتہار بنام: محمد وارث ولد محمد بوٹا ساکن میانہ پورہ سیالکوٹ

ہرگاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 2026-10-20 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوئے گی بعد میں کوئی عذر وقابل قبول نہ ہوگا۔ بحکم عدالت ہذا۔

CR Arshad Ali Tabbasum

گمشدگی فرد

ہرگاہ مطلع کیا جاتا ہے کہ نصرت شاہین ورمضان بی بی دختران نول خاں سکنائے بدر پور قصور نے فرد برائے بیع رقبہ تعدادی 8 کنال آئی ڈی نمبر 18981785 مورخہ 2023-03-14 کو جاری کروائی جو کہ دوران سفر گم ہوگئی جسے منسوخ کیا جانا مطلوب ہے اگر کسی شخص بنک یا ادارہ وغیرہ کو اعتراض ہو تو اندر سات یوم اعتراض داخل کریں بعد ازاں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔ المشتہر۔ اراضی ریکارڈ سنٹر قصور

Cr..Bhutta

اعلان لاتعلقی

میں اپنے بیٹے اظہار حسین ولد محمد اشرف سے بوجہ بری حرکات اعلان لاتعلقی کرتی ہوں آئندہ میں اور میرے بیٹے ابرار حسین، اسرار حسین، افتخار حسین پسران محمد اشرف (اپنے بھائی اظہار حسین) کے کسی قول وفعل یا لین دین کے ذمہ دار نہ ہونگے۔ یہ اپنے کیے کا خود ذمہ دار ہوگا۔ اس سے اگر کسی کا کوئی لین دین ہو تو وہ خود ذمہ دار ہوگا۔ المشتہر۔ سکینہ بی بیوہ محمد اشرف، ابرار حسین، اسرار حسین، افتخار حسین پسران محمد اشرف سکنائے سہاری روڈ گلی نمبر 5 محلہ بستی صابری قصور

Cr..Bhutta

بعدالت جناب محبوب اختر بھٹہ صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب جاوید اقبال گجر صاحب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ شہادت بی بی دختر شکرا چک نمبر 72 گ ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں شکرا والد، صابی بی بی والدہ، محمد علی خاوند پہلے فوت شدگان، صفدر علی، اکبر علی، ایوب علی، نفر علی، ظہور احمد، تنویر پسران زندہ وارثان تصدیق ہوئے ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

بعدالت جناب محمد شبیر صاحب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب/ جج بینکنگ کورٹ ساہیوال۔

مقدمہ نمبر: 445/2026

بعنوان: بینک الفلاح لمیٹڈ بنام زاہد علی

نوعیت: دعویٰ دلاپانے

اشتہار بنام: زاہد علی ولد عاشق علی سکنہ وٹڈال سنگھ ڈاکخانہ ملکہ ہانس ضلع پاکپتن شریف۔

مدعی مذکورہ بالا نے آپ کے خلاف دعویٰ دلاپانے مبلغ -/378160 روپے معہ مارک اپ/ سود خرچہ وغیرہ جو اس نے بحیثیت مدعی یافتنی دائر کیا ہے لہذا آپ کے نام اشتہار زیر دفعہ (5) 9 فنانشل انسٹی ٹیوٹیشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس 2001 شائع کیا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے 30 دن کے اندر آپ درخواست برائے اجازت دفاع مقدمہ بصورت جواب دعویٰ زیر دفعہ 10 آرڈیننس 2001 مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کریں مطلع رہیں کہ آپ نے اندر میعاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری مستدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائے گی۔ آئندہ تاریخ پیشی برائے مزید کاروائی مورخہ 2020-11-02 مقرر ہے۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام سردار محمد وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام:۔ سردار محمد ولد احمد دین، شوکت علی ولد کاکا گجر، سخاوت علی، زیارت علی پسران مراتب علی راجپوت کھوکھر، محمد طفیل ولد غلام نبی راجپوت بھٹی، طالب حسین ولد محمد اسماعیل، بشارت علی ولد مراتب علی، محمد سجاد ولد محمد انور، محمد رمضان ولد دین محمد، محمد رمضان ولد عنایت محمد، محمد اشرف، محمد بوٹا، محمد یعقوب پسران سردار محمد، نوابدین، محمد اقبال پسران دین محمد گجر موضع دفتوہ قصور، حاجرہ زوجہ محمد طفیل گجر مکان نمبر 221 محلہ حبیب کوٹ لکھپت لاہور، محمد اسلم ولد غلام نبی، محمد یعقوب ولد چنن دین، مقصود احمد، امجد علی، ارشد علی پسران سردار محمد گجر چوہان، عاصم علی ولد مراتب علی، منیر آفتاب ولد نذیر احمد انصاری، منصور احمد، مسرور احمد، ظہور احمد، احمد رضا، عبدالرؤف پسران، ثمینہ منظور، عائشہ منظور دختران منظور احمد گجر موضع دفتوہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-10-24 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

Cr..Bhutta

بعدالت جناب اکرم صاحب نائب تحصیلدار/ بعدالت جناب اسسٹنٹ ڈائریکٹر لینڈ ریکارڈ آفیسر/ اراضی ریکارڈ سنٹر کھرڑیانوالہ تحصیل جڑانوالہ

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ جیوی بی بی دختر بگا چک نمبر 54/ر ب تحصیل جڑانوالہ میں مالک اراضی فوت ہو چکی ہے۔ متوفیہ کے وارثان میں بگا والد، سید اں بی بی والدہ، بہادر علی خاوند پہلے فوت شدگان، فقیر محمد، دلیس محمد، فرزند علی پسران بعد میں فوت شدگان، نذیر احمد پسر زندہ وارثان ہیں۔ ان کے علاوہ کوئی جائز وارث ہو تو اندر 7 یوم بعد اشاعت اخبار اشتہار کے روبرو گواہان پیش ہوکر اپنا موقف زبانی و دستاویزی پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر انتقال تصدیق کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

Cr..Sajjad Ahmed Bhatt

از دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج پیدائش ہر گاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی علی احمد ولد اللہ دتہ ذات گوپیرا سکنہ باجک ڈاک خانہ ڈونگہ بونگہ تحصیل وضلع بہاولنگر نے اپنے بیٹا علی حسنین کی تاریخ پیدائش کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لئے درخواست دفتر یونین کونسل گلاب علی تحصیل وضلع بہاولنگر میں گزاری ہے علی حسنین ولد علی احمد کی تاریخ پیدائش مورخہ 2018-08-30 درج کروائی ہے عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص یا کسی سرکاری یا نیم سرکاری ادرے کو اس تاریخ پیدائش پر کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر واعتراض دفتر اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر یا دفتر یونین کونسل گلاب علی حاضر آکر جمع کروائے۔ بعد از میعاد اخبار اشتہار لیٹ اندراج پیدائش سرٹیفکیٹ جاری کردیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا

المشتہر۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر

بعدالت جناب محمد شبیر صاحب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب/ جج بینکنگ کورٹ ساہیوال۔

مقدمہ نمبر: 444/2026

بعنوان: بینک الفلاح لمیٹڈ بنام احمد ذیشان

نوعیت: دعویٰ دلاپانے

اشتہار بنام: احمد ذیشان ولد محمود الرحمٰن سکنہ مکان نمبر 2183 بلاک نمبر 17 گلی نمبر 5 ملک مارکیٹ تحصیل چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

مدعی مذکورہ بالا نے آپ کے خلاف دعویٰ دلاپانے مبلغ -/1993866 روپے معہ مارک اپ/ سود خرچہ وغیرہ جو اس نے بحیثیت مدعی یافتنی دائر کیا ہے لہذا آپ کے نام اشتہار زیر دفعہ (5) 9 فنانشل انسٹی ٹیوٹیشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس 2001 شائع کیا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے 30 دن کے اندر آپ درخواست برائے اجازت دفاع مقدمہ بصورت جواب دعویٰ زیر دفعہ 10 آرڈیننس 2001 مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کریں مطلع رہیں کہ آپ نے اندر میعاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری مستدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائے گی۔ آئندہ تاریخ پیشی برائے مزید کاروائی مورخہ 2020-11-06 مقرر ہے۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/ ریونیو/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

محمد نواز بنام کرامت علی وغیرہ

عنوان: درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ 1867ء

اشتہار بنام: 1- کرامت علی ولد علی اکبر 2- سردار عمر دراز ولد چوہدری نور حسین قوم گجر 3- مظفر علی ولد خوشی محمد 4- ناہید بی بی دختر خوشی محمد 5- مزمل ولد سید احمد 6- خالد جاوید ولد خوشی محمد، 7- گل نواز ولد علی محمد 8- مدثر احمد ولد خوشی محمد 9- حاجی ولد خوشی محمد، 10- محمد صفدر ولد خوشی محمد، 11- غلام رسول ولد برکت علی 12 محمد شفیع ولد برکت علی 13- رزمہ خان دختر خان محمد 14- عدنان منیر خاں ولد خان محمد، 15 محمد حنیف ولد ہدایت اللہ، 16- رخسانہ بی بی دختر سید احمد، 17- شبیر احمد ولد ہدایت، 18- فریحہ خان دختر خان محمد 19- رقیہ بی بی دختر ہدایت اللہ، 20- مقبول بی بی دختر برکت علی 21- رضیہ سلطانہ دختر سید احمد، 22 محمد نواز ولد علی محمد 23- فاطمہ بی بی دختر برکت علی، 24- محمد جان ولد خاں محمد، 25- ناصر فاروق ولد علی محمد، 26 احمد اویس ولد شبیر احمد 27- احسن علی ولد گل نواز، 28- محمد حسن علی ولد گل نواز، 29- عبدالرحمان ولد گل نواز، 30- نعمان علی ولد گل نواز، 31 محمد زمان علی ولد گل نواز، 32- ریحانہ دختر سید احمد 33- کوثر بی بی دختر سید احمد اقوام جٹ ڈھلو ساکنان گھوکل تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ۔

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہان کی آسان طریقہ سے تعمیل ہو نا ممکن ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعا علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 2026-10-22 کو بوقت 8:00 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر/ اعتراض پیش کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی، دستخط ہمارے مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

Cr..Zia

بعدالت جناب محمد شبیر صاحب ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج صاحب/ جج بینکنگ کورٹ ساہیوال۔

مقدمہ نمبر: 443/2026

بعنوان: بینک الفلاح لمیٹڈ بنام محمد عمر

نوعیت: دعویٰ دلاپانے

اشتہار بنام: محمد عمر ولد محمد رمضان سکنہ مکان نمبر 211/17 محلہ اسلام کالونی ضلع پاکپتن

مدعی مذکورہ بالا نے آپ کے خلاف دعویٰ دلاپانے مبلغ -/3196429 روپے معہ مارک اپ/ سود خرچہ وغیرہ جو اس نے بحیثیت مدعی یافتنی دائر کیا ہے لہذا آپ کے نام اشتہار زیر دفعہ (5) 9 فنانشل انسٹی ٹیوٹیشنز (ریکوری آف فنانسز) آرڈیننس 2001 شائع کیا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس اشتہار کی اشاعت کی تاریخ سے 30 دن کے اندر آپ درخواست برائے اجازت دفاع 10 آرڈیننس 2001 مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کریں مطلع رہیں کہ آپ نے اندر میعاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری مستدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائے گی۔ آئندہ تاریخ پیشی برائے مزید کاروائی مورخہ 2020-11-02 مقرر ہے۔ دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔

Cr..Khizar

بعدالت جناب تحصیلدار صاحب/ ریونیو/ اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

عدنان قادر وغیرہ بنام محمد امین وغیرہ

عنوان: درخواست تقسیم اراضی زیر دفعہ 135 لینڈ ریونیو ایکٹ 1867ء

اشتہار بنام: 1- محمد امین ولد محمد نذیر ذات جٹ باجوہ 2- دلشاد بی بی دختر غلام قادر 3- نور انور دختر انور حسین اقوام راجپوت کھوکھر 4- عاشق حسین ولد محمد انور ذات جٹ باجوہ 5 محمد الیاس ولد بشیر احمد ذات بھٹی 6- سکینہ بی بی دختر غلام قادر ذات راجپوت کھوکھر 7 محمد انور ولد محمد نذیر ذات جٹ باجوہ 8- سادات احمد ولد محمد احمد ذات راجپوت کھوکھر 9- عابدہ بی بی دختر محمد نذیر ذات جٹ باجوہ 10- حمزہ قادر ولد انور حسین ذات راجپوت کھوکھر 11 نعمان قادر ولد انور حسین ذات راجپوت کھوکھر 12 سمیع ولد محمد احمد ذات راجپوت کھوکھر 13- الطاف حسین ولد غلام قادر ذات راجپوت کھوکھر 14- بشریٰ انور بیوہ انور حسین ذات راجپوت کھوکھر 15- ماجد علی ولد محمد انور ذات جٹ باجوہ 16- غلام دستگیر ولد محمد امین ذات جٹ باجوہ 17- طیب علی ولد محمد امین ذات جٹ باجوہ 18- بشریٰ انور دختر غلام قادر ذات راجپوت کھوکھر 19- لیاقت علی ولد محمد نذیر ذات جٹ باجوہ 20- شہباز احمد ولد محمد سرور ذات راجپوت کھوکھر 21- سجاد احمد ولد محمد سرور ذات راجپوت کھوکھر 22- رخسانہ کوثر دختر محمد سرور ذات راجپوت بھٹی 23- عشرت بانو دختر محمد سرور ذات راجپوت کھوکھر 24- تسلیم بی بی بیوہ اعجاز احمد ذات راجپوت کھوکھر 25- ابرار حسین ولد محمد سرور ذات راجپوت کھوکھر 26 علی سلیمان ولد اعجاز احمد ذات راجپوت کھوکھر ساکنان جاکے چیمہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہان کی آسان طریقہ سے تعمیل ہو نا ناممکن ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا مدعا علیہان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مورخہ 2026-10-21 کو بوقت 8:00 بجے صبح عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہوکر اپنا عذر/ اعتراض پیش کریں بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی، دستخط ہمارے مہر عدالت سے جاری کیا گیا۔

Cr..Zia

www.sehar.pk dailysehar1@gmail.com
MEMBER APNS — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ABC CERTIFIED
Daily SEHAR
مجھے ہے حکم اذاں لا الہ الا اللہ
روزنامہ سحر لاہور
چیف ایڈیٹر ملک یامین اعوان

پہلوانوں کے شہر سے

GUJRANWALA

افتخار احمد چوہان

چیمبر آف کامرس میں آئی پی او ڈیسک کا قیام ڈی جی نے افتتاح کیا

انٹلیکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان کیڈ ڈائریکٹر جنرل نعمان اسلم شیخ نیڈ ڈائریکٹر لاہور معید رانا اور ٹیم کے ہمراہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور چیمبر میں قائم "آئی پی او پاکستان ڈیسک کا فیتا کاٹ کر افتتاح کیا

تقریب میں صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈے اے عامر رحمان، سابقہ نائب صدر و ایگزیکٹو ممبر وقاص افضل مغل، ایگزیکٹو ممبران، سمیت سینئر اراکین اور صنعتکاروں نے شرکت کی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) انٹلیکچوئل پراپرٹی آرگنائزیشن آف پاکستان کیڈ ڈائریکٹر جنرل نعمان اسلم شیخ نیڈ ڈائریکٹر لاہور معید رانا اور ٹیم کے ہمراہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا دورہ کیا اور چیمبر میں قائم "آئی پی او پاکستان ڈیسک کا فیتا کاٹ کر افتتاح کیا۔ اس موقع پر ممبران، صنعتکاروں اور تاجروں کیلئے انٹلیکچوئل پراپرٹی رائٹس، برانڈ پروٹیکشن اور اختراعات کیتحفظ کیموضوع پر آگاہی سیشن بھی منعقد ہوا۔ تقریب میں صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر محمد ارشد مغل، نائب صدر رانا محمد فرحان اصغر، سابق صدر میاں عمر سلیم، سابق چیئرمین جی ڈے اے عامر رحمان، سابقہ نائب صدر و ایگزیکٹو ممبر وقاص افضل مغل، ایگزیکٹو ممبران، سمیت سینئر اراکین اور صنعتکاروں نے شرکت کی۔ سیشن سے خطاب کرتے ہوئے ڈی جی آئی پی او نعمان اسلم شیخ نے کہا کہ گوجرانوالہ کی تجارتی و صنعتی اہمیت کے پیش نظر چیمبر میں قائم کیا گیا کانٹر تاجروں کیلئے انتہائی اہم ثابت ہوگا، جہاں آئی پی او کا افسر مستقل بنیادوں پر موجودہ کراراکین کو مقامی سطح پر تمام مطلوبہ سہولیات فراہم کرے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ڈیجیٹلائزیشن اور جدید ٹیکنالوجی کے نفاذ سے ٹریڈ مارک اور برانڈ کی منظوری کا عمل تیز کر دیا گیا ہے۔ ماضی میں زیرالتوا 30 ہزار سے زائد درخواستیں نمٹا کر گزشتہ سال ان کی تعداد اب 2500 تک رہ گئی ہے جبکہ رجسٹریشن کا دورانیہ 2 سال سے کم کر کے بین الاقوامی معیار کے مطابق 8 ماہ کر دیا گیا ہے۔ ڈی جی آئی پی او نیکہا کہ آئی پی او بطور ریگولیٹر صنعتکاروں کے برانڈ نیم، لوگو، پروڈکٹ ڈیزائن، کاپی رائٹس، ٹریڈ سیکرٹس اور اختراعات کی قانونی منظوری اور تحفظ کو یقینی بناتا ہیاور باہمی تنازعات کے فوری حل کیلئے الٹرنیٹ ڈسپیوٹ ریزولیوشن کا نظام بھی متعارف کرایا جارہا ہے۔ صدر چیمبر شیخ غلام حسین جج، سینئر نائب صدر و نائب صدر نے چیمبر میں آئی پی او کانٹر کیقیام کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے گوجرانوالہ کی صنعت کے تحفظ اور عالمی سطح پر ترقی کیلئے اہم پیشرفت قرار دیا۔

☆☆☆☆☆

پولیس مقابلے، چار ریکارڈ یافتہ زخمی حالت میں گرفتار، ایک فرار ہوگیا

مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) مختلف علاقوں میں پولیس مقابلے، 4 ریکارڈ یافتہ ملزمان زخمی حالت میں گرفتار، تھانہ کھیالی پولیس کارروائی میں اقدام قتل، راہزنی و چوری اور منشیات فروشی سمیت 21 مقد

بعدالت جناب سائرہ افضل صاحبہ جج فیملی کورٹ سیالکوٹ

مسماۃ عندلیب بنام محمد بن قاسم
دعویٰ تنسیخ نکاح
اخبار اشتہار بنام: محمد بن قاسم ولد جاوید اقبال ساکن کیس تحصیل وضلع سیالکوٹ
ہرگاہ دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا ممکن نہ ہے۔ لہذا مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ پیشی مورخہ 24-10-2026 کو عدالت ہذا میں اصالتاً یا وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کرسکتا ہے۔ بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوئے گی بعد میں کوئی عذر وقابل قبول نہ ہوگا
بحکم عدالت ہذا۔
CR Arshad Tabbasum

اشتہار برائے عوام الناس

بعدالت جناب محترمہ نبزا یاسین گارڈین وسول جج کامونکی ضلع گوجرانوالہ
درخواست برائے حصول سٹیفکیٹ بابت ذات
مدعیہ۔ ماریہ شہباز دختر محمد شہباز ساکن ڈاکخانہ خاص واہنڈ وتحصیل کامونکے ضلع گوجرانوالہ
بنام۔ عوام الناس
عرفان علی ولد غلام حسین قوم بھلر ساکن محلہ سمن آباد واہنڈ کاموںکے ضلع گوجرانوالہ
کوبذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24/10/2026 کو پیش عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
Cr..Nadeem Gujjar

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان۔ اخبار اشتہار برائے لیٹ اندراج فوتیدگی
ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی احمد رضا ولد ضیاء الدین سکنہ قریش کالونی تحصیل وضلع بہاولنگر نے اپنے حقیقی بھائی زاہد ضیاء ولد ضیاء الدین سکنہ قریش کالونی تحصیل وضلع بہاولنگر کی تاریخ وفات مورخہ 12-04-2022 کے لیٹ اندراج فوتیدگی کروانے کے لئے درخواست دفتر میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ عوام الناس کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی شخص کو متوفی زاہد ضیاء ولد ضیاء الدین سکنہ قریش کالونی تحصیل وضلع بہاولنگر کی تاریخ وفات مورخہ 12-04-2022 کا کسی قسم کا کوئی عذر یا اعتراض ہو تو وہ اس اشتہار کی اشاعت کے دس یوم کے اندر اپنا تحریری عذر واعتراض دفتر میونسپل کمیٹی بہاولنگر کو دفتر حاضر آکر جمع کروائے۔ بعداز میعاد اخبار اشتہار متوفی کا سٹیفکیٹ فوتیدگی جاری کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش، موت، نکاح، طلاق، میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر
Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنئیر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع
تبسم دختر مشتاق خاں بنام کامران افضل ولد محمد افضل ساکن مکان نمبر 366 محلہ ماڈل ٹاؤن گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول جج/گارڈین/فیملی کورٹ/مجسٹریٹ درجہ اول پھالیہ

عنوان: دلدار حسین وغیرہ بنام افتخار احمد وغیرہ
دعویٰ: دخلیابی بذریعہ تقسیم جداگانہ
اشتہار بنام: افتخار احمد ولد علی حسن۔ محمد رمضان ولد جمال دین۔ محمد رفاقت۔ محمد فیصل۔ محسن شہزاد۔ امجد اقبال۔ ساقب علی پسران محمد انار۔ محمد اسلم ولد محمد یار۔ عزہ وسیم زوجہ ہمایوں وسیم محمد۔ اویس اعظم۔ عمیر۔ کاکا پسران گڈو بیوہ اقوام گجر۔ حسن رضا۔ محمد اکرم۔ عامر اقبال پسران محمد نواز اقوام لنگاہ۔ مصباح افضل زوجہ تنویر اقبال۔ توقیر عباس ولد محمد سلیم اقوام لوہار۔ محمد اقبال ولد ظریف احمد قوم گجر۔ محمد اشرف ولد متعلی۔ مستنصر اقبال ولد غلام علی اقوام تارڑ۔ نعیم عمر ولد ریاض احمد قوم انصاری۔ ناصرہ پروین زوجہ مشتاق احمد۔ محمد فاروق۔ عبدالرزاق پسران جمال دین اقوام گجر۔ سکندر بیگ ولد محمد نواز قوم مغل۔ محمد عثمان ولد محمد آصف قوم گجر۔ مرزا غلام عباس ولد حاجی مرزا اصغر علی۔ فوزیہ یاسمین زوجہ سرفراز بیگ اقوام مغل۔ امجد اقبال ولد غلام علی قوم تارڑ۔ فاروق سعید ولد سعید اختر قوم گجر۔ ارشد محمود ولد امام دین قوم آرائیں۔ محمد یونس ولد محمد یوسف۔ غلام یاسین ولد ظفر دین اقوام گجر۔ نسرین کوثر زوجہ محمد نواز۔ شہباز حسین ولد محمد ریاض اقوام ارائیں۔ زاہد اقبال ولد ماہلہ۔ نصرت رانی دختر ولی محمد قوم ملک تیلی۔ محمد ذیشان ولد محمد اصف قوم گجر۔ سجاد حسین ولد پائندہ قوم جٹ تارڑ۔ شرجیل احمد ولد شبیر احمد۔ انوری بیگم دختر محمد شریف بیوہ سعید اختر شاہد اقوام گجر۔ محمد اشرف ولد متعلی قوم تارڑ۔ رفاقت علی ولد منصب قوم گجر۔ ظہیر اقبال ولد عبدالرشید قوم ارائیں۔ ضمیر عباس ولد غلام شیر قوم گجر۔ ظفر اقبال ولد لیاقت قوم ارائیں۔ ابوبکر سعید ولد سعید اختر شاہد قوم گجر۔ محمد نذیر ولد فخر دین اقوام گجر۔ مصباح رشید زوجہ محمد اسلم قوم ارائیں ساکنائے قادر آباد تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاؤالدین
ہرگاہ مدعا علیہم کو نوٹس۔ رجسٹری A/D کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 20-10-202 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعا علیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
یہ اشتہار بحکم عدالت حذا جاری ہوا ہے۔
Cr..Sarfraz

بعدالت جناب بلال افتخار صاحب سول جج وزیر آباد

دعویٰ تقسیم جائیداد
عنوان مقدمہ: فرخندہ سلیم زوجہ محمد عثمان انور طور وغیرہ
بنام: سید سجاد حسین ولد شوکت حسین، سید نوید حسین ولد نذاکت حسین، خالدہ پروین بیوہ شفقت حسین، کنول شہزادی، انیتا شہزادی، نمرہ شہزادی، علیشہ شہزادی، سید حمیر حسین ولد شفقت حسین، سید باسط حسین قوم سید ساکنان میرآباد کالونی بھٹی کے تحصیل وضلع وزیر آباد
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا ان کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ بتقرر 07-11-2026 کو صبح 8 بجے عدالت ہذا حاضر آکر پیروی و جواب دہی مقدمہ بالا کریں۔ بصورت دیگر عدم حاضری ان کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔
آج بدستخط میرے ومہر عدالت سے جاری ہوا۔
مہر عدالت سی آر۔ AM دستخط حاکم مجاز

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ نمبر 6 لاہور

مقدمہ نمبر 026/261، عنوان حبیب بنک لمیٹڈ بنام علی رضا اخبار اشتہار نوید اختر، علی رضا ولد فیض الروف سکنہ ولگن سوہنا ڈاکخانہ وار برٹن تحصیل و ضلع ننکانہ صاحب ہرگاہ مدعی مذکورہ عنوان بالا نے آپکے خلاف دعوی دلاپانے مبلغ 708645/18 روپے معہ مارک اپ سود خرچہ وغیرہ جو جواس کو بحیثیت مدعی یا فتی دائر کیا ہے لہذا آپ کے نام سمن زیر دفعہ 9(5) فنانشل ریکوری آف آرڈیننس 2001 بھیجا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس سمن کی تعمیل کی تاریخ سے تیس (30) دن کے اندر آپ درخواست بصورت جواب دعویٰ برائے اجازت دفاع مقدمہ زیر دفعہ 10 آرڈیننس مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کرے مطلع رہیں کہ اگر آپ نے اندر معیاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری متدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائیگی آئندہ پیشی برائے مزید کاروائی 22-10-2026 مقرر ہے یہ ثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت 14-9-2026 جاری کیا گیا
Cr..Anwar

بعدالت جناب چیئرمین ثالثی کونسل میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر

عنوان۔ خلع ڈگری۔ کیس نمبر 152 موصولہ مورخہ۔ 27-07-2026
اشتہار بنام مسمی سید صبیح بخاری ولد سید اسد بخاری سکنہ مکان نمبر 125B/2 جوہر ٹاؤن لاہور۔ ہرگاہ آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ کی خلع ڈگری کیس نمبر 152 (سیدہ علیزہ دختر سید علی رضا نقوی قوم سید سکنہ تحصیل بازار بہاولنگر بنام سید صبیح بخاری ولد سید اسد بخاری سکنہ مکان نمبر 125B/2 جوہر ٹاؤن لاہور) موثر ہونے کے لیے دفتر ہذا میں چیئرمین ثالثی کونسل تحصیل وضلع بہاولنگر کے سامنے پیش خدمت ہے۔ بارہا آپ کو مطلع کیا گیا ہے لیکن آپ حاضر نہ ہوئے اس لیے بذریعہ نوٹس اخبار اشتہار آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مورخہ 31-10-2026 کو بوقت 30:11 بجے دن بمقام دفتر چیئرمین ثالثی کونسل/ یونین کونسل تحصیل وضلع بہاولنگر میں حاضر ہوں۔ عدم تعمیل کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں آپ کا کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار ثالثی کونسل میونسپل کمیٹی تحصیل و ضلع بہاولنگر
Cr..Raja Kokab

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنئیر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع
زینب سلیمان دختر محمد سلیمان بٹ بنام عمر عثمان ولد محمد اصغر ساکن محلہ چاہ ترینگ گجرات
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 29-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب شہزاد اسلم صاحب سول جج وزیر آباد،

دعویٰ تقسیم مکان، دعویٰ بحالی
رشیدہ بیوہ محمد طفیل وغیرہ بنام شگفتہ، ناصرہ دختران عبدالحمید، پروین زوجہ محمد رمضان دختر عبدالحمید اقوام راجپوت ساکنان بلوچی گلہ نمبر 2 وزیر آباد تحصیل وضلع وزیر آباد
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 23-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب محمد نعیم صاحب سول جج/گارڈین/فیملی کورٹ/مجسٹریٹ درجہ اول پھالیہ

عنوان: بلقیس بیگم بنام محمد شاہد
دعویٰ: استقرر حق
اشتہار بنام: محمد شاہد ولد ریاض الدین قوم آرائیں ساکن قادر آباد تحصیل پھالیہ ضلع منڈی بہاولدین
ہرگاہ مدعا علیہ کو نوٹس۔ رجسٹری A/D کے ذریعہ سے تعمیل ہونا مشکل ہے اس لیے مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مورخہ 20-10-2026 کو بوقت 8 بجے صبح عدالت جناب میں اصالتاً یا وکالتاً حاضر ہو۔ ورنہ مدعا علیہ کے خلاف کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
یہ اشتہار بحکم عدالت حذا جاری ہوا ہے۔
Cr..Sarfraz

بعدالت جناب تحصیلدار/ADLR صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:- انتقال وراثت متوفی محمد حسن ولد حاجی نذر محمد قوم پراچہ موضع بدری نرائن پورہ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے وارثان 1 بیوہ مشتاق بیگم، 3 بیٹے محمد خالد (بعدازفوت) محمد طارق، محمد ساجد اور 1 بیٹی ساجدہ جاوید پسران و دختر محمد حسن زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..RA

بعدالت جناب ابوسفیان صاحب تحصیلدار ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 9976، وراثت موضع مندرانوالہ، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفی مسمی عمران اللہ وڑائچ ولد محمد اجمل قوم جٹ وڑائچ ساکن موضع مندرانوالہ، تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی و شرعی وارثان میں ایک بیوہ غزالہ عروج، 1 بیٹا گوہر عمران، 1 بیٹی از کی عمران زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج برپشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندرسات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا۔
Cr..Zia

اشتہار برائے عوام الناس

بعدالت جناب میڈیم رابعہ سلیم سول جج کامونکی ضلع گوجرانوالہ
دعویٰ۔ استقرار حق بابت تقرری وارثان
مدعی۔ مظہر علی چوہدری ولد محمد بخش قوم راجپوت سکنہ گلی نمبر 7 محلہ ماتارانی کامونکے ضلع گوجرانوالہ
بنام۔ عوام الناس
ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن دفتر واقع ماڈل ٹاؤن کامونکے ضلع گوجرانوالہ بذریعہ متعلقہ آفیسر
کوبذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 22/10/2026 کو پیش عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی کریں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
Cr..Nadeem Gujjar

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد

اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے شازیہ تبسم تاریخ پیدائش 02-09-1990، نازیہ صداقت تاریخ پیدائش 07-04-1988 سکنہ محلہ اسلام نگر گلی نمبر 6/7 مکان نمبر P-654 فیصل آباد کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ ارشاد احمد (والد) نے استدعا کی ہے اپنی بیٹیوں کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعداز گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔
Cr..FSd

بعدالت جناب چوہدری قیصر شہزاد صاحب سنئیر سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ دلاپانے سامان جہیز
جویریہ دختر محمد الطاف بٹ بنام عاصم بشیر بٹ ولد ابرابر بشیر بٹ ساکن قبرستان روڈ سٹریٹ نمبر 2 محلہ فضل ٹاؤن گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 24-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب بلال افتخار صاحب سول جج وزیر آباد،

دعویٰ دخلیابی جائیداد وغیرہ
میاں رضوان شہزاد ولد محمد رفیق بنام محمد یاسین ولد محمد فاضل ذات آرائیں ساکن بسمہ اللہ کریانہ سٹور مدینہ بیکری والا چوک غازی روڈ محلہ شریف پورہ گکھڑ منڈی تحصیل وضلع وزیر آباد
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 20-اکتوبر-2026 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب سول جج چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

نوعیت۔ دعوی تعمیل مختص وغیرہ عنوان۔ جمشید اسلم بنام محسن نواز باجوہ بنام۔ محسن نواز باجوہ ولد چوہدری محمد نواز باجوہ ذات جٹ باجوہ سکنہ چک نمبر 31/11L ٹینڈر چیچہ وطنی۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ تاریخ مقرر 21-10-2026 صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جواب دہی کریں بصورت دیگر کاروائی آپکے خلاف یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا
Cr..Tariq

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش
ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی سید مزمل حسین ولد ظفر شاہ ساکن باگڑ والا کھوہ ڈاکخانہ بہاولنگر روچھانوالی بہاولنگر، نے اپنی زوجہ سیما بی بی تاریخ پیدائش مورخہ 10-07-1994 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ بالا لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آکر اپنا تحریری طور پر بیان/ اعتراض داخل کروائے، بعداز معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول ہوگا۔
المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر
Cr..RAja Kokab

بعدالت جناب ADLR/تحصیلدار صاحب تحصیل منچن آباد

عنوان:- انتقال وراثت متوفی فیض محمد موضع، گنیش پورہ تحصیل منچن آباد۔ عنوان بالا انتقال وراثت برائے منظوری پیش ہوا ہے۔ جس میں متوفی کے واثان میں، ایک بیوہ انور بیگم، بیٹا، محمد اسماعیل، دو بیٹاں، زیب الہی، حفیظاں بی بی، زندہ حیات درج ہیں۔ لہذا بذریعہ اخبار اشتہار عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ متوفی کے وارثان میں سے کوئی اور وارث ہے تو وہ اپنا ثبوت پیش کرے۔ بصورت دیگر انتقال وراثت انہی درج شدہ وارثان کے نام منظور کر دیا جائے گا۔ اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..RA

بعدالت جناب جج بینکنگ کورٹ نمبر 6 لاہور

مقدمہ نمبر 026/253، عنوان ZTBL بنام اختر علی اخبار اشتہار اختر علی ولد جعفر علی قوم راجپوت سکنہ ڈاکخانہ خاص تحصیل کوٹ رادھا کشن ضلع قصور ہرگاہ مدعی مذکورہ عنوان بالا نے آپکے خلاف دعوی دلاپانے مبلغ/417133 روپے معہ مارک اپ سود خرچہ وغیرہ جو جواس کو بحیثیت مدعی یا فتی دائر کیا ہے لہذا آپ کے نام سمن زیر دفعہ 9(5) فنانشل ریکوری آف آرڈیننس 2001 بھیجا جاتا ہے آپ پر لازم ہے کہ اس سمن کی تعمیل کی تاریخ سے تیس (30) دن کے اندر آپ درخواست بصورت جواب دعویٰ برائے اجازت دفاع مقدمہ زیر دفعہ 10 آرڈیننس مذکورہ عدالت ہذا میں پیش کرے مطلع رہیں کہ اگر آپ نے اندر معیاد متذکرہ بالا درخواست داخل نہ کی تو ڈگری متدعیہ مدعی کے حق میں صادر کردی جائیگی آئندہ پیشی برائے مزید کاروائی 20-10-2026 مقرر ہے یہ ثبت ہمارے دستخط اور مہر عدالت 04-9-2026 جاری کیا گیا
Cr..Anwar

بعدالت جناب راشد شبیر صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

درخواست حصول سٹیفکیٹ جانشینی
عنوان: جویریہ اصغر وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ
رسپانڈنٹ نمبر 2۔ ہیڈ آف ہیومن ریسورسز ڈیپارٹمنٹ یونائیٹڈ انڈسٹریز لمیٹڈ واقع 101 ریجنسی آرکیڈ دی مال فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 22-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..FSd

از دفتر جناب چوہدری ذوالفقار علی DDLG فیصل آباد

اے ڈی ایل جی تحصیل صدر کے دفتر سے ظہور احمد تاریخ پیدائش 15-04-1987 سکنہ چک نمبر 244 رب کا لیٹ اندراج پیدائش کا کیس موصول ہوا ہے درخواست دہندہ محمد نصر اللہ (والد) نے استدعا کی ہے اپنے بیٹے کا لیٹ اندراج پیدائش یونین کونسل 134 چک 82 گ ب میں کروانا چاہتے ہیں اگر کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندریں 10 یوم از اشاعت اخبار زیر دستخطی کو تحریری طور پر پیش کرے بعداز گذرنے معیاد کوئی اعتراض قبول نہ ہوگا۔
Cr..FSd

بعدالت جناب زرتاشیہ بگٹی صاحبہ سول جج گوجرانوالہ،

دعویٰ تنسیخ نکاح بربنائے خلع
ملائکہ دختر عبدالواحید بنام محمد عثمان ولد محمد اکرم ساکن پیپلز کالونی X بلاک گلی نمبر 16 مکان نمبر 28 گوجرانوالہ
ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ تاریخ مقررہ مورخہ 02-نومبر-2026 بوقت 9 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہوکر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی دستخط ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..AM

بعدالت جناب صدف لیاقت صاحبہ سول وفیملی جج کورٹ تحصیل رینالہ خورد

دعوی تنسیخ نکاح بربنائے خلع عنوان نقیہ بنام شکیب نثار
اشتہار بنام شکیب نثار ولد نثار احمد سکنہ مکان نمبر (.ایس.1.B.5) محلہ بی بلاک اوکاڑہ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونی مشکل ہے لہذا بذریعہ اخبار اشتہار ہذا آپ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ آپ مقررہ تاریخ مورخہ 26-10-23 بوقت آٹھ بجے صبح اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت ہوکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے ومہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..Sarwar

بعدالت جناب اللہ یار بھٹی صاحب سول جج چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

نوعیت۔ دعوی تعمیل مختص وغیرہ عنوان۔ جمشید اسلم بنام محسن نواز باجوہ بنام۔ محسن نواز باجوہ ولد چوہدری محمد نواز باجوہ ذات جٹ باجوہ سکنہ چک نمبر 31/11L ٹینڈر چیچہ وطنی۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں آپ تاریخ مقرر 21-10-2026 صبح اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جواب دہی کریں بصورت دیگر کاروائی آپکے خلاف یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا
Cr..Tariq

بخدمت جناب ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ بہاولنگر

عنوان: اخبار اشتہار بابت لیٹ اندراج پیدائش
ہرگاہ عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسماۃ رشیدہ بی بی زوجہ محمد اشرف سکنہ محلہ اسلام نگر بہاولنگر، نے اپنی حقیقی بیٹی کرن بی بی تاریخ پیدائش مورخہ 10?04?1995 کے لیٹ اندراج پیدائش کروانے کے لیے درخواست دفتر رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی بہاولنگر میں گزاری ہے۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ بالا لیٹ اندراج پیدائش کے بارے میں عذر واعتراض ہو تو وہ اندر دس یوم دفتر ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ بہاولنگر میں حاضر آکر اپنا تحریری طور پر بیان/ اعتراض داخل کروائے، بعداز معیاد اخبار اشتہار مذکورہ پیدائش سٹیفکیٹ جاری کر دیا جائے گا، اور آپ کا کوئی عذر واعتراض قابل قبول ہو گا۔
المشتہر۔ رجسٹرار/ اہلکار پیدائش، اموات، نکاح، طلاق، رجسٹریشن برانچ میونسپل کمیٹی تحصیل وضلع بہاولنگر
Cr..RAja Kokab

بعدالت جناب محمد اسلم خان گادھی صاحب سول جج تحصیل شوروکوٹ ضلع جھنگ۔ مسماۃ یاسمین بنام عوام الناس درخواست گارڈین مسماۃ یاسمین زوجہ محمد بوٹا سکنہ چاہ بہادر والا ڈاکخانہ حویلی بہادر شاہ محرم سیال تحصیل شوروکوٹ ضلع جھنگ اشتہار بنام عوام الناس مقدمہ عنوان بالا میں آپ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے لیکن عوام الناس کی تعمیل اسان طریقے سے ہونا ممکن نہ ہے لہذا اپ کو بذریعہ اشتہار اخبار مطالع کیا جاتا ہے کہ مقرر تاریخ 22-10-2026 اصالتاً وکالتاً حاضر عدالت بوقت 8 بجے پیش ہو ورنہ یکطرفہ کاروائی عمل میں لائی جائے گی
Cr..Shahid Shaki

بعدالت جناب ابوسفیان صاحب تحصیلدار ڈسکہ

بروئے انتقال نمبر 845، وراثت موضع سوہاوہ کنہہ، تحصیل ڈسکہ کے تحت متوفی مسمی عبدالستار ولد نور محمد ساکن سوہاوہ کنہہ، تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ کا فوت ہونا درج ہوا ہے جس کے شرعی وارثان کے نام وراثت کا انتقال ابھی تک درج نہ ہوا ہے اور اس کے قانونی وشرعی وارثان میں ایک بیوہ شمیم اختر، 2 بیٹے عبدالاسرار، اسد اللہ، 3 بیٹیاں نمرہ ستار، ثمرہ ستار، مہوش زندہ بروئے شجرہ نسب مرتبہ پٹواری درج برپشت انتقال میں اگر ان وارثان کے علاوہ کوئی اور وارث ہو یا کسی کو علم ہو کسی کو کوئی اعتراض ہو تو اندرسات یوم حاضر آویں عذر پیش کریں بصورت دیگر انتقال کا فیصلہ جلسہ عام مقام دیہہ میں کردیا جاوے گا بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا آج ہماری مہر ودستخط سے جاری ہوا۔
Cr..Zia

بعدالت جناب طارق فاروق شاہ صاحب سول جج/فیملی کورٹ فیصل آباد

دعویٰ استقرار حق
عنوان: محمد بلال وغیرہ بنام عوام الناس وغیرہ
رسپانڈنٹس نمبران 2۔ سٹی ہاؤسنگ فیصل آباد بذریعہ ڈائریکٹر فیصل آباد 3۔ سٹی ہاؤسنگ فیصل آباد بذریعہ GM ریکارڈ فیصل آباد ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں رسپانڈنٹس کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ممکن نہیں لہذا بذریعہ اشتہار اخبار رسپانڈنٹس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 20-10-2026 کو بوقت صبح 8 بجے اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بصورت دیگر کاروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..FSd

صاحب ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کھاریاں

اپیل گارڈین
لیاقت علی بنام عوام الناس
اشتہار منجانب لیاقت علی ولد غلام حیدر قوم گجر ساکن دھکڑ انوالی تحصیل کھاریاں ضلع گجرات بنام عوام الناس سفورا بانو دختر عبدالغفور قوم وہ گجر ساکن ڈھولا تحصیل کھاریاں ضلع گجرات
دعویٰ مندرجہ عنوان بالا میں عوام الناس کی تعمیل ہونا اسان طریقہ سے ممکن نہ ہے لہذا عوام الناس کو بزریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ بتقرر تاریخ 02-11-2026 کو عدالت حاضر ائیں بصورت دیگر کاروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Afzal

بعدالت جناب میڈم فائزہ ریاض صاحبہ سول جج فرسٹ کلاس کھاریاں

درخواست گارڈین
نسرین بیگم بنام عوام الناس
اشتہار منجانب نسرین بیگم وائف اف محمد صدیق ساکن سرعیہ تحصیل کھاری

بقیہ | سحر | 1

سے طلباء و طالبات اپنے نتائج آن لائن دیکھ سکیں گے۔

بقیہ | سحر | 2

کا مظہر ہے۔ تحریک نے دینی و عصری علوم کے امتزاج، علمی و تحقیقی لٹریچر کی تیاری، نوجوانوں اور خواتین کی تربیت، عشقِ رسول ﷺ کے فروغ اور بین المسالک ہم آہنگی کے لیے نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ تحریک کا مقصد دین کی جامع تعلیمات کو عصرِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، نوجوان نسل کی کردار سازی اور معاشرے میں محبت، رواداری اور اتحاد کو فروغ دینا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خیر کی دعوت، نیکی کا فروغ اور برائی سے روکنا ایک منظم دینی جماعت کی بنیادی ذمہ داریاں ہیں۔ کسی تحریک کی حقیقی قدر و منزلت کا تعین اس کی علمی خدمات، نظم و ضبط اور اصلاحِ معاشرہ کے لیے کی جانے والی جدوجہد سے ہوتا ہے۔ علامہ منہاج الدین قادری نے کہا کہ الحمدللہ چار دہائیوں سے زائد عرصہ میں تحریک اپنی اثاثی فکر پر پوری قوت کے ساتھ کھڑی ہے اور فرقہ واریت کے خاتمے اور رواداری کے فروغ کے حوالے سے اہم کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ منہاج القرآن نے خدمت دین کے باب میں تعلیم اور تحقیق کو ہمیشہ سرِفہرست رکھا ہے اور ایسے باوقار تعلیمی ادارے قائم کیے گئے ہیں جو غریب خاندانوں کے بچوں اور بچیوں کو اعلیٰ تعلیم دے رہے ہیں۔ منہاج القرآن کے تعلیمی ادارے فروغ علم کے ساتھ ساتھ شرح خواندگی میں اضافہ کا ذریعہ ہیں۔

بقیہ | سحر | 3

منڈی کے مسائل کے حل اور تاجروں کی بہتری کے لئے ہر ممکن کوشش کریں گے۔

بقیہ | سحر | 4

کا پولیس کے ساتھ سامنا ہوگیا ڈاکوؤں نے پولیس کو دیکھتے ہی اندھا دھند فائرنگ کردی جسکے بعد پولیس اور ڈاکوؤں کے درمیان مبینہ مقابلہ شروع ہوگیا کراس فائرنگ کے نتیجے میں قتل ڈکیتی رابری سمیت 51 وارداتوں میں ملوث اللہ رکھا نامی ڈاکو ہلاک ہوگیا ہلاک ہونیوالے ڈاکو کے قبضے سے موٹر سائیکل اور اسلحہ برآمد ہوا ہے ڈاکو کی ہلاکت کے بعد پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لیکر سرچ آپریشن شروع کردیا ہے#

بقیہ | سحر | 5

ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل اور شکایات کی بلا تاخیر سنوائی اور ان کے موقع پر فوری حل کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عام آدمی کو بلاوجہ کے دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی خادم ہونے کے ناطے شہریوں کو ہر ممکن ریلیف اور سہولت فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے

بقیہ | سحر | 6

عوامی شکایات کا بروقت ازالہ اور شہریوں کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

بقیہ | سحر | 7

جس کی وجہ سے شوکت علی نے اُنکے خلاف تھانہ صدر میں درج دائر کر رکھی ہے اور اسی رنجش پر گذشتہ رات آفتاب ہنجرا، اعجاز اور شمرو غیرہ نے شوکت علی منہاس کے آٹھ ایکڑ زمین کا جمع کیا بھوسہ آگ لگا کر جلا دیا۔ پولیس مصروفِ تفتیش ہے۔

بقیہ | سحر | 8

آپریشن کے بعد بھینس کو اس کے مالک کے حوالے کر دیا۔ بروقت کارروائی اور ریسکیو عملے کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی بدولت بھینس کو بحفاظت بچالیا گیا۔

بقیہ | سحر | 9

کے نام سے ہوئی، ریسکیو 1122 نے ڈیڈ باڈی کو ہسپتال منتقل کردیا۔

بقیہ | سحر | 10

تبادلہ خیال کیا گیا سید عباس رضا رضوی نے کہا کہ موجودہ دور میں کامیاب زراعت کے لیے صرف روایتی تجربات پر انحصار کافی نہیں، بلکہ جدید تحقیق، سائنسی رہنمائی اور زمین کی ضروریات کے مطابق زرعی مداخل کا درست استعمال بھی انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ زمیندار اگر فصلوں کی نوعیت، زمین کی زرخیزی اور غذائی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب زرعی مصنوعات کا انتخاب کریں تو پیداوار کے معیار اور فی ایکڑ نتائج میں بہتری کے امکانات بڑھ سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ علاقے کے جدت پسند زمیندار زراعت میں جدید رجحانات کو اپنانے اور ایڈوانس فارمولیشن والی کھادوں سمیت جدید زرعی مصنوعات سے استفادہ کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ اس سلسلے میں مواخات گروپ آف کمپنیز کے پلیٹ فارم سے بائیو کروپس سائنس کی مصنوعات کے استعمال کو فروغ دینے کے حوالے سے بھی مثبت پیش رفت کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے ان مصنوعات کو استعمال کرنے اور جدید زرعی طریقوں کو اپنانے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کاشت کاروں کو ایسی مصنوعات کے انتخاب میں رہنمائی فراہم کرنا ضروری ہے جو ان کی فصلوں اور زمین کی مخصوص ضروریات سے مطابقت رکھتی ہوں ملاقات کے دوران مواخات گروپ آف کمپنیز کے ڈویلپمنٹ منیجر پنجاب مہر شکیل عابد نے زرعی شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کاشت کاروں کو جدید زرعی طریقوں سے آگاہ کرنا اور انہیں فصلوں کی بہتر نگہداشت کے لیے مناسب رہنمائی فراہم کرنا وقت کا تقاضا ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ زراعت میں بہتر نتائج کے حصول کے لیے زمین کی زرخیزی برقرار رکھنے، فصلوں کی غذائی ضروریات پوری کرنے اور زرعی مصنوعات کو ذمہ داری کے ساتھ استعمال کرنے پر توجہ دینا ضروری ہیمہر شکیل عابد کے ساتھ ہونے والی گفتگو میں اس امر پر بھی اتفاق کیا گیا کہ زراعت کی ترقی کے لیے زمینداروں، زرعی ماہرین اور جدید زرعی مصنوعات فراہم کرنے والے اداروں کے درمیان رابطے مضبوط ہونے چاہئیں، تاکہ کاشت کاروں کو بدلتے ہوئے زرعی تقاضوں کے مطابق آگاہی اور رہنمائی میسر آ سکے۔ جدید زرعی مصنوعات کے استعمال سے متعلق درست معلومات کی فراہمی اور ان کے استعمال کے مناسب طریقہ کار سے آگاہی بھی زرعی ترقی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

بقیہ | سحر | 11

نے ڈوبنے والے شخص کا سی پی آر شروع کردیا، سی پی آر کرتے ہوئے ڈی ایچ کیوسٹی ہسپتال منتقل کیا گیا لیکن جانبر نہ ہو سکا، جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت 60 سالہ غلام سرور ولد غلام سبحانی سکنہ کرپہ رام اوکاڑہ کے نام سے ہوئی۔

بقیہ | سحر | 12

سارکو ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ٹیمیں ویسٹ کی بروقت منتقلی اور صفائی کے انتظامات کو مؤثر بنانے کے لیے متحرک ہیں مختلف علاقوں میں جاری سرگرمیوں کی نگرانی کرتے ہوئے صفائی کے معیار کو بہتر بنانے اور آپریشن کے تسلسل کو برقرار رکھنے پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ محمد اکرام ملک کی ہدایات کے مطابق شہری و دیہی علاقوں میں صفائی ستھرائی کے نظام کو بہتر بنانے اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لیے اقدامات جاری ہیں سارکو انتظامیہ نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ کوڑا کرکٹ مقررہ مقامات پر ڈالیں گلیوں اور محلوں میں صفائی برقرار رکھیں اور ستھرا پنجاب کے اقدامات میں تعاون کریں تاکہ مشترکہ کوششوں سے اوکاڑہ کے شہری و دیہی علاقوں کو صاف ستھرا بنایا جاسکے

بقیہ | سحر | 13

لائیں تاکہ انہیں رہنمائی فراہم کرکے مسائل حل کیے جاسکیں۔

بقیہ | سحر | 14

کے مواقع میسر آتے ہیں۔ ڈائریکٹر فیصل آباد آرٹس کونسل عمران رضا اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر زہرہ بتول بھی موجود تھے جنہوں نے نمائش میں حصہ لینے والے تمام کیلگرافرز کی حوصلہ افزائی کی۔ آرگنائزرز گلزار بٹ، سلامت علی و دیگر بھی موجود تھے۔

بقیہ | سحر | 15

موٹر سائیکل نے عوام کا جینا حرام کردیا ہے، اس پر ٹریفک پولیس متعلقہ اداروں کی خاموشی سوالیہ نشان ہے عارف والہ اور گرد و نواح کے رہائشیوں کا کہنا ہے کہ محترمہ مریم نواز شریف صاحبہ وزیر اعلیٰ پنجاب ٹریفک پولیس اور متعلقہ اداروں کو آس پر ہدایات جاری کریں اور ڈی سی او ڈسٹرکٹ پاکپتن اسسٹنٹ کمشنر عارف والہ اس کا نوٹس لیتے ہوئے واضح عملی طور متعلقہ اداروں کو حکم جاری کریں کہ ریڑھیوں پر لگے ہیوی سپیکر ساؤنڈ سسٹم ہیوی پریشر ہارن ہیوی ایل ای ڈی لائٹس کے خلاف بھرپور مہم کا آغاز کیا جائے اور ان چیزوں کو ختم کیا جائے۔

بقیہ | سحر | 16

مزید قانونی کارروائی شروع کردی ہے۔ پولیس

بعدالت جناب میڈم نورین کوثر صاحبہ سول جج درجہ اول سرگودھا

درخواست زیر دفعہ (2)12
محمد مزمل بنام محمد حفیظ
اشتہار بنام: محمد حفیظ ولد حاجی محمد بخش بھٹی سکنہ سبحان کالونی ملٹری فارم روڈ گلی نمبر 1 مکان نمبر 7 تحصیل وضلع سرگودھا
مدعا علیہ کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ بتقرر 2026-10-26 وقت 08:00 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً حاضر عدالت ہوں ورنہ آپ کے خلاف حسب ضابطہ کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔
آج ہمارے دستخط و مہر عدالت سے جاری ہوا۔
Cr..Asif

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام شوکت علی وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ۔ اشتہار بنام:۔ شوکت علی ولد حسین محمد، عطرہ نواز بھٹی ولد محمد نواز بھٹی، محمد آصف ولد محمد یعقوب، ریاض بیگم بیوہ محمد نواز بھٹی، نذیر احمد ولد غلام محمد، نسرین دختر محمد یعقوب، اقراء نواز بھٹی دختر محمد نواز بھٹی، مہناز بھٹی دختر محمد نواز بھٹی، پروین دختر محمد یعقوب، شہناز بیگم بیوہ محمد نواز بھٹی، صغراں بیوہ محمد یعقوب، مشکور احمد ولد محمد یعقوب، اسد محمود ولد ظہور احمد، محمد ایوب ولد حسن محمد، محمد سلیم ولد محمد رفیق راجپوت بھٹی سکنائے موضع دفتوہ قصور مسئول علیہم کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 2026-10-24 کو حاضر عدالت آویں۔ بصورت دیگر کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جائے گی۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔
Cr..Bhutta

بعدالت جناب طاہر محمود انصاری صاحب سول جج درجہ اول قصور

محمد لطیف بنام چوہدری زبیر وغیرہ
دعویٰ۔ دلاپانے۔ اشتہار بنام:۔ چوہدری زبیر Co Sharer گرین سٹی ہاؤسنگ سکیم (فون نمبر 0301-4013238)، یاسر محمود باسن ولد محمد اشرف اور زگرین سٹی ہاؤسنگ سکیم سکنہ کھڈیاں خاص نزد پرانا ٹول پلازہ کھڈیاں خاص تحصیل وضلع قصور 0300-4893605، نوید احمد ولد محمد صدیق سکنہ مکہ ٹاؤن گلی نمبر 3 نزد ٹول پلازہ کھڈیاں خاص تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مدعا علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مدعا علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 2026-10-21 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

بقیہ | سحر | 17

رام اوکاڑہ کے نام سے ہوئی ہے۔ واقعے میں شہری کے نہر میں گرنے کی وجوہات معلوم نہیں ہوسکیں۔

بقیہ | سحر | 18

پھین کر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے، پولیس فرید ٹاؤن اور ہڑپہ نے دو مقدمات 392 ت پ درج کرکے تفتیش شروع کردی۔

بقیہ | سحر | 19

روڈ جھنگ کے رہائشی شاہد علی شکیل جو روزنامہ سحر لاہور سے وابستہ نمائندے نے مؤقف اختیار کیا ہے کہ اس کے گھر کے مین گیٹ کے قریب بجلی کا پول جو ایک سپورٹر کے طور پر نصب ہے، جس کے اوپر سے قریبی پاور لومز کی بجلی کی تار گزر رہی ہے۔ درخواست میں خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ اس صورت حال کے باعث بجلی کے تاروں اور متعلقہ تنصیب سے جڑے مسائل پیدا ہو رہے ہیں، جبکہ گھر کے افراد کو بھی پریشانی کا سامنا ہے درخواست گزار کے مطابق مین گیٹ میں کرنٹ آنے کی شکایت بھی سامنے آئی ہے، جس کے باعث جانی نقصان کا خدشہ ظاہر کیا گیا ہے شہری کا کہنا ہے کہ اس معاملے پر پہلے بھی متعلقہ حکام سے رابطہ کیا گیا، تاہم مسئلہ تاحال حل نہیں ہوسکا۔ درخواست میں مزید مؤقف اختیار کیا گیا ہے کہ متعلقہ S D O اشرف شہید ڈویژن فیسکو جھنگ اور دیگر متعلقہ افسران کو معاملے سے آگاہ کیا گیا، جبکہ درخواست گزار کے مطابق اس مسئلے کے حل کے لیے پہلے بھی ہدایات دی جا چکی ہیں۔ اس کے باوجود مبینہ طور پر عملی پیش رفت نہ ہونے سے شہری کو مسلسل مشکلات کا سامنا ہے۔ شہری نے اعلیٰ فیسکو حکام سے اپیل کی ہے کہ معاملے کی فوری انکوائری کرائی جائے، متعلقہ افسران سے جواب طلب کیا جائے اور بجلی کی تاروں اور تنصیب سے متعلق مسئلے کو قواعد و ضوابط کے مطابق فوری حل کیا جائے، تاکہ کسی ممکنہ حادثے سے بچا جاسکے اور شہری کو مزید دفتری چکر نہ لگانے پڑیں شہری حلقوں نے بھی مطالبہ کیا ہے کہ بجلی کی تاروں سے جڑے ممکنہ حفاظتی خطرات کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے متعلقہ حکام فوری کارروائی کریں۔

بقیہ | سحر | 20

بھی موجود تھے صوفی عبدالجلیل المعروف چاچا کرکٹ نے محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی درخواست پر اپنے فیصلے پر نظرثانی کرتے ہوئے کہا کہ انہیں دنیا بھر سے ریٹائرمنٹ کا فیصلہ واپس لینے کے لیے پیغامات موصول ہو رہے تھے تاہم محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے جس خلوص محبت اور اصرار کے ساتھ انہیں دوبارہ میدانوں میں آنے کی درخواست کی وہ ان کے لیے خصوصی اہمیت رکھتی ہے انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ وہ پاکستانی کھلاڑیوں کا حوصلہ بڑھانے اور دنیا بھر میں پاکستان کی مثبت شناخت اجاگر کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اس اعلان پر ملاقات میں شریک افراد نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ان کے فیصلے کا خیر مقدم کیا اس موقع پر محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی سے مطالبہ کیا کہ چاچا کرکٹ کی قومی خدمات پاکستان سے بے پناہ محبت اور بین الاقوامی کرکٹ میں ملک کی نمائندگی کے اعتراف میں انہیں پاکستان کرکٹ بورڈ کا باضابطہ کرکٹ ایمبیسیڈر مقرر کیا جائے انہوں نے تجویز دی کہ چاچا کرکٹ کے لیے مناسب ماہانہ مشاہرہ مقرر کرنے کے ساتھ انہیں پاکستان کے اہم بین الاقوامی میچوں میں قومی ٹیم کے ہمراہ شرکت کے مواقع بھی فراہم کیے جائیں

بقیہ | سحر | 21

والے میٹریل، لک، اور سڑک کی ہمواری کا معائنہ کیا۔ ارینج حیدر گوندل نے کہا کہ سکندر چوک انڈر پاس پر جاری پیچ ورک کے کام کو فوری طور پر بلا تاخیر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ سکندر چوک انڈر پاس روڈ شہر کی اہم ترین شاہراہ اور ٹریفک کا محور ہے، اس کی بروقت بحالی سے شہریوں کے وقت اور سفر دونوں کی بچت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی سہولت کو مدنظر رکھتے ہوئے شہر کے مختلف روڈز کی بحالی و مرمت اور پیچ ورک کا کام بھی تسلسل سے جاری ہے

بقیہ | سحر | 22

کے لیے اسکول تک کا طویل اور دشوار گزار سفر آسان بنانے کے لیے اقدامات اٹھانا اور والدین پر بے جا بوجھ کو کم کرنا ہے انکا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت غریب گھرانے کے بچوں بالخصوص بیٹیوں کی تعلیم کے فروغ کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ اس ابتدائی مرحلے کے بعد اب ضلع قصور کی طالبات میں مزید ایک ہزار مزید سائیکلیں تقسیم کی جائیں گی تاکہ زیادہ سے زیادہ طالبات اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ تقریب میں طالبات میں سائیکل ریس کا مقابلہ ہوا نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والی طالبات کی حوصلہ افزائی کے لیے وزیر تعلیم رانا سکندر حیات نے انعامات تقسیم کیئے

بقیہ | سحر | 23

جائے اور نالیوں کی صفائی کو یقینی بنایا جائے۔

بعدالت جناب سیدہ حبا حجاب اختر صاحبہ سول جج جہلم

دعویٰ تنسیخ نکاح بر بنائے خلع وغیرہ عنوان مقدمہ صباء نورین بنام امتیاز حسین اخبار اشتہار بنام امتیاز حسین ولد محمد ریاض ساکن دھنیالہ تحصیل دینہ ضلع جہلم۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہٰذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ مقررہ مورخہ 2026-10-30 بوقت 8 بجے صبح روبرو عدالت اصالتاً وکالتاً پیش ہو کر اپنا موقف پیش کریں ورنہ عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔
Cr..faraz

عاق نامہ

میں اپنے حقیقی بیٹی ردا کو بوجہ نافرمانی گستاخی اور بھاگ کر شادی کرنے پر اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد ان کے کسی بھی قول و فعل اور لین دین کا ذمہ دار نہ ہوگا، سرکاری و غیر سرکاری ادارے نوٹ فرمالیں۔ اشتہار: محمد اعظم ولد محمد شفیع ساکن علم دین بلاک محلہ معراج پارک بیگم کوٹ شاہدرہ لاہور۔
Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروز والہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع، بعنوان: مریم شان بنام وحید علی
اشتہار بنام: وحید علی ولد محمد امین ساکن سٹریٹ نمبر 8 محلہ گنج حسین آباد تحصیل وضلع نارووال بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 2026-10-22 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔
Cr..FW

بعدالت جناب مسز وردہ خان صاحبہ سول جج / با اختیارات فیملی کورٹ ضلع شیخوپورہ

مقدمہ نمبر 3290/FC مورخہ 17-09-26 سال 2026ء۔ دعویٰ تنسیخ نکاح۔ عنوان مقدمہ۔ فرزانہ کوثر بنام ظہیر الاسلام۔ اخبار اشتہار بنام۔ ظہیر الاسلام ولد مسعود احمد ساکن گلی نوبل مین والی، محلہ شاہین آباد، ضلع گوجرانوالہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنون بالا میں مدعا علیہ کو متعدد بار طلب کیا گیا ہے مگر تعمیل آسان طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار اخبار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ تاریخ 2026-10-21 بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت آکر مقدمہ کی پیروی و جوابدہی کریں۔ بصورت دیگر کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائے گی اور بعد میں کوئی عذر قابل سماعت نہ ہوگا۔ آج بدستخط ہمارے اور مہر عدالت سے جاری ہوا۔
cr...sana ullah

بعدالت جناب اسد رضا موہل صاحب تحصیلدار قصور

چوہدری محمد فرغام بنام مسرور احمد وغیرہ۔ درخواست تقسیم موضع دفتوہ مصطفیٰ آباد۔ اشتہار بنام:۔ مسرور احمد، ظہور احمد، احمد رضا، منظور احمد، عبدالرؤف پسران، ثمینہ منظور، عائشہ منظور، ثریا منظور دختران منظور احمد اقوام گجر سکنائے دفتوہ تحصیل وضلع قصور مقدمہ ہذا میں مسئول علیہم کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا ناممکن معلوم ہوتی ہے۔ لہذا مسئول علیہم کو بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ آئندہ تاریخ پیشی مورخہ 2026-10-24 بوقت 8 بجے بمقام قصور عدالت ہذا میں اصالتاً و وکالتاً حاضر آویں۔ بصورت دیگران کے خلاف کارروائی یکطرفہ عمل میں لائی جاوے گی۔ آج بدستخط ہمارے و مہر عدالت سے جاری کیا ہوا۔
Cr..Bhutta

بقیہ | سحر | 24

کئے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جارہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

بقیہ | سحر | 25

کے مطابق اس صورتحال میں ٹریفک کی روانی متاثر ہوتی ہے اور حادثات کے خطرات بڑھ جاتے ہیں۔ حالیہ حادثے میں خاتون کی ہلاکت نے شاہراہ پر ٹریفک انتظامات اور حفاظتی اقدامات کی ضرورت کو مزید اجاگر کردیا ہے۔

شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ جب ٹریفک پولیس اور پیرا فورس کی نفری علاقے میں موجود رہتی ہے تو پھر رکشہ اسٹینڈ کے باعث پیدا ہونے والی مشکلات کا مستقل حل کیوں نہیں نکالا جا رہا؟ گرین بیلٹ کے درمیان قائم کٹ بند ہونا اپنی جگہ، لیکن شاہراہ پر رکشوں کے دباؤ کو کم کرنے کے لیے بھی فوری اقدامات ضروری ہیں۔

شہریوں کا دوٹوک مؤقف ہے کہ رکشوں کا ٹھیکہ حکومت کا ہوسکتا ہے، لیکن شہریوں کی جانیں کسی ٹھیکے کا حصہ نہیں! سرکاری آمدن یا ٹھیکے کی بنیاد پر عوامی تحفظ کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ اگر موجودہ مقام پر رکشہ اسٹینڈ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بن رہا ہے تو اسے مناسب متبادل جگہ پر منتقل کیا جائے۔

اہل علاقہ نے ڈپٹی کمشنر قصور، ڈی ایس پی ٹریفک، اسسٹنٹ کمشنر اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ فیروز پور روڈ کا فوری معائنہ کیا جائے، رکشہ اسٹینڈ کو شاہراہ سے ختم یا متبادل مقام پر منتقل کیا جائے اور ٹریفک قوانین پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ | سحر | 26

تزئینی بنیادوں پر احکامات جاری کیے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی ریلیف سب سے مقدم ہے اور اس مقصد کے اصول کے لیے تمام انتظامی دفاتر کے دروازے سائلین کے لیے ہمہ وقت کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ شہریوں کے مسائل اور شکایات کی بلا تاخیر سنوائی اور ان کے موقع پر فوری حل کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ عام آدمی کو بلاوجہ کے دفاتر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ محمد اکرام ملک نے کہا کہ عوامی خادم ہونے کے ناطے شہریوں کو ہر ممکن ریلیف اور سہولت فراہم کرنا ہماری بنیادی ذمہ داری ہے۔

بقیہ | سحر | 27

اور ڈریس کوڈ پر عمل درآمد کی ہدایات جاری کیں۔

بقیہ | سحر | 28

احکامات جاری کئے۔ ڈی پی او نے پولیس اہلکاروں کو تندہی سے فرائض سرانجام دینے کی ہدایت کی۔ اس حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ پولیس اہلکاروں اور ان کی فیملیز کی ویلفیئر کیلئے تمام تر ضروری اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ کرپشن کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، محکمہ پولیس کی بدنامی کا باعث بننے والی کالی بھیڑوں کیخلاف سخت محکمانہ و قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ | سحر | 29

قاضی ظفر خان کے لیے 10 لاکھ روپے امداد، جبکہ مختلف محکموں کے لیے پانچ، پانچ لاکھ روپے کے انعامات کا اعلان کیا۔ ڈاکٹر معظم وحید شیخ کی جانب سے جھنگ میں فائیو اسٹار ہوٹل کی تعمیر شروع کرنے اور تریموں ہیڈ ورکس کو جدید تفریحی مقام بنانے کے منصوبے بھی اہم پیش رفت ہیں، جن سے شہر میں سیاحت، کاروبار اور روزگار کے مواقع بڑھنے کی امید ہے عوامی حلقوں نے ضلعی انتظامیہ، پنجاب حکومت اور متعلقہ اداروں پر زور دیا ہے کہ وہ ایسے فلاحی منصوبوں کی بھرپور حوصلہ افزائی اور معاونت کریں تاکہ جھنگ کو ایک خوشحال، ترقی یافتہ اور خوبصورت شہر بنانے کا خواب شرمندہ؟ تعبیر ہوسکے۔

بقیہ | سحر | 30

والا منتقل کردیا، جہاں سے بعدازاں پوسٹ مارٹم کے لیے تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال فورٹ عباس منتقل کردیا گیا پولیس نے مقتول کے ورثا کی مدعیت میں نامزد ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے پولیس ذرائع کے مطابق ملزمان واردات کے بعد فرار ہیں، جن کی گرفتاری کے لیے پولیس ٹیمیں مختلف مقامات پر چھاپے مار رہی ہیں واقعے کے بعد علاقے میں تشویش کی فضا پائی جارہی ہے، جبکہ پولیس کی جانب سے مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ | سحر | 31

چھتری کے موقع پر اپنے پیغام میں کیا انجینئر محمد بوٹا ملک نے کہا کہ نابینا افراد کی مدد کو اپنے معمولات زندگی کا حصہ بنانا چاہیے جہاں کہیں بھی کوئی مستحق نابینا شخص نظر آئے اسے محفوظ طریقے سے سڑک پار کرانے آمدورفت میں تعاون فراہم کرنے اور ضرورت کے مطابق مالی یا عملی مدد کرنے کے لیے آگے بڑھنا چاہیے انہوں نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اور ضرورت مند افراد کا سہارا بننا نہ صرف ہماری اخلاقی ذمہ داری ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کرنے کا بھی بہترین ذریعہ ہے

بعدالت جناب مہر النساء صاحبہ سینئر سول جج / جج گارڈین تحصیل وضلع پاکپتن شریف

عنوان، حصول سرٹیفکیٹ گارڈین
فریق اول، محمد عمران ولد یٰسین قوم عباسی سکنہ النور بلاک بائی پاس پاکپتن بنام فریق دوم شاہدہ پروین دختر محمد امین قوم عباسی سکنہ النور بلاک بائی پاس تحصیل وضلع پاکپتن شریف ہرگاہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ فریق اول نے درخواست برائے حصول سرٹیفکیٹ گارڈین دائر کر رکھا ہے جس کی بابت معتدد بار نوٹس کیا گیا مگر اطلاع یابی آسان طریقہ سے نہیں ہو رہی لہذا بذریعہ اخبار اشتہار مطلع کیا جاتا ہے آئندہ پیشی بتاریخ 22 اکتوبر 2026 صبح 8 بجے کو اصالتاً یا وکالتاً عدالت ہذا میں حاضر آویں عدم حاضری کی صورت میں یکطرفہ کارروائی عمل لائی جائیگی اور کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا
دستخط مجاز و مہر عدالت
Cr..Waqar Farid

بعدالت جناب نوید انجم صاحب سول جج فیروز والہ

درخواست سرٹیفکیٹ جانشینی، بعنوان: نثار مسیح بنام عوام الناس وغیرہ
نثار مسیح ولد ناظر مسیح ساکن محلہ اکبر پورہ نارنگ منڈی تحصیل مرید کے بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں سائل نے درخواست برائے جانشینی نسبت ترکہ بابت متوفی عدالت ہذا میں گذاری ہے کہ مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے ہونا مشکل ہے لہذا بذریعہ اشتہار ازاں مدعا علیہ کو مطلع کیا جاتا ہے کہ اگر کسی کو کوئی عذر نسبت درخواست ہذا جانشینی بحق سائل / سائلہ بالا جاری کرنے میں کوئی اعتراض ہو تو تاریخ 2026-10-20 کو اصالتاً و اکالتاً عدالت ہذا میں حاضر ہوں بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور کارروائی حسب ضابطہ عمل میں لائی جائیگی۔ بدستخط میرے اور مہر عدالت کے جاری ہوا۔
Cr..FW

بعدالت جناب اُجالا امبر صاحبہ سول جج فیملی کورٹ فیروز والہ

دعویٰ: تنسیخ نکاح بر بنائے خلع، بعنوان: جویریہ بی بی بنام علی حمزہ
اشتہار بنام: علی حمزہ ولد اختر علی ساکن محلہ حکیم پورہ منوں آباد تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ بنام مدعا علیہ۔ ہرگاہ مقدمہ عنوان بالا میں مدعا علیہ کی تعمیل عام طریقہ سے نہ ہورہی ہے اس لئے اشتہار ہذا بنام مدعا علیہ کی نام جاری کیا جاتا ہے اگر مدعا علیہ تاریخ 2026-10-31 کو بوقت صبح 8 بجے حاضر عدالت نہ ہوگا تو اس کی نسبت کارروائی یک طرفہ عمل میں آئے گی اور بعد میں کوئی عذر یا اعتراض قابل قبول نہ ہوگا آج بدستخط میرے و مہر عدالت جاری ہوا۔
Cr..FW

شہروں سے تعلق رکھنے والے مہمانانِ خصوصی اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے وابستہ شخصیات شرکت کریں گی۔ اس موقع پر ہونہار طلبہ و طالبات کی کامیابیوں کو سراہنے کے ساتھ تعلیم کی اہمیت اور نوجوان نسل کی صلاحیتوں کو نکھارنے کی ضرورت کو بھی اجاگر کیا جائے گا۔ انجمن فلاح کمبوہاں کی جانب سے ٹیلنٹ ایوارڈ تقریب کا انعقاد تعلیمی میدان میں نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبہ کی پذیرائی اور ان کی حوصلہ افزائی کے حوالے سے ایک مثبت قدم ہے۔

بقیہ | سحر | 39

انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی خدمت، دیانت داری اور علاقے کی ترقی ہی کامیاب سیاست کی اصل پہچان ہے، اور عوام کی حقیقی خدمت کرنے والے امیدوار ہی عوام کے دلوں میں جگہ بنانے میں کامیاب ہوتے ہیں۔

بقیہ

بقیہ	سحر	1

مفاہمتی یادداشت کا تبادلہ ہوا، جس میں گوتھ اے آئی نے پاکستانی اساتذہ کیلئے چار ہزار فری پریمیم سبسکرپشنز فراہم کرنیکا اعلان کیا ہے۔ پاکستان میں تعلیم کے شعبے میں مصنوعی ذہانت کے استعمال اور جدید تعلیمی سہولتوں کے فروغ کے لیے وفاقی وزارتِ تعلیم اور گوتھ اے آئی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب منعقد ہوئی، جس میں وزیراعظم شہباز شریف نے خصوصی شرکت کی۔

بقیہ	سحر	2

نے متعلقہ حکام کو ضروری اشیائے خوردونوش کی اضافی پیداوار کی برآمد میں حائل رکاوٹیں دور کرنے اور تجارت میں سہولت فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کی ہدایت کی ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے بیان کے مطابق نائب وزیراعظم کی زیر صدارت ضروری اشیائے خوردونوش کی برآمدات کا جائزہ لینے کے لیے قائم کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں ملکی رسد وطلب، مارکیٹ کی موجودہ صورتحال اور بین الاقوامی منڈیوں تک رسائی کے مواقع کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر توجہ مرکوز کی گئی کہ تجارت کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ ملک میں اشیائے ضروریہ کی مناسب دستیابی اور قیمتوں کا استحکام بھی یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں قومی غذائی تحفظ وتحقیق اور موسمیاتی تبدیلی کے وزرا، وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق باجوہ، تجارت اور قومی غذائی تحفظ وتحقیق کے سیکرٹریز سمیت وفاقی اور صوبائی محکموں کے سینئر حکام نے شرکت کی۔

بقیہ	سحر	3

شہباز شریف کے اس وژن کو اجاگر کیا جس کا مقصد پائیدار صنعتی ترقی، جدید ٹیکنالوجی کے فروغ اور معاشی خود انحصاری کے ذریعے پاکستان کو ایک مضبوط اور برآمدات پر مبنی صنعتی معیشت میں تبدیل کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کی قیادت میں پاکستان صنعتی ترقی، معاشی استحکام اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی جانب گامزن ہے۔

بقیہ	سحر	4

میں امریکا کی سابق سفارت کار رابن ریفیل، امریکی دفاعی امور کے ماہر کرنل ڈیوڈ اسمتھ اور دیگر ماہرین نے بھی شرکت کی۔ سیمینار میں پاکستان امریکا تعلقات، سفارت کاری، علاقائی استحکام، تجارت، سرمایہ کاری، دفاعی تعاون اور بدلتے عالمی نظام پر گفتگو کی گئی، شرکاء نے پاکستان امریکا تعلقات کو ماضی کے تناظر سے نکال کر مستقبل کے مشترکہ مفادات کی بنیاد پر آگے بڑھانے پر زور دیا۔ امریکا کی اعلیٰ سفارتکار رابن ریفیل نے کہا کہ پاکستان اپنی جغرافیائی اہمیت، قدرتی وسائل، نوجوان آبادی اور سفارتی اثر و رسوخ کے باعث امریکا کے لیے اہم ملک ہے

بقیہ	سحر	5

اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ کیس کے شعبہ میں مالی پائیداری کو مضبوط بنانے، آپریشنل کارکردگی میں بہتری، سرمایہ کاری کے فروغ اور صارفین کے مفادات کا تحفظ یقینی بناتے ہوئے گیس کی زیادہ مسابقتی منڈی تشکیل دینے کیلئے تمام کوششوں کو یقینی بنایا جارہا ہے۔

بقیہ	سحر	6

سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اویس لغاری کا کہنا تھا کہ رات کو دو گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کر کے عوام کو 6 روپے یونٹ کے بوجھ سے بچایا۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں انتظامی یونٹ کے قیام کیلئے پارٹی سطح پر مشاورت ہو رہی ہے، مسلم لیگ (ن) نہ صرف جنوبی پنجاب اور بہاولپور صوبوں کے قیام کیلئے اسمبلی میں قرار داد منظور کر چکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ فاروق لغاری ایئر پورٹ غیر فعال تھا، وزیراعظم سے ایئرپورٹ کی توسیع کا منصوبہ منظور کرایا ہے، ساڑھے 5 ارب روپے کی لاگت سے ایئرپورٹ توسیع منصوبہ جاری ہے، اگلے سال کے آخر تک انٹرنیشنل ایئرپورٹ آپریشنل ہوگا، رن ویز لمبے کئے جا رہے ہیں اور رات کے وقت بھی لینڈنگ ہوگی، ڈیرہ غازی خان ڈویژن سمیت قریبی دیگر صوبوں کے اضلاع سے بھی مسافر مستفید ہوں گے۔ قبل ازیں، وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے توسیعی منصوبہ کا جائزہ لیا جہاں سردار اویس لغاری کو پاکستان ایئرپورٹ اتھارٹی حکام نے توسیع منصوبہ پر بریفنگ دی۔ بریفنگ میں حکام نے بتایا کہ ایئرپورٹ پر رن وے کی توسیع اور رات کی لینڈنگ سے متعلق کام ہوگا، منصوبہ ڈیڑھ سال میں مکمل ہوگا، رن وے چھ ہزار فٹ سے بڑھا کر 10 ہزار فٹ کیا جا رہا ہے، رن ویز کی چوڑائی 30 سے بڑھا کر 45 میٹر کی جا رہی ہے۔ واضح رہے کہ فاروق لغاری ایئرپورٹ گزشتہ پانچ سال سے غیر فعال ہے۔

بقیہ	سحر	7

فیلڈ سے روانگی کے موقع پر میڈیا گفتگو کے دوران پاک فوج کی قربانیوں سے متعلق سوال پر انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ شہدا کو اپنے جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ نواز شریف نے کہا کہ جو بھی دہشت گردی کر رہے ہیں، انہیں چھوڑنا نہیں چاہیے۔ واضح رہے کہ سیکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے ضلع قلات اور گوادر میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا جبکہ پاک فوج کے میجر وجاہت وحید شہید ہو گئے۔ جامِ شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کی عمر 34 سال اور تعلق لاہور سے تھا

بقیہ	سحر	8

عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور حرمین شریفین کا تحفظ پاکستان کیلئے اولین ترجیح ہے، حرمین شریفین کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوسکتا، پاکستان کا مؤقف بالکل واضح اور دوٹوک ہے، پاکستان کا پیغام سیاسی قیادت اور فیلڈ مارشل کے ذریعے پہلے ہی سامنے آچکا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے مزید کہا کہ مقدس مقامات پر حملوں پر عوام، سیاسی اور عسکری قیادت میں شدید غم وغصہ ہے، تنازعات کے اتار چڑھاؤ کسی بھی سطح پر بڑھانے سے کسی ملک کو کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ مشرقِ وسطیٰ کے فوجی تنازع کو مزید پھیلانا کسی کے مفاد میں نہیں، مذاکرات کے ذریعے سیاسی نتیجے پر پہنچنا ناگزیر ہے، مذاکراتی حل میں ناکامی اور فوجی تصادم پر مکمل الائنس کا اجتماعی ڈیٹرنس حرکت میں آئیگا، مکمل الائنس کی قیادت اور لائحہ عمل واضح ہیکہ اس کا کوئی جارحانہ ارادہ نہیں۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیے خطے میں امن، استحکام اور خوشحالی پر یقین رکھتے ہیں، یہ اتحاد کسی خاص ملک کیخلاف نہیں، اس اتحاد کا مقصد خطے میں امن، استحکام اور سلامتی کو فروغ دینا ہے، مسلمانوں کو آپس میں لڑنیکے بجائے متحد ہونیکی ضرورت ہے۔

بقیہ	سحر	9

گاڑیوں کیلئے چارجنگ سہولیات کی توسیع اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کے فروغ کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے اس اقدام کو سراہا اور کہا کہ اس نوعیت کی شراکت داریاں جدید اور ماحول دوست انفراسٹرکچر کی ترقی کے ساتھ پاکستان کو صاف توانائی کی جانب منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ وفاقی وزیر رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان کا مستقبل پائیدار ترقی، جدید ٹیکنالوجی اور ذمہ دارانہ سرمایہ کاری سے وابستہ ہے

بقیہ	سحر	10

سیلفی بناتے ہوئے دیکھا تو برہمی کا اظہار کیا۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے کہا کہ وکیل صاحب یہ کیا کر رہے ہیں آپ، کچھ خدا کا خوف کریں، یہ عدالت ہے لہٰذا عدالت کے ڈیکورم کا کم از کم خیال رکھیں۔ وکیل کو سیلفیاں بنانے کے معاملے پر جسٹس خادم حسین سومرو سے معذرت کرنا پڑی۔

بقیہ	سحر	11

اسلام آباد ہائیکورٹ میں ہوئی جس دوران عدالت نے سونے کی اینٹوں کے عوض تقریباً 48 لاکھ روپے کی ادائیگی کی پیشکش پر عدم اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کلکٹر کو شوکاز نوٹس جاری اور 2 ہفتوں میں جواب طلب کرلیا۔ جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس ارباب محمد طاہر پر مشتمل ڈویژن بینچ نے کیس سے متعلق حکم نامہ جاری کردیا۔ واضح رہے کہ وقار النساء نامی شہری نے توہین عدالت کی درخواست دائر کر رکھی ہے۔ حکم نامے کے مطابق درخواست گزار کو سونے کی اینٹیں واپس کرنے کا حکم دیا گیا تھا، ان کے بدلے رقم ادا کرنے کا نہیں۔ درخواست گزار وکیل کے مطابق ادائیگی کے لیے سونے کی موجودہ قیمت کے بجائے 2023 کی قیمت مقرر کی گئی۔ سونے کی قیمت میں اضافے کا فائدہ ریاست کو کیوں دیا جائے جبکہ نقصان کا بوجھ درخواست گزار برداشت کرے۔ حکم نامے کے مطابق عدالت کو بتایا گیا کہ سونے کی اینٹیں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے حوالے کی جاچکی ہیں اور اب واپس حاصل نہیں کی جا سکتیں۔ کسٹمز ایکٹ کی دفعہ 169(4) ضبط شدہ اشیا کی فروخت اور حاصل شدہ رقم محفوظ رکھنے سے متعلق ہے۔ متعلقہ قانونی شق میں ضبط شدہ سونے کو ناقابلِ واپسی طور پر اسٹیٹ بینک کے حوالے کرنے کا ذکر نہیں۔ عدالت نے اپنے حکم نامے میں کہا کہ درخواست گزار کو موجودہ قیمت کے مقابلے میں کم رقم ملنے اور ریاست کو قیمت میں اضافے کا فائدہ پہنچنے کی کوئی تسلی بخش وضاحت نہیں دی گئی۔ درخواست گزار کے مطابق اسمگلنگ ثابت ہونے تک سونا ضبط نہیں کیا جاسکتا۔

بقیہ	سحر	12

وفد کے اعزاز میں پاکستانی فنکاروں نے خصوصی ثقافتی فن کا مظاہرہ کیا یہ پرفارمینس پاکستان نیشنل کونسل آف آرٹس، اسلام آباد کے آڈیٹوریم میں کی گئی۔ تقریب میں پاکستان میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر، نیشنل ہیریٹیج اینڈ کلچر ڈویژن (این ایچ سی ڈی) کی پارلیمانی سیکرٹری فرح ناز اکبر، وزارت خارجہ کے ڈائریکٹر جنرل (جنوبی ایشیاء)، این ایچ سی ڈی کے دونوں جوائنٹ سیکرٹریز، بنگلہ دیشی سفارت کاروں، این ایچ سی ڈی کے افسران اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔

بقیہ	سحر	13

اکتوبر 2026ء تک خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل (ایس آئی ایف سی) کے زیرِ اہتمام منعقد ہو رہا ہے۔ مذاکرات میں کینیڈا کا خصوصی وفد شرکت کر رہا ہے، جس کی قیادت پاکستان میں کینیڈا کے ہائی کمشنر کر رہے ہیں جبکہ پاکستانی وفد کی سربراہی سیکرٹری ایس آئی ایف سی کر رہے ہیں۔

بقیہ	سحر	14

منعقد ہوئی۔ جسٹس عامر فاروق نے جسٹس حسن اظہر رضوی سے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کا حلف لیا۔ حلف برداری کی تقریب میں ججز، عدالتی افسران، اسٹاف اور لاء افسران نے شرکت کی۔ واضح رہے کہ وفاقی آئینی عدالت کے چیف جسٹس امین الدین خان 19 سے 22 اکتوبر تک آذربائیجان میں ترک دنیا کی آئینی عدالتوں اور آئینی دائرہ اختیار رکھنے والے اداروں کی کانفرنس میں شرکت کر رہے ہیں۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی غیر موجودگی میں جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض سرانجام دیں گے۔

بقیہ	سحر	15

میں کہا کہ چھانی کا سرطان ہزاروں پاکستانی خاندانوں کو متاثر کرتا ہے اور اس کے اثرات مریضہ تک محدود نہیں رہتے بلکہ پورے خاندان کی سماجی اور جذباتی زندگی پر مرتب ہوتے ہیں۔ انہوں نے خواتین کو اپنی صحت میں ہونے والی تبدیلیوں پر توجہ دینے اور مناسب طبی مشورہ حاصل کرنے کی ترغیب دی۔ آصف علی زرداری نے کہا کہ خاندانوں اور معاشرے کو ایسا ماحول فراہم کرنا چاہیے جہاں خواتین صحت سے متعلق خدشات بلا جھجک بیان کرسکیں اور خوف یا ہچکچاہٹ کے بغیر طبی سہولیات حاصل کریں۔ انہوں نے چھاتی کے سرطان سے متاثرہ خواتین اور علاج مکمل کرانے والی مریضات کو جذباتی، سماجی اور خاندانی معاونت فراہم کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اپنے پیغام میں کہا کہ چھاتی کے سرطان سے آگاہی، بروقت تشخیص، معیاری علاج اور نگہداشت اہم مسائل ہیں۔ حکومت کا عزم ہے کہ کوئی بھی پاکستانی بیٹی علاقے یا مالی استطاعت کی وجہ سے بروقت اور معیاری علاج سے محروم نہ رہے۔

بقیہ	سحر	16

کاری کے فروغ کیلئے اہم پیشرفت سامنے آئی ہے۔ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا، دورے کے دوران سیکرٹری ایکسپٹ کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے وفد کو ون ونڈو سہولت کاری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی۔ ڈچ وفد کو کراچی انڈسٹریل پارک اور بن قاسم انڈسٹریل پارک سمیت خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس کے تحت تجارت اور کاروباری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ سے برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ ہوگا۔

بقیہ	سحر	17

حکومت کی کونسل کا اجلاس 19 اور 20 اکتوبر 2026 کو منعقد ہو رہا ہے۔ نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار تاجکستان کے وزیرِ اعظم قاہر رسول زادہ کی دعوت پر یہ دورہ کر رہے ہیں۔ ایس سی او کے سربراہان حکومت کی کونسل کے اجلاس میں بیلاروس، چین، قازقستان، کرغزستان، روس، تاجکستان اور ازبکستان کے وزرائے اعظم، ایران کے نائب صدر اور بھارت کے وزیرِ خارجہ اپنے اپنے ممالک کی نمائندگی کریں گے۔ سی ایچ جی تنظیم تعاون تنظیم کا دوسرا اعلیٰ ترین فیصلہ ساز ادارہ ہے جو تنظیم کے اقتصادی، مالیاتی، تجارت، رابطہ کاری، کاروبار، سماجی و اقتصادی تعاون اور بجٹ سے متعلق امور میں رہنمائی فراہم کرتا ہے، سی ایچ جی ایک مشترکہ اعلامیہ، بیانات اور اہم فیصلوں کی بھی منظوری دے گی۔ دورے کے دوران نائب وزیرِ اعظم و وزیرِ خارجہ تاجکستان کے صدر اور وزیرِ اعظم سے بھی ملاقات کریں گے جبکہ سی ایچ جی اجلاس کے موقع پر تنظیم تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں بھی کریں گے۔

بقیہ	سحر	18

سے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ ترک دنیا کی آئینی عدالتوں اور آئینی دائرہ اختیار رکھنے والے اداروں کی تنظیم کے ممبران کی جانب سے جولائی 2026 میں وفاقی آئینی عدالتِ پاکستان کو مبصر کی حیثیت عطا کیے جانے کے بعد عدالت کو آذربائیجان میں 19 تا 24 اکتوبر 2026 کو منعقد ہونے والے ورکنگ وزٹ میں شرکت کی دعوت دی گئی

بقیہ	سحر	19

لائحہ عمل پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اڑان پاکستان کے تحت آٹھ ترجیحی شعبوں میں کلسٹرز کی بنیاد پر ترقی اور عالمی سپلائی چینز سے مضبوط روابط قائم کرنا ہوں گے تاکہ ملک معاشی خودمختاری حاصل کرتے ہوئے اپنی ترقی کے لیے درکار وسائل خود پیدا کر سکے۔ پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف ڈویلپمنٹ اکنامکس (پائیڈ) میں پاکستان سوسائٹی آف ڈویلپمنٹ اکنامسٹس کی 39 ویں سالانہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمیں ایسا معاشی نظام تشکیل دینا ہوگا

بقیہ	سحر	20

تشخیص کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ کینسر کے خلاف آگاہی، احتیاط اور بروقت طبی معائنہ زندگی بچانے کے لیے نہایت ضروری ہے۔ ان کی ہدایت پر بریسٹ کینسر سے آگاہی کے لیے ہر ہسپتال میں خصوصی اقدامات کیے جارہے ہیں۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ لاہور میں دنیا کا سب سے بڑا نواز شریف کینسر ہسپتال تعمیر کیا جا رہا ہے، جہاں نواز شریف انسٹیٹیوٹ آف کینسر ٹریٹمنٹ اینڈ ریسرچ سینٹر میں ہر قسم کے کینسر کے علاج کو یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ	سحر	21

بنیاد پر آگے بڑھنے پر زور دیا گیا۔ امریکہ میں ہونے والے اس سیمینار میں سابق سفارت کاروں، ماہرینِ تعلیم اور دفاعی امور کے ماہرین کی شرکت کی، پاکستان کے سابق سفیر سردار مسعود خان اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق مستقل مندوب منیر اکرم بھی موجود تھے۔ سیمینار میں امریکہ کی سابق سفارت کار رابن ریفیل، امریکی دفاعی امور کے ماہر کرنل ڈیوڈ اسمتھ اور دیگر ماہرین نے بھی شرکت کی

بقیہ	سحر	22

کی طرف سے الزامات آرہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ مولانا اور ان کی جماعت نے کہا کہ ایمرجنسی کا فیصلہ معدنیات کے لیے کیا گیا، مولانا فضل الرحمان بہت زیرک سیاستدان ہیں، وہ صوبے کی سیکیورٹی پر عدم اطمینان کا اظہار کر چکے تھے، انہوں نے امریکا کا نام بھی لیا کہ ان کو لائسنس دے دیا، مولانا امریکا کے ساتھ معدنیات کا لائسنس سامنے لائیں۔ عقیل ملک نے کہا کہ امریکا یا کسی ملک کیساتھ کوئی معدنیات کا لائسنس نہیں ہوا، یہ جھوٹ اور من گھڑت بات ہے، مولانا کے الزامات کی تردید کرتے ہیں، فروری 2024 تک 3 ہزار 262 مائننگ لائسنس دیے گئے، 2024 کے بعد اب تک 4 ہزار 917 لائسنس دیے جاچکے ہیں، یہ لائسنس پی ٹی آئی نے دیے، ان کی 13 سال سیج کومت تھی۔

بقیہ	سحر	23

سرکاری عازمینِ حج کو ہدایت کی کہ وہ 20 اکتوبر تک واجبات کی ادائیگی لازمی مکمل کرلیں۔ ترجمان مذہبی امور کے مطابق عازمینِ حج واجبات کی ادائیگی کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کا حج پورٹل یا پاک حج ایپ استعمال کرسکتے ہیں، حج پورٹل پر بینک کارڈ، ون لنک یا دستی بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کی سہولت دستیاب ہے۔ ترجمان نے ہدایت کی ہے کہ حج درخواست کی منسوخی سے بچنے کے لیے واجبات مقررہ وقت کے اندر جمع کروائے جائیں۔ وزارتِ مذہبی امور کے مطابق عازمینِ حج کے لیے حج پورٹل پر موجود میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ڈاؤن لوڈ کر کے ڈاکٹر سے اس کی تصدیق کروانا بھی لازم ہے، تصدیق شدہ میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ حج پورٹل پر اپ لوڈ کرنا ضروری ہے۔

بقیہ	سحر	24

مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس حسن اظہر رضوی نے ریمارکس دیئے کہ خاتون ٹیچر نے پی ایچ ڈی کے بعد 3 سال یونیورسٹی میں کام کیا، تین سال کی میعاد پورے کرنے کے بعد یونیورسٹی خاتون ٹیچر کو ٹنگ کر رہی ہے۔ وکیل یونیورسٹی نے کہا کہ خاتون ٹیچر کو حکومت نے 56 لاکھ کی سکالرشپ دی۔

بقیہ	سحر	25

خصوصی بونڈڈ ویئر ہاسز میں لائے گئے درآمد شدہ موبیشوں کو ویلیو ایڈیشن کے عمل میں لانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لائیوسٹاک کے شعبے کی ترقی کے لئے نجی شعبے کو آگے بڑھنا چاہئے۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت لائیوسٹاک کے شعبے میں جاری اصلاحات کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد ہوا۔

بقیہ	سحر	26

دارالحکومت سیول میں منعقدہ گلوبل اے آئی اینڈ ڈیجیٹل سمٹ 2026ء میں پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ پاکستان غیر ملکی ماڈلز پر انحصار ختم کرنے کیلئے سووین اے آئی (خود مختار مصنوعی ذہانت) کے فروغ پر بھرپور توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے، یہ عالمی سمٹ کوریائی حکومت اور ورلڈ بینک کے باہمی اشتراک سے منعقد کی گئی جس میں دنیا بھر سے وزرا اور ٹیکنالوجی ماہرین نے شرکت کی۔

بقیہ	سحر	27

پر غربت میں 64 فیصد اضافہ ہوا، جبکہ یومیہ 4.20 ڈالر سے کم آمدنی کی بنیاد پر غربت کی شرح میں بھی 32 فیصد پوائنٹس کا اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ عالمی بینک نے پاکستان میں غربت بڑھنے کی بڑی وجوہات میں کورونا وبا کے اثرات، شدید مہنگائی، روپے کی قدر میں کمی، سیلاب اور طویل معاشی مشکلات کو شامل کیا ہے۔ ان عوامل کے باعث لوگوں کی آمدنی، روزگار کے مواقع اور قوت خرید متاثر ہوئی، جس سے کم آمدنی والے طبقے کی مشکلات میں اضافہ ہوا۔

بقیہ	سحر	28

ذمہ داری ہے، مشکل وقت میں ہی انسان کے ظرف اور کردار کا امتحان ہوتا ہے، اس لیے تمام ارکان کو اپنے طرزِ عمل سے پارلیمانی روایات کو برقرار رکھنا چاہیے۔ پیر کو سینیٹ میں اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیاسی معاملات کے حل کے لیے آئینی طریقہ کار کے ساتھ ساتھ سیاسی حل کی گنجائش بھی موجود ہوتی ہے۔ پارلیمنٹرینز نے مذاکرات کو کامیاب بنانے کی کوشش کی تاہم بعض سیاسی عناصر کی وجہ سے یہ کوششیں کامیاب نہ ہوسکیں۔

بقیہ	سحر	29

ایک دن باقی رہ گیا ہے اس لئے 20 اکتوبر تک لازمی مکمل کرلیں۔ پیر کو ایک بیان میں ترجمان مذہبی امور نے کہا کہ واجبات کی ادائیگی کے لیے نیشنل آئی ٹی بورڈ کا حج پورٹل یا پاک حج ایپ استعمال کریں۔ پورٹل پر ادائیگی بینک کارڈ، ون لنک یا مینول بینک چالان کے ذریعے کی جاسکتی ہے۔ حج درخواست کی منسوخی سے بچنے کے لیے واجبات بروقت جمع کروائیں۔ حج پورٹل پر موجود میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ ڈاون لوڈ کر کے ڈاکٹر سے تصدیق کروانا لازم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تصدیق شدہ میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ حج پورٹل پر اپلوڈ کرنا لازم ہے۔ عازمینِ حج نئی معلومات اور ہدایات کے لیے پاک حج ایپ لازمی استعمال کریں۔

بقیہ	سحر	30

ہے۔ قطر کے دارالحکومت دوحہ میں منعقدہ گلوبل سیکیورٹی فورم 2026 سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے دوران پاکستان نے ہمیشہ امن اور بات چیت کا راستہ چنا۔ انہوں نے اس تناظر میں پاکستان کے چیف آف ڈیفنس فورسز، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کے عالمی قائدین سے روابط اور مسلسل سفارتی کوششوں نے مذاکرات کی راہیں ہموار کیں۔ انہوں نے بتایا کہ تہران کے دوروں اور اعلیٰ سطح کے رابطوں کے نتیجے میں خطے میں کشیدگی کم کرنے میں مدد ملی، جبکہ سوئٹزرلینڈ کے لیک لوزین سمٹ میں پاکستان اور قطر نے ثالث کا اہم کردار ادا کیا۔ محسن نقوی نے مزید کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مکہ جوائنٹ ڈیفنس معاہدہ دفاعی تعاون کا مظہر ہے نہ کہ جنگ کا، کیونکہ کوئی بھی ملک اپنے پڑوس میں تنازعات کی موجودگی میں دیرپا امن حاصل نہیں کرسکتا۔

بقیہ	سحر	31

بندی سمیت مختلف شعبوں سے متعلق 9 بل پیش کر دیئے گئے، چیئرمین سینیٹ نے تمام بل متعلقہ قائمہ کمیٹیوں کے سپرد کردیئے۔ اجلاس کے دوران سینیٹر سرمد علی نے عائلی عدالتیں ترمیمی بل 2026 پیش کیا جبکہ سینیٹر زرقا سہروردی نے قومی تحفظ شجرو ماحولیاتی انصاف بل 2026 ایوان میں پیش کیا۔

بقیہ	سحر	32

سے متعلق تحقیقات کا آغاز کردیا ہے جس کا مقصد معلومات کی فراہمی میں ذمہ دار فریقین کی جانب سے ممکنہ غفلت، خامیوں یا نااہلی کی نشاندہی اور ذمہ داری کا تعین کرنا ہے۔ اس انکوائری کے تحت بطور فیلڈ ریگولیٹر پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے کردار، کنسلٹنٹ ٹو دی ایشو کی ڈیوڈ ٹیچنیس، پراسپیکٹس کی تیاری اور اس کی درستگی کی تصدیق، اور آڈیٹر کے تیار کردہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ	سحر	33

جانے سہیل آفریدی کو ناکامی کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا، سوشل میڈیا پر جو باتیں سامنے آتی ہیں اس میں کوئی حقیقت نہیں ہوتی، علی امین گنڈاپور بھی کور کمیٹی میٹنگ میں موجود تھے۔ اسد قیصر نے دعویٰ کیا کہ گورنر راج اور ایمرجنسی کا فیصلہ بہت پہلے ہوچکا تھا، مذاکرات صرف دکھاوے کے لیے کیے گئے۔

بقیہ	سحر	34

نہوں نے لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ بورڈ کی تنظیم نو کا پلان جلد از جلد پیش کرنے اور لائیوسٹاک کے لئے خصوصی بونڈڈ ویئر ہاسز میں لائے گئے درآمد شدہ مویشیوں کو ویلیو ایڈیشن کے عمل میں لانے کی ہدایت کی

بقیہ	سحر	35

نے کہا کہ اس وقت کسی سیاسی جماعت کے پاس پولیٹیکل کیپیٹل نہیں، تھوڑا یا زیادہ ملک میں اب ہر کسی کو کام کرنا ہوگا، وزیراعظم کی موجودہ کارکردگی کو سراہتا ہوں۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ یہ پارٹ ون ہے، پارٹ ٹو اور تھری بھی آئیگا، مزید گورنر راج، مارشل لا یا صدارتی نظام آنا نظر نہیں آرہا۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان کیا گر کچھ تحفظات ہیں تو حکومت انہیں دور کرے، 90 یا 180 دنوں میں گورنر راج اور ایمرجنسی ختم ہوتے نہیں دیکھ رہا۔ انہوں نے کہا کہ ملک مثبت جمہوریت کی جانب گامزن ہوچکا، سینیٹرشپ کے لیے مجھے پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم نے ووٹ دیا، ن لیگ نے مجھے ووٹ نہیں دیا، ان کے ساتھ میرا دور دور تک تعلق نہیں۔

بقیہ	سحر	36

کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اقوام متحدہ کے عالمی ادارہ خوراک (ورلڈ فوڈ پروگرام) کے اعلیٰ سطحی وفد سے ملاقات کے دوران کیا جس نے وزارت وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت میں ان سے ملاقات کی۔

بقیہ	سحر	37

عبدالعلیم خان نے کہا کہ کہ سکیورٹی فورسز کے آپریشن میں میجر وجاہت وحید کی شہادت پر پوری قوم کو فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے دفاع اور امن کے قیام کے لیے پاک فوج کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، شہداء کی قربانیاں پاکستان کے امن، سلامتی اور استحکام کی ضمانت ہیں۔ دعا ہے اللہ تعالیٰ شہید کے درجات بلند اور اہل خانہ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ	سحر	38

آگئی۔ مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے رہنما خرم بٹ نے سوشل میڈیا پر لندن میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے زیر استعمال گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کی ویڈیو شیئر کی، اس ویڈیو میں موٹر سائیکل سوار ملزمان کو گاڑی کو نقصان پہنچاتے دیکھا جاسکتا ہے اس حوالے سے خرم بٹ نے کہا پولیس واقعے کی تحقیقات کر رہی ہے، گاڑیوں کو جان بوجھ کر نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ گاڑیوں کو نقصان پہنچانے کے پیچھے سیاسی مخالفین ملوث ہیں۔

بقیہ	سحر	39

معاہدے میں دیگر اسلامی ممالک بھی شامل ہوں گے۔ حافظ طاہر محمود اشرفی کا کہنا تھا کہ امتِ مسلمہ کا اتحاد عالمِ اسلام کے امن واستحکام کی ضمانت ہے۔

بقیہ	سحر	40

ایس پی آر) کے مطابق 18 اکتوبر کو فلات کے علاقے جنگ آباد میں انٹیلی جنس بنیادوں پر آپریشن کیا گیا جس میں 4 دہشت گردوں کو ہلاک کیا گیا۔

بقیہ	سحر	41

بروقت تشخیص، موثر علاج اور خواتین کی صحت کے تحفظ کے لئے اہم ہے، اس کی درست معلومات اور بروقت تشخیص سے قیمتی جانیں بچاسکتے ہیں۔ چھاتی کے سرطان سے آگاہی کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ چھاتی کے سرطان کی علامات اور احتیاطی تدابیر سے متعلق آگاہی عام کرنے کی ضرورت ہے، خواتین کو صحت کے مسائل پر بلا جھجک بات کرنے اور بروقت طبی مشورہ لینے کی ترغیب دی جائے، چھاتی کے سرطان کی علامات کو نظرانداز کرنے کے بجائ

لاہور: پی ٹی آئی کے صدر چودھری پرویز الٰہی سے ملاقات کے بعد کامو پولیٹن کلب کے نومنتخب رکن آصف بھٹی اور دیگر کا گروپ فوٹو

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا تعلق معدنیات سے جوڑنا افسوسناک ہے، طارق فضل چوہدری

یہ طے کر لیا گیا ہے خیبر پختونخواہ کے 12 اضلاع سے دہشتگردی کا خاتمہ کس طرح کیا جائے گا، پی ٹی آئی کی لوٹ مار کے شواہد جلد سامنے لائیں گے

مانیٹرنگ کمیٹی میں شامل تمام افراد تجربہ کار اور منجھے ہوئے ہیں اور اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی امور کی انٹرویو میں گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی نافذ کرنے کا فیصلہ بڑے بوجھل دل کے ساتھ کیا گیا اور یہ وفاقی حکومت کے پاس آخری آپشن تھا، صوبے میں دہشتگردوں کے خلاف کارروائیوں کو سیاسی رنگ نہیں دینا چاہیے کیونکہ قیام امن کے بعد ہی خیبر پختونخوا میں تعمیر و ترقی کے نئے دور کا آغاز ہوگا۔ ایک انٹرویو میں گفتگو کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں ایمرجنسی کے نفاذ کو معدنیات کے معاملے سے جوڑنا افسوسناک ہے، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سکیورٹی فورسز کے جوانوں نے بے شمار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کرتے ہوئے

وقت بدل جائے گا، آج آپ کے پاس طاقت ہے، معلوم نہیں کل رہے یا نہیں، کامران مرتضیٰ

پی ٹی آئی کا وقت گزر گیا، وہ بھی ڈیزل ڈیزل کہتے تھے، اختلافات ہوتے ہیں، ذات تک نہیں جانا چاہیے، گفتگو

اختلافات ہوتے ہیں لیکن ذات تک نہیں جانا چاہیے، جس طرح یہ ذات تک پہنچ جاتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سینیٹر کامران مرتضیٰ نے کہا ہے کہ وقت بدل جائے گا، آج آپ کے پاس طاقت ہے، معلوم نہیں کل رہے گی یا نہیں۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کا وقت گزر گیا، وہ بھی ڈیزل ڈیزل کہتے تھے۔ کامران مرتضیٰ نے کہا کہ پہلے آپ کو مولانا کی ضرورت تھی، ہمارا کیا وزن رہ جاتا اگر ہم پارلیمان میں ایک بات کرتے اور باہر دوسرا موقف اپناتے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایک موقف اپناتے اور انڈر دی ٹیبل حصہ لے لیتے تو پھر ہمارا وزن کیا رہ جاتا؟ آپ اپنا ذہن استعمال کریں کہ کون سچ بول رہا ہے کون جھوٹ بول رہا ہے۔ جے یو آئی کے سینیٹر نے کہا کہ اختلافات ہوتے ہیں لیکن ذات تک نہیں جانا چاہیے، جس طرح یہ ذات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

خیبر پختونخوا میں اب تجاوزات کی کوئی جگہ نہیں، گرینڈ آپریشن شروع

ڈپٹی کمشنر پشاور کی موجودگی میں بھاری مشینری کی مدد سے درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار

ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق تجاوزات کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور رنگ روڈ پر تجاوزات کے خلاف بڑے آپریشن کا آغاز ہوگیا، گڑھی قمر دین میں درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار کی دی گئیں۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کی موجودگی میں بھاری مشینری کی مدد سے درجنوں دکانوں کی غیر قانونی تعمیرات مسمار کر دی گئیں۔ آپریشن میں پی ڈی اے سمیت دیگر متعلقہ محکموں کے اہلکار حصہ لے رہے ہیں۔ کارروائی کا مقصد رنگ روڈ اور ملحقہ علاقوں سے تجاوزات کا خاتمہ، سڑک کی حدود بحال کرنا اور ٹریفک کی روانی بہتر بنانا ہے۔ ڈپٹی کمشنر پشاور کے مطابق تجاوزات کے مکمل خاتمے تک یہ آپریشن جاری رہے گا اور غیر قانونی تعمیرات کے دوبارہ قیام کو روکنے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور: ایگزیکٹو ڈائریکٹر الحمرا محمد نواز گوندل کو ایڈیشنل سیکرٹری طیب عبداللہ سونیئر دے رہے ہیں

ضلعی انتظامیہ کا مختلف سرکاری اداروں کے باہر ٹاؤٹس کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا فیصلہ، سات ٹاؤٹس گرفتار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد میں ضلعی انتظامیہ نے مختلف سرکاری اداروں کے باہر ٹاؤٹس کے خلاف فیصلہ کن کارروائیوں کا فیصلہ کر لیا اس ضمن میں ضلعی انتظامیہ کی جانب سے تمام اسسٹنٹ کمشنرز کو کارروائیاں کرنے کی ہدایت کی گئی، اے سی شالیمار کی جانب سے پاسپورٹ آفس کے باہر سے 7 ٹاؤٹس گرفتار کر لئے گئے، اے سی انڈسٹریل ایریا نے محکمہ ایکسائز دفتر کے باہر سے 10 ٹاؤٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

تہرے قتل کا کیس، 2 مجرموں کو 3، 3 بار سزائے موت کا حکم

خوشاب (مانیٹرنگ ڈیسک) خوشاب کی سیشن کورٹ نے 3 افراد کے قتل کے کیس میں 2 مجرموں کو 3، 3 بار سزائے موت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

سردار ایاز صادق کا بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے خلاف کارروائیوں کے دوران 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے بلوچستان میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں کے دوران 4 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا۔ پیر کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے گوادر (شادی کور) (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

بیرون ملک تربیت اور ڈیپوٹیشن سے واپسی پر افسران کیلئے سخت اقدامات، ڈگری تصدیق اور مالی ضمانت لازمی قرار

اسلام آباد (اے ایف پی) اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے بیرونِ ملک اور ملک کے اندر تعلیمی پروگراموں، وظائف اور ڈیپوٹیشن سے واپس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 54)

ملتان، تیز رفتار کار سڑک پر رکھے ڈیوائیڈر سے ٹکرا گئی، 5 افراد جاں بحق

کار الٹنے کے بعد کار میں آگ لگ گئی اور حادثہ اس قدر خوفناک تھا کہ کار میں سوار پانچوں افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے، حکام

ملتان (بیورو رپورٹ) ملتان میں تیز رفتار کار حادثے کا شکار ہوگئی جس کے نتیجے میں 5 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق ملتان کے بوسن روڈ پر کار انتہائی تیز رفتاری کے باعث سڑک کے درمیان ڈیوائیڈر سے ٹکرائی اور سڑک کنارے دیوار کو توڑتے ہوئے خالی پلاٹ میں گھس گئی۔ حکام کے مطابق کار الٹنے کے بعد کار میں آگ لگ گئی اور حادثہ اس قدر خوفناک تھا کہ کار میں سوار پانچوں افراد موقع پر جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق جاں بحق افراد میں سے 3 نوجوان شجاع آباد (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

ایف سی بلوچستان کے ستمبر میں 63 فری میڈیکل کیمپس، 8 ہزار سے زائد مریض مستفید

فری میڈیکل کیمپس قلعہ سیف اللہ، ژوب، بادینی، شیرانی، مرغا فقیرزئی، پشین اور دیگر علاقوں میں لگائے گئے

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) ایف سی بلوچستان دفاعِ وطن کے ساتھ صوبے کے عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں بھی سرگرم ہے۔ ستمبر کے دوران صوبے کے دور دراز علاقوں میں 63 فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا گیا جن سے 8 ہزار 150 مریض مستفید ہوئے۔ فری میڈیکل کیمپس قلعہ سیف اللہ، ژوب، بادینی، شیرانی، مرغا فقیرزئی، پشین اور دیگر علاقوں میں لگائے گئے جہاں مریضوں کا مفت طبی معائنہ کرنے کے ساتھ انہیں علاج اور ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ میڈیکل کیمپس میں بچوں، خواتین اور بزرگ شہریوں کی صحت پر خصوصی توجہ دی گئی جبکہ مقامی آبادی کو صحت سے متعلق آگاہی بھی فراہم کی گئی۔

خوشاب، تہرے قتل کا کیس، 2 مجرموں کو 3، 3 بار سزائے موت کا حکم

دونوں مجرموں پر 30، 30 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد، شک کا فائدہ دیتے ہوئے مقدمے میں نامزد دیگر 3 ملزمان بری

خوشاب (مانیٹرنگ ڈیسک) خوشاب کی سیشن کورٹ نے 3 افراد کے قتل کے کیس میں 2 مجرموں کو 3، 3 بار سزائے موت کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج نے تہرے قتل کے مقدمے کا فیصلہ سنایا۔ عدالت نے دونوں مجرموں پر 30، 30 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا جبکہ شک کا فائدہ دیتے ہوئے مقدمے میں نامزد دیگر 3 ملزمان کو بری کر دیا۔ پولیس کے مطابق 2022ء میں وین پر فائرنگ میں 3 افراد جاں بحق اور 1 لڑکی زخمی ہوئی تھی۔ مقدمے میں نامزد 1 ملزم پولیس مقابلے کے دوران ہلاک ہو چکا ہے۔ دونوں مجرموں پر 30، 30 لاکھ روپے جرمانہ بھی عائد کر دیا۔

پاک فوج کا فلاحی اقدام، وادی لیپہ میں عوام کو مفت طبی سہولیات کی فراہمی

پاکستان و آزاد کشمیر کے مایہ ناز ڈاکٹروں اور طبی ماہرین نے شرکت کی، مختلف امراض میں مبتلا مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج

وادی لیپہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے زیر اہتمام محکمہ صحت آزاد کشمیر کے تعاون سے ایک روزہ فری میڈیکل کیمپ کا انعقاد کیا گیا۔ میڈیکل کیمپ میں پاکستان و آزاد کشمیر کے مایہ ناز ڈاکٹروں اور طبی ماہرین نے شرکت کی اور مختلف امراض میں مبتلا بڑی تعداد میں مریضوں کا مفت طبی معائنہ و علاج کیا۔ کیمپ کے ذریعے دور افتادہ وادی لیپہ کی عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی گئی، مریضوں کو طبی معائنے کے ساتھ ساتھ مفت ادویات بھی فراہم کی گئیں۔ مقامی افراد نے اس فلاحی کاوش پر پاک فوج کا خصوصی شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدامات سے دور افتادہ علاقوں میں عوام کو ان کی دہلیز پر طبی سہولیات میسر آتی ہیں۔

کوآرڈینیٹر وزارتِ صنعت و تجارت پنجاب ندیم پہلوان کے ہمراہ انچارج مسلم لیگ ہاؤس راجہ شہزاد و دیگر کا گروپ فوٹو

نومنتخب صدر مسلم لیگ کینیڈا عرفان اکرم وڑائچ کی مسلم لیگ ہاؤس آمد

کوآرڈینیٹر ندیم پہلوان اور ان کی ٹیم کا پھولوں سے شاندار استقبال

وفد نے عوامی خدمت کے ان عملی اقدامات کو سراہتے ہوئے پارٹی قیادت کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا

لاہور (خصوصی نمائندہ): مسلم لیگ ق کینیڈا کے نو منتخب صدر میاں عرفان اکرم وڑائچ (سی ای او پرائم فیڈ ملز) کی قیادت میں ایک وفد نے مسلم لیگ ہاؤس ڈیوس روڈ کا دورہ کیا۔ اس وفد میں ڈاکٹر عمران، یاسر نواز کاہلوں، شہباز کھرل اور دیگر شامل تھے۔ مسلم لیگ ہاؤس آمد پر کوآرڈینیٹر وزارت صنعت و تجارت پنجاب ندیم پہلوان ہمراہ انچارج مسلم لیگ ہاؤس راجہ شہزاد، صدر اقلیتی ونگ پنجاب پرویز مائیکل اور ندیم پہلوان کی ٹیم نے معزز مہمانوں کا پھولوں کے گلدستے پیش کر کے پرتپاک اور والہانہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 63)

پنجاب میں خفیہ کیمروں، جاسوسی آلات کی خرید و فروخت پر پابندی کا فیصلہ

خفیہ کیمروں سے لیس عینکوں، پین اور گھڑیوں سمیت دیگر ڈیوائسز کے استعمال پر بھی پابندی ہوگی

لاہور (کرائم رپورٹر) پنجاب حکومت نے جاسوسی کے لئے استعمال ہونے والے آلات پر پابندی عائد کرنے کا فیصلہ کر لیا، خفیہ کیمروں اور ریکارڈنگ آلات سے لیس عینکوں، پین، گھڑیوں اور دیگر ڈیوائسز پر مکمل پابندی ہوگی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق جاسوسی کے آلات اور خفیہ الیکٹرانک ڈیوائسز کے استعمال اور خرید و فروخت پر سخت قانونی کارروائی کی جائے گی، حکومتِ پنجاب نے شہریوں کی نجی زندگی اور ذاتی معلومات کے تحفظ کیلئے یہ اہم فیصلہ کیا۔ خاص طور پر خواتین اور بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے جاسوسی کے آلات پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق جاسوسی کے آلات کے ذریعے غیر قانونی نگرانی، ہراسانی اور بلیک میلنگ کی شکایات سامنے آئی ہیں، حکومتِ پنجاب شہریوں کے بنیادی حقوق، نجی معلومات اور ذاتی زندگی کے تحفظ کیلئے متحرک ہے، خفیہ کیمروں سے لیس روزمرہ استعمال کی اشیاء کے غیر قانونی استعمال پر سخت سزا ہوگی۔

صوبائی وزیر تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس

رنگ روڈ نادرن لوپ کے کیریج وے پر تعمیراتی و مرمتی کام کا جائزہ لیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ کی زیر صدارت اجلاس منعقد ہوا جس میں رنگ روڈ نادرن لوپ کے کیریج وے پر جاری تعمیراتی و مرمتی کام کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں رنگ روڈ اتھارٹی کے افسران نے صوبائی وزیر کو جاری کاموں کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رنگ روڈ اتھارٹی کی جانب سے نادرن لوپ کے مین کیریج وے پر سیل کوٹ کا کام جاری ہے جبکہ مین کیریج وے پر سڑک کی بحالی اور پائیداری کے لیے بھی کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ قائداعظم روڈ سے ایل ای بی پی تک سروس روڈ کی بحالی کا کام جاری ہے۔ سروس روڈ بحالی منصوبے کے پیکیج ون، ٹو اور تھری کا سب بیس کا کام مکمل کر لیا گیا ہے۔ صوبائی وزیر تعمیرات و مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ سڑکوں کی بحالی اور سفری سہولیات میں بہتری کے لیے عملی اقدامات جاری ہیں۔ رنگ روڈ اتھارٹی کی جانب سے نادرن لوپ کے مین کیریج وے پر سیل کوٹ کا کام جاری ہے۔

بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے اکنامک اینڈ انویسٹمنٹ فورم (کل) لاہور میں منعقد ہوگا

صوبے کے وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لا کر نہ صرف مقامی معیشت کو مضبوط بنایا جا سکتا ہے

عاطف اکرام شیخ، ذکی اعجاز اور بلال خان کاکڑ کی پریس کانفرنس

لاہور (کامرس رپورٹر) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) کے صدر عاطف اکرام شیخ، ریجنل چیئرمین و نائب صدر ذکی اعجاز اور بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ بلوچستان کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ وزیراعظم پاکستان شہباز شریف، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن کے مطابق بلوچستان میں سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی اور کاروباری سرگرمیوں کے نئے مواقع اجاگر کرنے کے لیے بلوچستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 69)

صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر کا پی پی 168، یو سی 109 کا دورہ

وارڈ نمبر 5 اور سینما والی گلی میں ترقیاتی کاموں کا جائزہ، اہلِ علاقہ کے مسائل سنے اور فوری حل کے لیے احکامات جاری کئے

منصوبے جلد مکمل کر کے عوام کو بہتر سہولیات فراہم کی جائیں گی، فیصل ایوب کھوکھر

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے پی پی 168 کے علاقے یو سی 109 کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے وارڈ نمبر 5 اور سینما والی گلی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا اور متعلقہ حکام سے کاموں کی پیشرفت کے حوالے سے بریفنگ حاصل کی۔ صوبائی وزیر نے سینما والی گلی میں نئی سیوریج لائن اور واٹر سپلائی کے منصوبوں کا معائنہ کیا۔ متعلقہ حکام نے انہیں بتایا کہ سیوریج لائن اور واٹر سپلائی کا کام مکمل ہو چکا ہے، جبکہ نئی سڑک کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے، جسے جلد مکمل کر لیا جائے گا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے روزمرہ مسائل کا حل حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ ترقیاتی منصوبوں کا مقصد شہریوں کو بہتر نکاسی آب، صاف پانی کی فراہمی اور معیاری سڑکوں جیسی بنیادی سہولیات فراہم کرنا ہے تاکہ عوام کو درپیش مشکلات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 72)

گھوٹکی، قومی شاہراہ پر ٹرک اور مسافر بس میں تصادم، 33 افراد زخمی

گھوٹکی (مانیٹرنگ ڈیسک) گھوٹکی میں قومی شاہراہ پر ٹرک اور مسافر بس میں تصادم کے نتیجے میں 33 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق اوورٹیک کے دوران ٹول پلازہ کے قریب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

اوگرا ٹریکنگ ایپ کے ذریعے پاکستان کسٹمز حیدرآباد کی انسدادِ اسمگلنگ کارروائیوں میں تیزی؛ تین آئل ٹینکرز تحویل میں لے لیے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے کلکٹریٹ آف کسٹمز انفورسمنٹ حیدرآباد کے ذریعے پیٹرولیم، آئل اینڈ لبریکنٹس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیشرفت

نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد کا ایس آئی ایف سی کا دورہ

ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس کے تحت تجارت اور کاروباری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا

ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ سے برآمدات، صنعتی سرگرمیوں اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ایس آئی ایف سی کے تعاون سے پاکستان میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے اہم پیش رفت سامنے آئی ہے۔ نیدرلینڈز کے سفیر رابرٹ جان سیگرٹ کی قیادت میں ڈچ کاروباری وفد نے ایس آئی ایف سی کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران سیکرٹری ایپکس کمیٹی ایس آئی ایف سی ڈاکٹر جہانزیب نے وفد کو ون ونڈو سہولت کاری اور سرمایہ کاری کے مواقع پر بریفنگ دی۔ ڈچ وفد کو کراچی انڈسٹریل پارک اور بن قاسم انڈسٹریل پارک سمیت خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کے امکانات سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں جنرلائزڈ سسٹم آف پریفرنسز پلس کے تحت تجارت اور کاروباری اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ڈچ سرمایہ کاری اور تجارتی روابط میں اضافہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

کینسر کی بروقت تشخیص اور علاج تک ریسکیو سائی خواتین کی زندگیاں بچانے کیلئے ہنگامی بلاول بھٹو

آگاہی کے ساتھ معائنے اور علاج کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے، چیئرمین پیپلز پارٹی

غریب اور دور دراز علاقوں کی خواتین کو طبی سہولیات کی منصوبہ بندی میں ترجیح دینا ہوگی، عالمی یوم آگاہی برائے چھاتی کے سرطان کے موقع پر پیغام

کراچی (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ خواتین کو چھاتی کے سرطان سے متعلق درست معلومات، بروقت تشخیص اور معیاری علاج کی سہولیات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

لاہور: لیسکو کے کوآرڈینیٹر شہباز حیدر یونین کونسل 68 میں منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پشاور، رکشے میں بیٹھی دو بہنوں کا قتل، سی سی ٹی وی فوٹیج سامنے آگئی

پشاور (بیورو رپورٹ) پشاور کے علاقے یکہ توت میں رکشے پر فائرنگ کر کے دو خواتین کو قتل کرنے کے واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج تفتیشی ٹیم نے حاصل کر لی۔ پولیس کے مطابق دونوں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

شیخوپورہ، 2 گروپوں کی ایک دوسرے پر اندھا دھند فائرنگ، 2 ملزمان گرفتار

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) شیخوپورہ میں 2 گروپوں نے ایک دوسرے پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، واقعے میں 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق گروپوں میں فائرنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

این سی سی آئی اے کا کراچی میں غیر قانونی کال سینٹر پر چھاپہ، غیر ملکیوں سے فراڈ میں ملوث 11 ملزمان گرفتار

اسلام آباد (اے ایف پی) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) کے ڈائریکٹر جنرل سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر کراچی زون نے بڑی کارروائی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

بلیو پاسپورٹس کی تعداد پاکستان کی عالمی پاسپورٹ رینکنگ، دیگر ممالک کیساتھ ویزا فری سفری معاہدوں کیلئے اہمیت رکھتی ہے، طلال چودھری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے داخلہ سینیٹر طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بلیو پاسپورٹس کی تعداد پاکستان کی عالمی پاسپورٹ رینکنگ اور دیگر ممالک کے ساتھ ویزا فری سفری معاہدوں کے لیے اہمیت رکھتی ہے، اس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

قراقرم ایکسپریس منسوخ، مسافروں کو دوسری ٹرینوں میں اکاموڈیٹ کیا گیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور سے کراچی جان والی قراقرم ایکسپریس کو منسوخ کر دیا گیا۔ ترجمان کے مطابق منسوخ ہونے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 62)

ایس ایم ایز کے قرضوں میں 33 فیصد اضافہ، فنانسنگ 943 ارب روپے تک پہنچ گئی

چھوٹے اور درمیانے کاروباری اداروں کیلئے قرضوں کی فراہمی بڑھانے کی غرض سے فنانسنگ کا ہدف ڈیڑھ کھرب روپے مقرر

کراچی (بیورو رپورٹ) ملک میں چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباری اداروں (ایس ایم ایز) کیلئے قرضوں کی فراہمی میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ سٹیٹ بینک آف پاکستان کے جاری کردہ فنانسنگ ڈیٹا کے مطابق سال 2026 کی دوسری سہ ماہی میں ایس ایم ایز کو فراہم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 59)

لاہور سمیت 4 اضلاع میں نئے سمارٹ پولیس اسٹیشنز کی تعمیر منظور

سمارٹ پولیس اسٹیشنز اور چوکیوں کی تعمیر کے منصوبوں پر مجموعی طور پر 52 کروڑ روپے خرچ ہوں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پولیس کے لیے رواں مالی سال کے دوران لاہور سمیت چار اضلاع میں چار نئے تھانوں اور چار نئی پولیس چوکیوں کی عمارتیں تعمیر کی جائیں گی۔ پولیس حکام کے مطابق سمارٹ پولیس اسٹیشنز اور چوکیوں کی تعمیر کے منصوبوں پر مجموعی طور پر 52 کروڑ روپے خرچ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 60)

چیئرمین پی آر اے معظم اقبال سپرا سے لاہور چیمبر کے وفد کی ملاقات

کاروباری رجسٹریشن اور ٹیکس نیٹ میں توسیع کیلئے لاہور چیمبر آف کامرس کا پی آر اے سے تعاون کا عزم

ٹیکس نظام کو کاروبار دوست بنانے کیلئے اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز کو اہمیت دی جائے گی، معظم اقبال سپرا

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا سے لاہور چیمبر آف کامرس کے وفد نے ملاقات کی۔ فریٹ فارورڈرز سے متعلقہ مسائل، ٹیکس امور، کاروباری برادری کو درپیش مشکلات کے حل اور ٹیکس نظام میں بہتری کے اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 61)

یورپ میں پرتشدد مظاہروں کی لپیٹ میں آ گیا فرانس، اٹلی، البانیہ، پرتگال جلاؤ گھیراؤ

بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، اسکولوں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف یورپ کے مختلف ممالک میں شروع ہونے والے احتجاجی مظاہروں نے شدت اختیار کر لی ہے

فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے ملک میں پرتشدد مظاہروں کے بعد وزیر داخلہ لوران نونیز کا استعفیٰ دینے کی پیشکش مسترد کر دی ہے

پیرس (فارن ڈیسک) بڑھتی ہوئی مہنگائی، بجلی، پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں اضافے، اسکولوں کے مسائل اور ہاؤسنگ بحران کے خلاف یورپ کے مختلف ممالک میں شروع ہونے والے احتجاجی مظاہروں نے شدت اختیار کر لی ہے، جس کے نتیجے میں فرانس، اٹلی اور البانیہ میں پولیس اور مظاہرین کے درمیان شدید جھڑپیں ہوئیں اور املاک کو نقصان پہنچایا گیا۔ فرانس کے صدر ایمانوئل میکرون نے ملک میں پرتشدد مظاہروں کے بعد وزیر داخلہ لوران نونیز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 67)

لاہور: چیئرمین بورڈ آف ڈائریکٹرز مارٹی کلچر ایجنسی لاہور غزالی سلیم بٹ بورڈ آف ڈائریکٹر کے دورے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گورنر پنجاب کی شہید میجر وجاہت وحید کو خراجِ عقیدت، نماز جنازہ میں شرکت

میجر وجاہت نے وطن میں امن کے قیام کے لیے جان قربان کی، شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سردار سلیم حیدر خان

دہشت گرد ایسے دھماکے کر کے ہماری فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے

لاہور (سٹاف رپورٹر) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے پسنی بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید کی نماز جنازہ میں شرکت کی۔ انہوں نے جام شہادت نوش کرنے والے میجر وجاہت وحید کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔ گورنر پنجاب نے شہید ہونے والے میجر وجاہت وحید کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا بھی اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ میجر وجاہت نے وطن عزیز میں امن و امان کے قیام کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ شہید میجر وجاہت سمیت تمام شہداء کے خون کا ایک ایک قطرہ وطن عزیز کے تحفظ کی ضمانت دیتا ہے۔ شہید میجر وجاہت وحید کی عظیم قربانی کو قوم ہمیشہ یاد رکھے گی۔ دہشت گرد ایسے دھماکے کر کے ہماری فورسز کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ قوم پاک فوج، سکیورٹی فورسز اور اپنے شہداء کے ساتھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 71)

لاہور: صوبائی وزیر ملک فیصل ایوب کھوکھر لاہور میں پی پی 168 یو سی 109 کے دورے کے موقع پر جاری ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لے رہے ہیں

خیبر پختونخوا میں ادبی و ثقافتی اداروں کے قیام کے لیے الحمرا کے تجربات سے استفادہ خوش آئند ہے، محمد نواز گوندل

لاہور (سٹاف رپورٹر) محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات، حکومت خیبر پختونخوا کے چار رکنی وفد نے لاہور آرٹس کونسل الحمرا کا دورہ کیا اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد نواز گوندل سے ملاقات کی۔ دورے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 68)

جم خانہ کی لیز، کرایہ داری کے معاملے پر دو روزہ اجلاس (آج) سے شروع ہوگا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب اسمبلی کی سپیشل کمیٹی کالا ہور جم خانہ کی لیز اور کرایہ داری کے معاملے پر دو روزہ اجلاس آج اور کل (منگل اور بدھ) منعقد ہوگا۔ اجلاس کی صدارت کنوینر سمیع اللہ خان کریں گے۔ اجلاس میں سینئر ممبر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 70)

ایڈیٹر: رانا خالد قمر، مینجنگ ایڈیٹر: رانا مجتبیٰ
پبلشر ملک سلیم اعوان نے پوائنٹ پرنٹرز (الجریدہ) گڑھی شاہو سے چھپوا کر LDA55/S بلاک B فیصل ٹاؤن سے شائع کیا فون: 0423-5194748
E:Mail dailysehar1@gmail.com

پنجاب میں سموگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی، 4 صنعتی یونٹس اور بھٹے سیل

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی جی ماحولیات عبداللہ نیئر شیخ کی نگرانی میں فضائی آلودگی اور سموگ کے تدارک کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری ہیں۔ ڈرون سکواڈ اور ہاک آئی فیلڈ سکواڈ آلودگی پھیلانے والے صنعتی یونٹس، اینٹوں کے بھٹوں اور کمرشل کلنگ پوائنٹس کی مسلسل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 64)

ہارٹی کلچر ایجنسی لاہور کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے اجلاس میں مالی سال 2-2026 کیلئے 9.6 ارب روپے کے بجٹ کی منظوری

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین بورڈ آف